والضاد حديث وغيرت انتهى كلامه اور لكها ملا على قارى نے شرح جزريه مين ثم
الحروف من حيث هي قسمان قمرية وشمسية وكل منهما اربعة عشر حرفا فالقمرية يجمعها
قولك ابغ حجك وخف عقيمه فيظهر لام التعريف عندها والشمسية ما عداها ويدغم لام
التعريف فيها الخ پهر لكها بعد بيان امثله اور وجه تسميه قمريه اور شمسيه كے سبب
الاظهار في الاول تباعد المخرجين وسبب الادغام في الثاني تقارب المخرجين انتهى كلامه
اب غور كرو كه جب مخرجين لام اور ثا مثلثه مين هونا مخارج دس حروف كا اور
مخرجين ضاد معجمه اور ثا مثلثه مين هونا مخارج گياره حروف كا اور مخرجين شين
معجمه اور ثا مثلثه مين هونا مخارج باره تيره حروف كا منافى قرب اور سبب بون بعيد كا
نهين هے تو مخرجين ضاد اور ظا معجمتين مين هونا مخارج دو حرف كا بطريق اولی
منافى قرب اور سبب بون بعيد كا نهين هے دوسرى يه كه اشكال مخارج ضاد
اور ظا وذال معجمات كے جدا اور عليحده هين ايك طرف كو اشكال مخارج تو حروف
مذكوره سى درميان مخرج ضاد اور مخرج ظا كے مخرج كسى حرف كا داخل نهين كيونكه
مخرج هر حرف كا حروف مذكوره سى مركب هے دو جسم سے ايك زبان دوسرا ما فوق اوسكا
دندان وغيره يعنى جب زبان اوٹهكر اپنى افوق كى طرف جاتى هے تو اون دونو كے
باهم ملنے سے ايك شكل بنتى هے اور اوس مين ايك حرف پيدا هوتا هے
سو اشكال مخارج تو حروف مذكوره كى زبان پر فوق سر دندان بالائى هوتى هين
مخصوصا اشكال مخارج طا دال مهملتين وغيره كى اندر اور ثنايا عليا كے الوثه تا اعلى

متصل ہوتی ہین یہہ حروف طرف سرون دندانکی سب کبھی نہین اوتر سے بخلاف
ظا وذال وثا معجمات ثلثہ کی کہ انکی مخارج سے اشکال مثل شکل مخرج ضاد سے کے
زبان پہنچی سرون دندان کی ہوتی ہین جیساکہ واضح ہوا یہہ سبب ذکر مخارج مین او
لکہا رضی ہین ویلیہ فی الحسن ادغامہا فی الظاء والثاء والذال لانہن من اطراف الثنایا
وقاربن مخرج الضاد وانما کان الادغام مع الطاء والتاء والدال والصاد والزاء
والسین اقوی منہ مع ہذہ الثلثة لان اللام لم ینزل الی اطراف الثنایا کما لم ینزل
الطاء واخواتہا الیہا بخلاف الثلثة انتہی کلامہ اور فوق اور تحت ہرشی مین فرق
سرثنایا ومباینت کلی ہوتی ہے اور جب معلوم ہوا کہ شکل مخرج ضاد کی مثل شکل
مخرج ظا معجمہ اور اوس کے اخوات کی زبان پر زیر دندان ایکطرف کو جدا ہی اشکال
مخارج تو حروف مذکورہ سی ثابت ہوا کہ اشکال مخارج ضاد وظاء وذال وثا معجمات کے
زبان پر زیر دندان مرتب ایک بعد دوسرے کی متصل ہین اینہن شکل مخرج کسی حرف کی
تو حروف مذکورہ سی حاصل نہین یعنے زبان پر زیر دندان فقط چار ہی حروف کے
مخارج کی شکلین ہین پہلی شکل مخرج ضاد معجمہ کے ابتدا کنارہ زبان اور طواحن سے
قریب سر زبان اور ثنایا تک ہے دوسری شکل مخرج ظا معجمہ کے درمیان سر زبان
اور ثنایا کی تیسری شکل مخرج ذال معجمہ کے درمیان سر زبان اور سر ثنا کی کچہہ
باہر کو ہوتے سر زبان کے چوتہی شکل مخرج ثا مثلثہ کی اوسی سر زبان اور سرثنایا
سی باہر ہوتی سر زبان با سرثنایا عیاست چنانکہ پارہ زبان بیرون آید الا در ثا فقط

Marfat.com

ظا سر زبان بیرون می آید انتہی کلامہ یعنی مخرج ظا کا مقدم ہے اندر کو طرف مخرج
ضاد کے مخرج ذال و ثا سے کیون حرف ظا مستعلیہ مطبقہ ہے اسکی نکلنی مین زبان
بشکل طبق ہو کے مائل طرف حنک اعلی کے ہوتی ہے یعنی اندر کو سمٹتی اور سکڑتی
ہی بخلاف ذال و ثا کہ یہہ دونو مستفلہ منفتحہ ہین انکی نکلنی مین زبان کشادہ اور پہیلی
رہتی ہے پس معلوم ہوا کہ خیر ثنایا کا زبان پر نکلنی ظا مین مغایر ہے اوس خیر ثنایا
کا جو نکلنی ذال و ثا مین ہے اور جب ثابت ہوا مقدم ہونا خیر ظا کا طرف خیر ضاد کی
خیر ذال و ثا سے تو متحقق ہوا کہ مخرج ظا کا بجمیع اقرب ہے ساتہ مخرج ضاد کی مخرج ذال
و ثا سی بلکہ مخارج جمیع حروف سی یعنی جس مرتبہ قرب و اتصال مخرج ضاد کو ساتھ مخرج
ظا کے ہے اوس مرتبہ ساتھہ مخرج کسی حرف کے
نہین ہے اور جس مرتبہ قرب و اتصال مخرج ظا کو ساتھہ مخرج ضاد کی ہی اوس
کسی حرف کی مخرج کو نہین ہے یعنی مخرج ضاد اور ظا مین مقاربت کاملہ یعنی زبان
اور دندان مین ہے باوجود اسکی جمیع صفات ذاتیہ مین جز استطالت مشترک ہین یعنی
جبکہ مخرج ضاد مین اعتماد قوی ہوتا ہی اور بسبب اوس قوت اعتماد کی تمام
سانس منخفه بصوت ہو کی حرف قوی یعنی مجہورہ نکلتا ہی اسیطرح مخرج ظا مین بہی
اعتماد قوی ہوتا ہی اور جبکہ نکلتی ضاد مین درمیان کنارہ زبان اور دندان کے
صوت جاری ہوتی ہے اسیطرح نکلنی ظا مین بہی صوت مذکور جاری ہوتی ہے
درمیان سر زبان اور سر دندان کے جریان تام اور جبکہ مخرج ضاد مین درمیان

Marfat.com

طواحن وغیرہ کی مانند ہے واسطے نکلنی نفخ صوت مذکور کے اسی طرح مخرج
ظا میں بھی منفذ ہے درمیان ثنایا کے غرض یہ ہے کہ مخرج ضاد و ظا جمیع صفات
میں متفق ہیں کہ استطالت کہ خاصہ مخرج ضاد کا ہی بسبب بعد ونا وصلہ مخرج دیگر کا نہیں
بلکہ بسبب قرب واتصال قربین مذکورین کا ہے جیسا کہ لکھا امام فخر الدین رازی نے فی الرابع
ان الظاء وان کان مخرجہ من طرف اللسان واطراف الثنایا العلیا ومخرج الضاد اول
اول حافۃ اللسان وما یلیہا من الاضراس الا انہ حصل فی الضاد انبساط لاجل رخاوتہا وبہذا
یقرب مخرجہ من مخرج الظاء انتہی کلامہ یعنی اگر مخرج ضاد میں استطالت نہیں ہوتی تو وہ
ساتھ مخرج ظاء کی قریب ومتصل نہیں ہوتا بلکہ مخرجین مذکورین بعید ہوتا پس ثابت
ہوا کہ مخرج ضاد اور ظا میں من کل الوجوہ مقاربت کاملہ اور مناسبت تامہ ہے اور
نیز خود تمہاری نقل مفتاح الرحمان وغیرہ سے سابق میں ثابت ہوچکا ہے کہ ضاد
اور ظا متجانسین ہیں اور کل متجانسین متحد المخرج ہوتی ہیں پس تمہارا مخرج ضاد
و مخرج ظا میں یوں بعید کہنا تیری نادانی ہے پس ثابت ہوا کہ مخرج ظا و مخرج
ضاد مقاربت حقیقی وحکم معا بوجہ اور ایسی سخت ہی کہ فرق اونکا کرنا اون میں
بہت مشکل اور دشوار ہے بدون مشقت کی ممکن نہیں جیسا کہ کہا شاہ عبد العزیز
صاحب نے تفسیر عزیزی میں تحت قولہ تعالی وما ہو علی الغیب بضنین باید فرق درمیان
مخرج ضاد و ظا بسیار مشکل ست اکثر خوانندگان این دیار ہر دو را یکسان می برآرند
نہ بجا ضاد ضاد میباشد ونہ بجا ظا ظا انتہی کلامہ اور جو بسبب مقاربت و متشابہت

Marfat.com

سحنی اور اشکال تحریر کے انہیں اشتباہ قدیمی سے ہے تو امر کیا امام محمد بن جزری نے
فی مقدمہ میں ظاہر میں قولہ الی الظا ولا بیمانیها تشبہ بلفظہ اخر نشر میں بدعون مشتبہ
نقل ہے جیسا مسعود انتہیٰ یعنی ہر گاہ کہ ضاد اور ظا میں بسبب مشابہت سخت اور
اشکال تحریر کے بہ نسبت حروف باقیہ کے اشتباہ واقع ہے اور
تصحیح میں ہر وقت ہی قاری کو ایک برابر سے قاری
ضاد سے ظا کے تمیز ان کلمات مشتملہ ضاد اور ظا میں جو اوّل
الامر میں مشتبہ ہے ایک ساتھ دوسری کے لفظ اور ہوا ہیں جیسا کلمہ ضل
کا قولہ تعالیٰ ضل مسعی بدعون میں مشتبہ ہے کلمہ ظل قولہ تعالیٰ ظل وجہہ مسودا کو اور نظم
کیا اصول میں اون کلمات شریف کو جو مشتمل ظا پر ہیں ہاں ظا تیون میں تا یاد
رہی قاری کو باقی کلمات قرآن شریف کہ وہ اون کے ساتھ اشتباہ رکھتی
ہیں وہ مشتمل ضاد پر ہیں جیسا کہ تمیز اور جدا کری ضاد کو ظا سی ساتھ
مخرج اور استطالہ کے یعنی ساتھ نکالنی اوس ضاد کے مستطیلا اوسکے
مخرج مستطیل سے اور جدا اور تمیز کرے ظا کو ساتھ نکالنی اوس ظا کے
قصد اوس کے مخرج حقیقی سے جیسا کہ کہا مقدمہ جزری میں ؛ والضاد
باستطالۃ ومخرج ؛ میز من الظاء وکلہا تجی ؛ فی الظعن ظل الظہر عظم الحفظ ؛ ایقظ
و انظر عظم ظہر اللفظ ؛ ظاہر لظی شواظ کظم ظلما ؛ اغلظ ظلام ظفر انتظر ظما ؛ اظفر
ظنا کیف جا وعظ سوی ؛ عضین ظل النحل زخرف سوی ظلت ظلتم بید ظل

كالحجفلانا شراتقلوا لنيلان محظورا مع المحتظر ؛ وكنت خظا وجمع الحظرة الاول

ہاں وہ اول ناخوذ وانیط لا الرعد سو دفا سرہ ؛ والحظ الحض علی الطعام ؛ وفی

ضنین الخازن الساعی ؛ قوله الظعن کقوله تعم یوم ظعنکم قوله ظل معه اپنی مشتقات

قرآن شریف میں چوبیس جا ہے کقوله تعم وظللنا علیکم الغمام قوله الظهر کقوله

تعم حین تضعون ثیابکم من الظهیرة وحین تظهرون قوله العظم ایک سونین جا کقوله

تعم ولهم عذاب عظیم قوله الحفظ چوالیس جا کقوله تعم حافظوا علی الصلوٰت قوله

الحفظ کقوله تعم ... قوله النظر ... جا کقوله تعم ولهم ینظرون وانظر

الی یوم یبعثون قوله الغظم ... جا کقوله تعم وانظر الی العظام قوله الظهر سوله جا

کقوله تعم وراء ظهورهم قوله اللفظ کقوله تعم ما یلفظ من قول قوله الظاہر نو جا کقوله

تعم یظاهرون علیهم بالاثم لیظهره علی الدین کله وذروا ظاهر الاثم فلا یظهر علی

غیبه احدا قوله لظی فی المعارج کلا انها لظی وفی اللیل نارا تلظی قوله شواظ یرسل

علیکما شواظ قوله کظم چهه جا کقوله والکاظمین الغیظ قوله ظلما دوسو اٹھتیس جا ۲۳۸

کقوله تعم فکونا من الظالمین قوله اغلظ تیره جا کقوله تعم غلیظ القلب قوله ظلام

چھبیس جا کقوله تعم وترکهم فی ظلمات لا یبصرون قوله ظفر کقوله تعم کل ذی ظفر

قوله انتظر قوله انتظر چوبیه جا کقوله تعالی قل انتظروا انا منتظرون قوله ظمائین جا

کقوله لا یصیبهم ظمأ ولا ... قوله اظهر قوله اظفر فی الفتح من

بعد ان اظفرکم قوله ظن ... ساٹھ جا کقوله تعالی الذین یظنون انهم ملاقوا ربهم

Marfat.com

وظننتم ظن السوء قولہ وعظ پچیس جا کقولہ تعالیٰ موعظة للمتقین فاعرض عنہم وعظہم اور جو کہ لفظ
عظ بالظا ساتھ لفظ عضین الذین جعلوا القرآن عضین بالضاد کی ایسی مشابہت
رکھتا ہے کہ بادی الرای میں توہم ہوتا ہے کہ یہ بھی اوسی عظ بالظا کی مشتقات
سی سے ہے تو دفع کیا توہم مذکور کو بقولہ سوی عضین قولہ ظل بمعنے دام او صار نو جا کقولہ
تعالیٰ وجہہ مسودا فی النحل والزخرف فانظر الی الٰہک الذی ظلت علیہ عاکفا فظلوا من
بعدہ یکفرون فی الروم فظلوا فیہ یعرجون فی الحجر فظلت اعناقہم فنظل لہا عاکفین سے
الشعرا فیظللن رواکد علی ظہرہ فی الشوریٰ فظلتم تفکہون فی الواقعة قولہ محظورا بمعنی المحظور
بمعنی المنع کقولہ تعالیٰ وما کان عطاء ربک محظورا فی سبحان اسرائیل وکہشیم المحتظر فی القمر
قولہ فظا کقولہ تعالیٰ لو کنت فظا قولہ النظر [illegible] جا قولہ تعالیٰ وانتم تنظرون [illegible]
لفظ ایک نضرة النعیم ویل المطففین میں دوسرا ولقاہم نضرة [illegible] اول الی [illegible]
ناظرة اولی [illegible] یومئذ ناضرة الی ربہا ناظرة قیامہ میں بالضاد ہیں انکی مشابہت [illegible]
مشتقات نظر بالظا کی ایسی بحث ہے کہ بادی الرای میں توہم ہوتا ہے کہ یہ بھی [illegible]
نظر بالظا کی مشتقات سی ہیں تو دفع کیا اوہام مذکورہ کی توہم مسطور کو بقولہ الا وجوہ [illegible]
ناظرة کی قولہ والغیظ گیارہ جا جیسا کہ لکھا ملا علی قاری نے شرح [illegible]
فی القرآن احد عشر موضعا اولہا فی آل عمران عضوا علیکم الانامل من الغیظ [illegible]
فی المبنی للذین [illegible] فی المعنی حرفان احدہما فی سورة [illegible] ثانیہما فی سورة الرعد
وما تغیض الارحام وغیرہ او نظائرہا بالضاد وانتہی کلامہ یعنی لفظ غیض [illegible]

Marfat.com

لفظ ضاد کا ظاء سے ایسی مشابہت سخت ہی کہ بادی الرای مین توہم ہوتا ہی کہ یہہ دونو
بھی اوسی کی مشتقات سے ہین تو دفع کیا امام نی توہم مذکور کو لا الدعاء وہو یقول ناصرہ کی قولہ
والخطیئات جاکقولہ تعالی یرید اللہ ان لا یجعل لہم حظا فی الآخرۃ مگر جو تین لفظ ایک ولا یحض
علی طعام المسکین الحاقہ مین دوسرا ولا یحضون علی طعام المسکین والفجر مین تیسرا ولا یحض
علی طعام المسکین ماعون مین کہ باعتماد مین ساتھ ضاد کا ظاء کی ایسی مشابہت سخت
رکھتی ہین کہ بادی الرای مین اشتباہ ہوا کہ یہہ بھی اوسی ضاد کا ظاء کے مشتقات سے
ہین تو دفع کیا اشتباہ مذکور کو امام نی اپنے قول لا الحض علی الطعام سے جیسا لکہا اسکی شرح مین
ملا علی قاری نے وباب الحظ بمعنی النصیب مستجمعۃ الفاظا و لہا فی آل عمران یرید اللہ ان لا
یجعل لہم حظا فی الاخرۃ ویشبہہ فی المبنی ویخالفہ فی المعنی ثلثۃ احرف لا رابع لہا الاول فی
قولہ تعالی ولا یحض علی طعام المسکین فی الحاقۃ والثانی فی قولہ تعالی ولا یحضون علی طعام المسکین فی
الفجر الخ انتہی کلامہ اور اسیطرح تفصیل اسکی شرح مذکور وغیرہ مین مسطور ہے
پس خلاصہ تعداد اصول مواقع ظاء کی قرآن شریف مین یہہ اوس بیس کلمہ ہین سوال مقصود
اتیاز ضاد کی ہے ظاء سے جیسا کہ ظاہر ہوتا ہے والضاد باستطالۃ ومخرج میز من الظاء قول
امام سے پس تعداد اصول ضاد کی چاہئے تہی نہ ظاء کی جواب اصول کلمات ظاء کی اقل ہین اصول
ضاد سے اور اقل اقرب ہے طرف ضبط مراد کے جیسا کہ لکہا ملا علی قاری نی وہی لتمییز عشرون
ظاء من الکلمات الواردۃ فی القرآن وانما ضبط الظاء لکونہا اقل من الضاد فہو اقرب الی ضبط المراد
انتہی کلامہ دوسرے یہہ کہ بہت لوگون نی ضاد اور ظاء مین خلط کر دیا ہی پس واسطی بچانے

Marfat.com

ضاد کی اوس ظاسے ہے کو ذکر کیا کہ وہ مختص رعنہ ہی خصوصًا جس مقام میں یہہ
دونو متلاقی ہوں وہاں پر بیان ہر ایک کا دوسرے سی لازم ہی جیسا کہ انقض ظہرک
وبعض الظالم سوال جیسا کہ اونہون نی ضاد کو ساتھہ ظا کے خلط کیا ہی ایسا ہی بہتون نے
اوسکو ساتھہ ذال و زای معجمتین کے اور بہتون نی اوسکو ساتھہ دال اور طا مہملتین کے
اور بہتون نی اوسکو ساتھہ لام کی خلط اور بدل کیا ہے جیسا کہ معلوم ہوا نشر سے اور
لکہا امام مذکور نے تمہید میں واعلم ان ہذا الحرف لیس فی الحروف اصعب علی اللسان مثله
والناس یتفاوتون فی النطق به فمنہم من یجعله ظاء لانه یشارک الظاء فی صفاتها کلها ویزید علیها
بالاستطالة فلولا الاستطالة واختلاف المخرجين لكانت ظاء وهم اكثر الشاميين وبعض اهل المشرق
وهذا لا يجوز في كلام الله تعالى لمخالفة المعنى الذي اراد الله تعالى اذ لو قلنا الضالين بالظاء كان
معناه الدائمين وهذا خلاف مراد الله تعالى وهو مبطل للصلاة لان الضلال بالضاد هو ضد
الهدى كقوله تعالى ضل من تدعون الا اياه والظلال ونحوه بالظاء هو الدوام كقوله تعالى
ظل وجهه مسودا وشبهه فمثال الذي يجعل الضاد ظاء في هذا وشبهه كالذي يبدل السين
صادا في نحو قوله تعالى واسروا النجوى واصروا واستكبروا فالاول من الاسرار والثاني من الاصرار
وحكى ابن جني في كتاب التنبيه وغيره ان من العرب من يجعل الضاد ظاء مطلقا في جميع كلامهم
وهذا غريب وفيه توسع للعامة ومنهم من لا يوصلها الى مخرجها بل يخرجها دونه ممزوجة بالطاء المهملة
لا يقدرون على غير ذلك وهم اكثر المصريين وبعض اهل المغرب ومنهم من يخرجها لاما مفخمة
وهم الزيالع ومن ضاهاهم انتهى كلامه پس وقت ملاقی ہونی ضاد سے ظا وغیرہ کو

Marfat.com

بیان لازم ہے جیساکہ لکھا اوسنے بعد مرجزریہ بین واضطر مع وعضت مع اشتم اور جب

یہ حال ہے تو تخصیص ان کلمات جمیع سوا ذظاء معجمہ کے کیا وجہ ہی جواب بسبب شدت مقاربت

مخرج اور مشابہت صفت کی ضاد اور ظاء مین فصل اور تمیز ضاد کی نفس الامر مین ظاء سی

ایسی مشکل ہے کہ اور کسی حروف سی نہین تو ناظم نے ساتھ تمیز ضاد کی ظاء سی

جیساکہ لکھا ملا علی قاری نے اس بیت کی شرح مین ؛ والضاد باستطالۃ ومخرج ؛ میز من الظاء

کلھا تجی ؛ وقد انفرد الضاد بالاستطالۃ حتی تتصل بمخرج اللام لما فیہ من قوۃ الجہر والاطباق

والاستعلاء ولیس فی الحروف ما یعسر علی اللسان مثلہ والسنۃ الناس فیہ مختلفۃ فمنہم من یخرجہ

ظاء ومنہم من یخرجہ دالا مہملۃ او معجمۃ ومنہم من یخرجہ طاء مہملۃ کالمصریین ومنہم من یشمہ ذالا

ومنہم من یشبہہا بالظاء المعجمۃ لکن لما کان تمیزہ عن الظاء مشکلا بالنسبۃ الی غیرہ امر الناظم

تمیزہ عنہ نطقا ثم بین ما جاء فی القران بالظاء لفظا انتہی کلامہ یعنی ضاد اور ظاء مین بجہت

اشکال تمیز بسبب شدت مقاربت اور مشابہت کی ضاد کو ساتھ ظاء معجمہ کے نفس الامر ایسا

اشتباہ ہے ویسا ساتھ کسی حرف طاء مہملہ وغیرہ کی نہین سے ہے جیساکہ لکھا ملا علی قاری نے

اس بیت کی شرح ؛ واضطر مع وعظت مع افضتم ؛ ای بیان الظاء والضاد لازم اذا وقعا

قبل طاء او تاء خوفا من ادغامہا حیث لا یجوز لاختلاف مخارجہا واما قول الزکریا ویلزم

بیان الضاد من الظاء فی قولہ من اضطر مع بیان الظاء من التاء الی آخرہ لیس فی محلہ اذ لا اشتباہ

بین الضاد والطاء المہملۃ ولا بین الظاء المثناۃ والتاء الفوقانیۃ حتی یسلک ما سبق من التمیز

والبیان بین الضاد والظاء المعجمتین وقد اصاب الشیخ خالد حیث قال ہہنا رجع الناظم

Marfat.com

الی ما کان بعد ورمن الاحکام المتعلقة بالتجوید انتہی کلامہ اور جب امر ایسا ہی تو ضبط کیا
ناظم نے خاص جمیع اصول ظا معجمہ کو کہ وہ متشبہ قدیم ہین یعنی ضاد اور ظا مین اشتباہ قدیم سے
ہی یہانتک کہ بعض قدماء عرب کے نزدیک انمین کچھ فرق نہین جیسا کہ معلوم ہوا ان من العرب
من یجعل الضاد ظاء مطلقا فی جمیع کلامہم عبارت تمہید سے اور لکھا حاشیہ بیضاوی مطبوعہ شاہ
جہان آبادی جو باعث بیان مخرج ضاد اور ظا مین لکھا ہی یعنی لکھا بیضاوی مین تحت قولہ
تعالی وما ہو علی الغیب بظنین بمتہم من الظنة وہی التہمة وقرء نافع وعاصم وحمزة وابن عامر
بضنین من الضن وہو البخل ای لا یبخل بالتبلیغ والتعلیم والضاد من اصل حافة اللسان
وما یلیہا من الاضراس من یمین اللسان او یسارہ والظاء من طرف اللسان والثنایا العلیا
انتہی کلامہ یعنی مخرج ضاد اور مخرج ظا مین اشارہ ہی انکی دو حرف ہونی پر اور باعث اس اشارہ
کا یہہ ہی کہ زمانہ سابق مین اکثر لوگ خصوصا اہل عجم ضاد اور ظا کو ایکحرف جانتے تھے ان
دونو مین کچھ فرق نہین جانتے تھے جیسا کہ لکھا محشی نے اسکی حاشیہ مین والباعث علی ہذہ الاشارة
ان اکثر الناس خصوصا العجم کانوا فی الزمان الاول لا یعلمون الفرق بینہما لقلة انتشار العلوم
وعدم تدوین الکتب فی ہذا الفن فنبہ ہہنا علی ان لا یتوہم القارئین واحدة انتہی کلامہ
پس جب ضاد اور ظا مین تمیز سخت و دشوار و اشتباہ قدیم سے ہے تو بجاے ضاد کی ظا پڑھنے سے
نماز فاسد نہین ہوتی اگرچہ معنی متغیر ہو جاوین قیاس یہہ ہے کہ اگر بجاے ایکحرف کے دوسرا حرف
پڑھنے سے معنی متغیر ہو جاتو نماز فاسد ہو جاتی ہے جیسا کہ قول ہی علامہ نہا کا تا ضاد اور
ظا مین بسبب شدت مقاربت و مشابہت اور اشتباہ قدیم کے فصل و تمیز مشکل و دشوار ہے

Marfat.com

موجب حرج کا ہے عام میں خصوصًا حق اہل عجم میں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہی لا یکلف اللہ نفسا
الا وسعها وما جعل علیکم فی الدین من حرج اور ابو داؤد میں انس رضی اللہ عنہ سے ہے ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول لا تشددوا علی انفسکم فیشدد اللہ علیکم فان قوما شددوا علی
انفسهم فشدد اللہ علیهم الحدیث اسیواسطے فقہاء نے دفع حرج کی استحسان مختار بدل ضاد اور ظا میں
باوجود تغییر معنی کی فساد صلوٰۃ ہی نہیں دیا کہ لکھا فتاوی تاتارخانی میں وفی الخانیۃ لو قرا الظالین
بالظاء مکان الضاد او بالذال لا تفسد صلوته ولو قرا الدالین بالدال تفسد او بالضاد مکان الظاء
فالقیاس ان تفسد صلوته وہو قول عامۃ المشایخ واستحسن بعض مشایخنا وقالوا بعدم الفساد
لا فرق فی حق العامۃ خصوصًا العجم وہذا فی الحروف المتقاربۃ فی المخرج انتہی کلامہ پس اسیواسطے
تعقب کیا امام محمد بن یوسف نے فی ہذا خلاف مراد اللہ تعالیٰ وہو مبطل للصلوٰۃ کما انہ نقل روایت
امام ابن جنی کی ان من العرب من یجعل الضاد ظاء مطلقا فی جمیع کلامہم وہذا قریب فیہ توسع للعوام
انتہی یعنی اسمیں اشارہ ہی طرف عدم تسلیم قول بابطال صلوٰۃ کی ورنہ الاصح نہیں ہوتا قول او
وہذا اقرب وفیہ توسع للعامۃ جیسا کہ تعاقب کیا ملا علی قاری نے شرح جزریہ میں اقوال قوم
بابطال صلوٰۃ کو بقولہ اقول وفیہ خلاف الدلیل فی ہذا المعنی وخلاصۃ المرام ما ذکرہ ابن الہمام من ان
الفصل ان کان بلا مشقۃ کالطاء مع الصاد فقرا الطالحات مکان الصالحات تفسد وان کان
بمشقۃ کالظاء مع الضاد والصاد مع السین والطاء مع التاء قیل تفسد وقال اکثرہم لا تفسد انتہی کلامہ
ہو اسیطرح درمختار وغیرہ میں ہے اور لکھا فتاوی عالمگیری میں قال اکثرہم لا تفسد صلوتہ ہکذا فی
فتاوی قاضیخان واکثر من المشایخ افتوا بہ انتہی کلامہ بخلاف اوس دو واو قطعیہ وقصیرہ وقلقلہ شدہ

غیر منفوخہ وغیرہ کی کہ جسکو تم اور قرا اکثر دیار وامصار و حرمین شریفین کی بجای ضاد حافیہ صریحہ

متطلہ ساکنہ رخوہ منفوخہ وغیرہ کی پڑہتی ہو بنتیک وہ دال مہملہ ہی جیسا کہ واضح ہی سابق میں

وہ مفسد صلوۃ ہی عند الکل وقت تغیر معنی کے کیونکہ فصل وتمیز ضاد معجمہ اور اوس دوادینی دال مہملہ

مین بلا مشقت ہی سہل و آسان مثل فصل صاد مہموسہ رخوہ ساکنہ صفیریہ اور طا مجہورہ شدیدہ قلقلہ

غیر صفیریہ کی اور جو فصل حرفین مین فصل بلا مشقت ہی اگر اونمین سی ایک کو بجای دوسری کے

پڑہی اور معنی متغیر ہو جاے تو نماز فاسد ہو جاتی ہی عند الکل جیسا کہ لکہا فتاوی عالمگیری مین وان

غیر المعنی فان امکن الفصل بین الحرفین من غیر مشقۃ کالطاء مع الصاد فقرا الطالحات مکان الصالحات

تفسد صلوتہ عند الکل انتہی کلامہ اور اسیطرح فتاوی قاضیخان وغیرہ میں ہے اور دوسری جو شخص

مقاربت ومشابہت ضاد کا ظا ہی انکار کرتا ہی اور اوس کو بصوت دال مہملہ وغیرہ پڑہتا ہی تو بیشک

وہ انکار کرتا ہی صدہا الفاظ اور کلمات قرآنیہ کا اور داخل کرتا ہی وہ اونکی عوض مین صدہا الفاظ غیر قرآنیہ کو

قرات قرآن شریف میں اور زعم کرتا ہی وہ اونکو الفاظ وکلمات قرآنیہ اعوذ باللہ منہا مثلا جس شخص نے

انکار کیا مقاربت ومشابہت ضل من یدعون کا ظل وجہہ سے و لا یحض علی طعام المسکین کا حظ بالظا

وغیض الماء کا غیظ بالظا سے اور وجوہ یومئذ ناضرۃ کا ناظرۃ بالظا سے اور نضرۃ النعیم کا نظرۃ بالظا

سے اور تلفظ کیا اونہی الفاظ مذکورہ کو بصوت دل من یدعون ولا یحد علی طعام المسکین وغید الما

وناد رۃ ندرۃ النعیم تفخیم دال تو بیشک اوس نے انکار کیا الفاظ اور کلمات قرآنیہ مذکورہ کا اور شمار کیا

اونہی الفاظ اور کلمات غیر قرآنیہ کو قرآن شریف سے کیونکہ لفظ اوس صوت کو کہتی ہین جو اعتماد پاتا

ہی مخارج پر ایک حرف سی ہو یا زیادہ سی پس تغیر صوت کو تغیر لفظ لازم ہے اور حقیقت

Marfat.com

قرآن نام اون الفاظ اور کلمات کا ہی جو مقرر ہوتی ہین زبانوں عباد پر کلام اللہ تعالے سے معہ اون کے معنی کے نہ فقط خط و کتابت کا جیساکہ لکھا علامہ سعد الدین فی تلویح مین والقرآن فی اللغۃ مصدر بمعنی القراۃ غلب فی العرف العام علی المجموع المعین من کلام اللہ تعالے المقرؤ علی السنۃ العباد انتہی کلامہ اور اوسی تلویح مین ہے لان الکتابۃ والنقل لیسا من اللوازم لتحقق القرآن بدونہما فی زمن النبی صلعم انتہی کلامہ اور اوسے تلویح مین ہے بخلاف من اخذ یلحق بالمصحف آیات مثل ان یکتب فی اول کل سورۃ الحمد للہ رب العالمین فانہ یعذر بذیقنا اور رجہونا انتہی کلامہ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب فقط

تمت بالخیر

شکر صد ہزار شکر بدرگاہ کارساز کہ موسوم بمیزان حروف الہجا فی متشابہۃ الضاد والظا بحسن سعی تمام و تصحیح مالا کلام در مطبع بدر الدجی باہتمام خواجہ قمر الدین خانصاحب الطباع یافت بتاریخ یکم رمضان المبارک سنہ ۱۲۸۷ ہجری نبوی

فقط

م م

Marfat.com

اشتہار واجب الاظہار

کافۂ اہل اسلام خرد و بزرگ ادنیٰ و اعلیٰ جاہل و عالم امتِ حضرت محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کو معلوم ہووے کہ سنہ ۱۲۸۲ ہجری مین ایک سید علوی صاحب باشندہ
مرادہ واقعہ ملک عرب نے اپنے مریدون اور بچون کے وظیفہ کے لئے کلمہ شہادت اور اسکی
معنی زبان اردو اور سندہی مین معرفت عبدالشکور کاروانی کی چھپواکر بمبی مین تقسیم
کیا اور ثواب عظیم اخروی لیا جسوقت خیرالدین واعظی انس مسجد کو اسکے چھپانیکی خبر ہوئی
تب ایک کلمہ مطبوع اپنے پاس منگواکر پڑھکر برسر منبر اسکے چھاپنے چھپانے پڑھنے والیکو
وہابی کافر فرمایا اور بقدر شور دھند مچایا کہ کئی مہینے تک تمام بمبی سر پر اٹھایا تینون
شخصون کی عورتون کے حق مین فتویٰ طلاق دیا اور انکو بہت ہی رسوا کیا اسلئے سید
علوی موصوف اور حاجی محمد حسین سندی شیخ ہند مشہوران دونون نے مکہ معظمہ کے چارون
مذہب کے مفتیون سے اس مقدمہ مین سوال کیا انھون نے جو فتویٰ جواب خیرالدین کے
حق مین دیا اور وہ فتویٰ چھپ گیا تھا اور اس فتویکا اشارہ ہمنے پہلے اشتہار مین کیا تھا
سو اب وہ اصل تحریر شہادت سید موصوف کا چھپایا ہوا اور چارون مفتیون مکہ معظمہ کا وہ
فتویٰ اور ترجمہ اردو مع سوال چھپواکر جاری کئے جاتے ہین سب بھائی مسلمان شہر بمبی کو چاہئے
کہ انکو لیکر نظر انصاف سے اسکی عبارت اور معنی مین بخوبی غور کرین تاکہ خیرالدین واعظی کا
مومن اور عاشق رسول اللہ ہونا ظاہر ہووے اور یہہ فتنہ بیدار اور شعلہ شرربار رحمت اور
غیرت دینی سے رئیسون دیندار بمبی کے گل ہووے اور سوئے ہر تمامی دین اور مددگار حق
المبین کو اجر عظیم حاصل ہووے بھائیو دیندار و کوشش کرنا خدا کے واسطے تمام مسلمانون پر
ضرور ہے اور کنارہ کرنا دین کی بات سے شرعاً عقل سے دور ہے اسلئے کہ اگر مسلمان بھائی
اس کار دین مین کوشش نہ کرین تو ضرور بے علمون کا عقیدہ واعظی صاحب کے بہکانے سے

Marfat.com

بگڑ جائیگا اور ہر بے علم اندہیری گمراہی ہین نکرین کہائیگا اللہ تعالیٰ وتعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان حاصل مطلب اس آیت کا یہہ ہی کہ ای مسلمانو مدد کرو تم نیک کام کی ۔ آگے اختیار ہی ہمکو خبر کرنا خدا کے واسطے چارناچاری

النقل مطابق الاصل

یا اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم	یا محمد

وصلی اللہ علی سیدنا محمد خاتم النبیین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

فاعلم انہ اول ما یجب علی الانسان الناطق النطق بالشہادتین

پس بوجھ تو کہ ہر آئینہ وہ جو واجب ہے اوپر انسان بولنے والے کے بولنا شہادت دو کی

مع التصدیق وان یعلم معناہما وہی اشہد ان لا الہ الا اللہ و

ساتھ سچ جاننے دل کے اور بوجھے معنے اُسکے اور وہ یہہ ہی کہ شاہدی دیتا ہون مین کہ نہین کوئی معبود ہے لائق عبادت کے

اشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ ومعنی اشہد ان لا الہ الا اللہ اعلم

شاہدی دیتا ہون مین کہ حضرت محمد بندے اُسکے او بہیجے اُسکے ہین او معنے اشہد ان لا الہ الا اللہ کے یہہ ہین کہ نہین کوئی معبود لائق عبادت کے

واعتقد بنفسی وابین لغیری ان لا معبود بحق فی الوجود الا اللہ و

اور اعتقاد رکھتا ہون مین ساتھ نفس اپنے کے اور بیان کرتا ہون مین واسطے دوسرون کے کہ نہین کوئی معبود بحق وجود کے مگر اللہ تعالیٰ اور

انہ الغنی عما سواہ المفتقر الیہ کل ما عداہ لم یتخذ صاحبۃ ولا ولدا

تحقیق اللہ تعالیٰ بے پرواہ ہی غیر اپنے سے محتاج ہی ہر کوئی اسکا وہ جو سوا اسکے ہی اور نہ رکھتا ہی عورت اور نہ فرزند

ولا مماثل فی ذاتہ وصفاتہ وافعالہ احدا متصف بکل کمال منزہ

اور نہین مثل رکھتا درمیان ذات اپنی اور صفات اپنی اور افعال اپنے کے کوئی ایک صفت کیا گیا ہی ساتھ ہر کمال کے پاک ہے

عن

Marfat.com

عَنْ كُلِّ نَقْصٍ وَمَا خَطَرَ بِالْبَالِ ✤ وَمَعْنَى أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ

ہر نقصان اور ہر عیب سے اور جو خطر ساتھ دل کے ہو اور معنے اشہد ان محمداً رسول اللہ کی یوں ہے کہ محمد بھیجا

اللهِ ✤ أَعْلَمُ وَأَعْتَقِدُ بِنَفْسِي وَأُبَيِّنُ لِغَيْرِي أَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَ بْنَ

اللہ کا ہے بوجھتا ہوں میں اور یقین لاتا ہوں میں ساتھ ذات اپنی کے اور بیان کرتا ہوں میں واسطے دوسروں کے کہ تحقیق سردار ہمارے محمد

عَبْدِ اللهِ عَبْدُ اللهِ وَرَسُولُهُ إِلَى كَافَّةِ الْخَلْقِ أَكْمَلُ النَّاسِ خَلْقًا

فرزند عبد اللہ کے بندے خدا کے اور بھیجے ہوئے اسکے ہیں طرف تمام مخلوقات کے کامل ہیں آدمیوں میں کامل صورت میں

وَخُلُقًا وُلِدَ بِمَكَّةَ وَبُعِثَ بِهَا وَهَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ وَدُفِنَ بِهَا

اور کامل ہیں سیرت میں اور پیدا ہوئے مکے شریف میں اور نبی ہوئے مکے میں اور ہجرت کی طرف مدینہ منورہ کے اور مدفون ہوئے اسمیں

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا كَثِيرًا

درود بھیجے اللہ تعالیٰ اوپر اسکے اور اوپر آل اسکے اور اوپر تمام اصحاب اسکے اور سلامتی کثرت سلامتی کرنا

نقل استفتا و دستخط | بسم اللہ الرحمن الرحیم | علما مکہ معظمہ

ما قول سادا تنا العلماء المعظمين المفتين ببلد الله الامين فى رجل من السادة العلويين ومن اهل العلم المكرمين كتب كلمتى الشهادة واوضح من معناها ما اراده وقصد بذلك تعليم العوام وتقريب المعنى للافهام وطبعها فى اوراق ونشرها فى الآفاق وصورة ما حرره ولفظ ما سطره **هذا** وصلى الله على سيدنا محمد خاتم النبيين وعلى آله وصحبه اجمعين **فاعلم** انه اول ما يجب على الانسان الناطق النطق بالشهادتين مع التصديق وان يعلم معناها وهى اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده ورسوله ومعنى اشهد ان لا اله الا الله اعلم واعتقد بنفسى وابين لغيرى ان لا معبود بحق فى الوجود الا الله وانه الغنى عما سواه المفتقر اليه كل ما عداه لم يتخذ صاحبة ولا ولدا

Marfat.com

ولا یماثل فی ذاته وصفاته وافعاله احدًا متصف بکل کمال منزّہ عن کل نقص و زوال و ما خطر بالبال د معنی اشہد ان محمدًا رسول اللہ اعلم واعتقد بنفسی وابیّن لغیری ان سیّدنا محمد بن عبد اللہ عبدُ اللہ و رسولہ الی کافۃ الخلق اکمل الناس خَلقا وخُلقا وُلد بمکۃ وبُعث بہا وہاجر الی المدینۃ ودفن بہا صلّی اللہ علیہ وعلٰی اٰلہ وصحبہ وسلّم تسلیما کثیرًا فقام بعض اہل الدیار الہندیۃ منہم مولوی خیر الدین واظہروا علیہ العصبیۃ وحکموہ بکفرہ وغیروا من امرہ وحکموا علی زوجتہ بالطلاق وعلی مَن قرأہا بالکفر والنفاق واوقعوا فی ہٰذا الشقاق وسلبوا عنہ وصف الوفاق فہل کلامہم مردود وقولہم لایقبل وحقہ الجحود وکلام السیّد العلوی مقبول ولایقابل بانکار بل یتلقی بالقبول وہل یلزم اعتقاد المعنی المذکور للفظ المحرر المسطور و ما حکم من کفر المسلمین وادی سیّدا من اہل بیت سیّد المرسلین افیدوا الجواب بالتفصیل والاطناب لانہ حصل امر عظیم وافتتان جسیم وبجوابکم ینحسم وبکلامکم ینختم +

استفتا

کیا فرماتے ہین علمای کرام و فقہای عظام بلدہ بیت الحرام کے اس باب مین کہ ایک شخص سید بزرگوار و اہل علم عالی وقار نے کلمہ شہادت کی معنی بنظر فائدہ عام مفصل چھپوا کر مشہور کیا چنانچہ اس عبارت کا حاصل معنی یہہ ہی کہ اول انسان پر واجب ہے کہ تصدیق دل سے کہے اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ یعنے مین جانتا ہون اور اعتقاد کرتا ہون اپنے جی سے کہ نہین کوئی معبود برحق مگر اللہ اور وہ کسیکا محتاج نہین سب اسکے محتاج ہین اور نہ اُسے جورو ہی نہ فرزند اور نہین اُسکے جیسا ذات و صفات مین کوئی موصوف ہے باوصاف کمال اور پاک ہے از ہر نقص و زوال اور جانتا ہون مین کہ سیدنا محمدؐ رسول اللہ اللہ کے بندے اور اُسکے رسول ہین سب خلقت کیطرف پیدا ہوئے مکہ معظمہ مین اور

مبعوث

Marfat.com

مبعوث بھی وہین ہوئے اور ہجرت کی مدینہ منورہ کیطرف اور مدفون بھی وہین ہوئے صلوۃ
وسلام انپر اور انکی آل واصحاب پر سو بعضے ہندی اُنہین سے مولوی خیر الدین نے از راہ
تعصب کے انکو کافر کہا اور انکی بی بی پر طلاق کا حکم کیا اور اُسکے پڑھنے والونکو بھی کافر منافق
کہا پس آیا کلام ان غلو کرنیوالونکا مردود اور عبارت اس سید بزرگ کی مقبول ہے یا نہین
اور مسلمانونکو کافر کہنے اور سید کو ایذا دینے کی کیا سزا ہے

الجواب

الحمد لله رب العالمين رب زدني علما نسئلك اللهم هداية للصواب
وارشادًا لصحيح الجواب ونتباعدًا عن طرق الخلل ومداحض الزلل ما اجابه
السيد الجليل والكهف النبيل هو الحق الصريح والنص الفصيح واعلموا ان قوله
انه اول ما يجب على الانسان الناطق النطق الخ كلام لا اعتراض عليه فيه اذ
لا يكون الاعتراض في ذلك الا من جويهل سفيه لان كثيرا ما تقع الاولية
نسبية من غير تردد في ذلك ولا مرية واما تفسيره كلمتي الشهادتين بكل ا
سطر فهو حق بلا مين وما فسر به الشهادة هو المطابق لما ذكره العلماء الاعلام
في مبحث علم الكلام وقوله اعلموا واعتقدوا ان لا معبود الخ هو المعنى المطابقي لها
وقوله انه الغني عما سواه هو الموافق لمعناه الالتزامي قال المولانا السيد
الصاوي في حواشيه على جوهرة اللقاني فمعنى لا اله الا الله المطابقي لا معبود
بحق الا الله ومعناها الالتزامي المستغني عن كل ما سواه المفتقر اليه كل ما
عداه الا الله. وقوله لم يتخذ صاحبة ولا ولدا نطق به فصيح الكتاب الذي من
وصف انه لا ياتيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه قال تعالى وهو
اللطيف الخبير لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد ليس كمثله شيء وهو
السميع البصير يجب اتصافه بكل كمال وتنزيهه عن كل نقص وزوال وكل ما خطر

Marfat.com

بما لك فالله بخلاف ذلك وكذا كل ما شرح به الشق الثانی لامرية فی حقيته
اذ اعتقاد نبوته العامة لكافة الخلق بشيرا ونذيرا واعتقاد نسبه الشريف
وانه ولد بمكة من الواجبات الاسلامية باجماع المسلمين واتفاق المتكلمين
وعلى كل فكل ما ذكره المجيب المذكور ضاعف الله له سوابغ الاجور هو الحق الذی
يعض عليه بالنواجذ ويعجز عن تقريره كل جهول عاجز لعمرك ما يدری ما دحاها
ولا من اين مجراها ومرساها فما صدر عليه من التعصب والحكم بكفره وطلاق
زوجته فكله كلام باطل مردود وقول زور لا يقبل وحقه الجحود وكلام السيد
المذكور هو المقبول ولا يسوغ لموحد انكاره بل يجب عليه ان يتلقاه بالقبول و
حاكم [illegible] مسلما التعزير الشديد والحبس المديد اللائق به الزاجر له
ولامثاله عن اعتراف مثله وخصوصا التعرض لاهلبيت الرسول سلالة الزهرا
البتول فالواجب على حكام الانام وقضاة الاسلام ردع هذا الضال المضل و
المعاند المبطل الخارج عن جادة الصواب والحق الثابت بنص الكتاب بل منكر
ما ذكر من الاحكام هو الكافر الخارج عن محجة الاسلام اذ كما علمت لا اعتقاد سواه
ولا يتحلى المتحلی بوصف مغاير لمعناه فنسئل الله الهداية وتجنب طرق الغواية هو
الهادی للنور وعليه اعتماد الجميع فی جميع الامور والله سبحانه تعالى اعلم
امر برقمه الراجی لطف ربه الخفی جمال بن عبد الله شيخ عمر الحنفی مفتی مكة المكرمة

حامدا مصليا مسلما	جواب مفتی حنفی حال مكه معظمه كا	حالا كان الله لهما

سید بزرگوار کا قول حق وصحیح ہی بجز نادان جاہل کے کسیکا اسپر اعتراض نہین تفسیر کلمہ شہادت
کی مطابق قول علمائے سلف کے اور تفاسیر خلف کے ہی اسکی مضامین کو دانتون سے پکڑا چاہیے
اُسکے معترض جاہل کا مذہب ومشرب نہین معلوم کہ کیا ہی اُسنے جو تعصب سے حکم کفر کا اور
اسکی بی بی پر طلاق کا کیا یہہ سب کلام اسکا مردود باطل ہی اور کلام سید موصوف کا مقبول

Marfat.com

وحق ہی اور مسلمان کو کافر کہنے کی سزا تعزیر شدید اور قید مدید ہی اور جو ایذا دیا آل
رسول و اولاد بتول کو سو حکّام وقت و قضاۃ مسلمین کو لازم ہی کہ ایسے گمراہ و باطل کو
ڈانٹیں کیونکہ وہ معترض دایرہ اسلام سے خارج ہی صلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ واصحابہ
اجمعین فقط امیدوار برحمت اکبر شیخ جمال بن عبد اللہ شیخ عمر حنفی مکہ معظمہ مفتی حال

هذه التحرير لمفتي الشافعية بمكة المشرفة

الحمد لله وحده وصلى الله وسلم على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه السالكين
نهجه اما بعد اللهم اسئلك هداية للصواب قد اطلعت على هذا الجواب الذي
اجاب به مولانا مفتي السادة الاحناف فوجدته هو الصواب الذي لا ميل
فيه ولا انحراف بل هو المطابق لاهل السنة والجماعة ولمذاهب الائمة
الاربعة اكمل اهل هذه الصناعة فالمعترض على السيد المذكور في تفسيره
كلمتي الشهادة على ما هو اعلاه مسطور لا شك ان اعتراضه غير صحيح وفعله
فعل قبيح يستحق عليه الزجر واشد النكل وان ينادى عليه بانه ارتكب في انكاره
اشنع الضلال خصوصا في انكاره على من انتسب الى شفيع الخلائق في العقبى
الداخل في عموم قوله تعالى قل لا اسئلكم عليه اجرا الا المودة في القربى فالسيد
قد دعى الى الله بنشر معنى كلمتي التوحيد والمنكر عليه قد استحق التنكيل والعذاب
الشديد والله يعلم خائنة الاعين وما تخفي الصدور ويجزي كلا بما يستحق
في الدنيا ويوم النشور وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم
امر برقمه المرتجي من ربه الغفران احمد بن السيد زيني د حلان

المحميہ لا زالت امنہ و خیر	جواب مفتی شافعی مکہ معظمہ کا	مفتی الشافعیہ بمکۃ

جو جواب مولانا مفتی حنفی نے دیا جواب بالصواب ہے مطابق ہی اہل سنت و جماعت کے اور
موافق مذاہب ائمہ اربعہ رحمہم اللہ کے پس جسنے کلمہ شہادت کے معنی پر سید محمد مدح پر

اعتراض کیا غیر صحیح و بیجا ہی وہ اہل ضلال ہی اور لائق زجر و نکال ہی وصلی اللہ علی سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین ۔ امیدوار بلطف یزدان احمد بن سید زینی دحلان مفتی شافعیہ مکہ معظمہ

ھٰذہ التحریر لمفتی المالکیۃ بمکۃ المشرفۃ

الحمد للہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ رب زدنی علما اللّٰھم اھدنا الی ما فیہ الصواب واھلک کل معاند کذاب وارزقنا دوام محبۃ آل اھل البیت الھادین لسنن سید المرسلین نعم ما اجاب بہ السید الجلیل والحبر النبیل لا یشک فی صحتہ عاقل ولا یخالفہ الا مبتدع جاھل وما اجاب بہ مولانا مفتی الانام ومحقق الاحکام ھو الحق الصواب وبہ زال الاضطراب فعلی ولاۃ الامور زجر من خالف السید المذکور وصلی اللہ علی خاتم المرسلین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ۔ امر برقمہ الراجی لطف رب البریہ حسین بن ابراھیم مفتی المالکیہ ببلد اللہ المحمیہ حامدا مصلیا مسلما

جواب مفتی مالکیہ مکہ معظمہ کا

سید بزرگ کے قول مین کسی عاقل کو شک نہین اسکا مخالف بدعتی و جاہل ہی اور جو جواب دیا مولانا مفتی الانام نے باصواب ہے حاکمون پر لازم ہی کہ سید کے مخالف کو زجر و توبیخ کرین وصلی اللہ علی خاتم المرسلین و علی آلہ وصحبہ اجمعین ۔ امیدوار الطاف رب البریہ حسین بن ابراہیم مفتی مالکیہ مکہ معظمہ ✣

ھٰذہ التحریر لمفتی الحنابلۃ بمکۃ المشرفۃ

الحمد للہ الموفق للصواب والصلوۃ والسلام علی سیدنا ومولٰنا محمد الناطق بالحکمۃ وفصل الخطاب وعلی کافۃ الآل والاتباع والاصحاب وبعد فان ما اجاب بہ شیخ الاسلام ومفتی بلد اللہ الحرام ادام اللہ النفع بعلومہ وقرن الصواب بمنطوقہ ومفہومہ وتبعہ علیہ المفتیان العالمان

وانی

Marfat.com

یہ کتاب

آخر ماہ دسمبر ۹۶ء میں تالیف ہوکر بنظر

غایت احترام و تعظیم بنام نامی و اسم گرامی حضور فیض

و کرم معمور ہنرمند و ہنر پرور عدل گستر قدردان شرفا

فیضرسان اعلےٰ و ادنےٰ فیاض زمان محتشم دوران سرآمد

رؤسائے ہندوستان عالی جناب شوکت مآب

ہزہنس مہاراجہ بہادر اوصاف سندھیہ عالیجاہ جی سی ایس آئی

دام اقبالہ و ملکہ فرمان روائے ریاست گوالیار منسوب و معنون

ہوکر مشرف و ممتاز ہوئی

مولف

سرکار کا نمکخوار قدیمی تابعدار نور الدین احمد سررشتہ دار

محکمہ ڈاک دربار

عالیجاہ دربار پریس لشکر گوالیار

Marfat.com

سبب تالیف کتاب و عذر مولف بخدمت احباب

۲۲ نومبر ۱۸۹۶ء کے دربار گزٹ مین اشتہار امتحان وکلا جاری ہوا اور صدر و مفصل کے اکثر اشخاص نے قانون یاد کرنیکا قصد کیا اور شرع و شاستر کے مطالب سے بھی واقفیت حاصل کرنیکی ضرورت پیش آئی اور اس قسم کی کوئی کتاب جسمین ضروری مطالب مفصل طور پر اختصار کے ساتھہ درج ہون نپاے تو بخیال آسانی و رفع دقت ارباب قانون پیشہ بایماے شریف و اشارہ لطیف جناب فیضمآب صاحب الجود و الافضال مرجع اہل کمال پنڈت شیوچرن صاحب پوٹماسٹر جنرل دربار اس خاکسار ہیچدان نے یہ کتاب مختصر او مفصل تالیف کی اور ہنگام تسوید ان اوراق کے فرایض شریفی اور ہدایہ۔ اور درالمختار اور طحطاوی اور فتاوای عالمگیری اور بعض شروح کنزالدقایق وغیرہ چند کتب معتبرہ پیش نظر تھین مطالب ضروری درج کیے گئے اور مسایل غیر ضروری قلم انداز کیے گئے۔ اور ایک رسالہ دھرم شاستر مین بایما و امداد جناب ممدوح مرتب کیا گیا کہ وہ بھی عنقریب شایع ہوتا ہی۔ چونکہ تالیف اس کتاب کی عجلت کے ساتھہ ہوئی ہی اور میری کم استعدادی کا حال بھی سب پر ظاہر ہے عجب نہین کہ کوئی غلطی رہگئی ہو ناظرین عیب پوشی کو کام مین لائین۔

آخر مین شکر۔ نوازش اور سپاس الطاف جناب مکرمت مآب پنڈت اما چرن صاحب مہتمم مطبع عالیجاہ بجالانا بھی ضرور ہے جنھون نے بکمال بندہ نوازی اہتمام خاص سے اس کتاب کو چھپوایا اور اس نیازمند قدیم کو مرہون منت فرمایا۔

Marfat.com

کتاب

شرع محمدی

جسکو

مولوی نورالدین احمد سررشتہ دار محکمہ ڈاک دربار

نے

کتب معتبرہ درالمختار و فرائض شریفی و فتاوی عالمگیری سے

بغرض فائدہ خاص و عام و نفع جملہ ملازمان و حکام

تالیف کیا

شکر گوالیار

مطبع عالیجاہ میں بحسن اہتمام پنڈت امانچرن مہتمم مطبع
طبع ہوئی

طبع اول ۵۰۰ جلد

حق تالیف محفوظ ہے

Marfat.com

سبحان الذی لا یموت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احد والصلوٰۃ والسلام علی نبیہٖ خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ واولیاء امتہ من الازل الی الابد

باب اول فرائض مین

فرائض اُن قواعد کا نام ہے جنکے ذریعہ سے میت کے ترکہ کی تقسیم شرعی طور پر ہو سکے موضوع اس علم کا ترکہ میت ہے غرض اس علم سے یہ ہی کہ تقسیم ترکہ مین غلطی نہ واقع ہو

فصل اول فواید ضروری مین

فایدہ ترکہ سے چار حق متعلق ہین۔ اول حق تجہیز و تکفین کا یعنی سب سے پہلے مال متروکہ میت سے میت کی تجہیز و تکفین بغیر بخل و اسراف کے کرنا۔ (تجہیز و تکفین کا اندازہ شرعی کتب فقہ مین مفصل مرقوم ہی۔) دوسرا حق قرضہ کا ادا کرنا۔ مگر خیال رہے۔ کہ قرض

Marfat.com

عین ہی تو وہ تجہیز و تکفین پر بھی مقدم ہی مثلاً اگر کوئی شی منقولہ یا غیر منقولہ خرید کی ہے اسکی قیمت ادا ہونا باقی ہی یا کوئی شی متروکہ رہن ہی اُس کا روپیہ دینا ہی تو ایسی صورتوں مین اول قرضہ کا ادا کرنا چاہیے ورنہ بعد تجہیز و تکفین کے دینا چاہیے تیسرا حق وصیت کا۔ یعنی اگر میت نے متعلق متروکہ کے کچھ وصیت کی ہی تو اُس کا اجرا مناسب ہی لیکن وارث کے حق مین وصیت بلا رضامندی دیگر ورثا کے جاری نہ ہوگی اور نیز ایک ثلث متروکہ سے زاید وصیت نہین ہوسکتی۔ چوتھا حق ورثا مین تقسیم ہونا یعنی جو مال اداے قرضہ و تجہیز و تکفین و اجراے وصیت سے باقی رہے اُسکو ورثا مین تقسیم کرنا۔

فایدہ۔ ورثا تین قسم کے ہین۔ پہلے حصہ معین کے پانے والے جنکو ذوی الفروض کہتے ہین یعنی اُنکے حصہ قرآن شریف مین مرقوم ہین۔ اور یہ بارہ شخص ہین۔ چار مرد۔ باپ دادا۔ اخیافی بھائی۔ شوہر۔ آٹھ عورتین۔ بیٹی۔ پوتی۔ حقیقی بہن۔ علاتی بہن۔ اخیافی بہن ماں۔ دادی۔ زوجہ۔ اِنمین دس نسبی حصہ دار ہین اور دو یعنی شوہر و زوجہ بسبب نکاح کے حصہ دار ٹھہرے۔ اخیافی وہ بہن بھائی جنکی سب کی ماں ایک ہو اور باپ علحدہ اور علاتی وہ جنکی مائین علحدہ ہون اور سب کا باپ ایک۔ دوسری قسم کے وارث غیر معین حصہ پانیوالے جنکو عصبہ کہتے ہین یہ وہ اشخاص ہین جو ذوی الفروض کے حصہ لینے کے بعد باقیماندہ متروکہ لیتے ہین یہ وارث بھی دو قسم کے ہوتے ہین نسبی اور سببی عصبہ نسبی تین قسم کے ہوتے ہین عصبہ بنفسہٖ یعنی خاص اپنے استحقاق سے ورثہ پاتے ہین۔ عصبہ بغیرہٖ یعنی دوسرے کے استحقاق کے ذریعے ورثہ پاتے ہین عصبہ مع غیرہٖ جو اپنے استحقاق اور دوسرے کے استحقاق کے ذریعہ سے ورثہ پاتے ہین عصبہ بنفسہٖ مین اول درجہ میت کے جزو کا ہی یعنی بیٹا۔ پوتا (نیچے تک)

Marfat.com

باقیماندہ ترکہ کا وارث ہے۔ دوسرا درجہ میت کی اصل کا ہے یعنی باپ دادا (او پر تک)
تیسرا نمبر میت کے باپ کے جزو کا ہے یعنی بھائی (حقیقی ہو یا علاتی) بھتیجا۔ چوتھا نمبر میت
دادا کے جزو کا ہے یعنی چچا (حقیقی ہو یا علاتی) بچچازاد بھائی۔ یہہ لوگ بترتیب استحقاق
رکھتے ہین ہر درجہ مقدم کا مستحق درجہ موخر کے حقدار پر ترجیح رکھتا ہے خواہ یہہ کتنا ہی
پاس کا اور وہ کتنا ہی دور کا ہو عصبہ بغیرہ مین بیٹی۔ پوتی حقیقی بہن۔ علاتی بہن ہین یہ
اشخاص ورثاے ذوی الفروض مین سے ہین مگر انکے بھائی بھی ہو گا (یعنی
میت کے بیٹا۔ پوتا حقیقی یا علاتی بھائی ہو گا) تو عصبہ ہو جاتی ہین۔ عصبہ مع غیرہ ہین
بہنین ہین جو ذوی الفروض مین سے ہین مگر جب میت کے بیٹی۔ پوتی بھی ہو تو بہنین
عصبہ مع غیرہ ہو جاتی ہین یعنی اپنے حصہ مقررہ کے لینے کے بعد باقیماندہ مال عصبہ
لیتی ہین یہی حال باپ کا ہی کہ ذوی الفروض مین سے ہی مگر میت کی بیٹی۔ پوتی کے
ہوئے اپنے حصہ مقررہ کے علاوہ باقیماندہ مال عصبہ ہو کر لیتا ہی۔ دوسری قسم کے
عصبات سببی مین غلام کا آزاد کرنے والا ہے جو اپنے غلام کا ترکہ عصبہ ہو کر پاتا ہے
(یہ قسم ہندوستان مین نہین ہے) پس عصبات تنہائی کی حالت مین کل مال پاتے
ہین اور ذوی الفروض کے ساتھہ اُن سے بچا ہوا مال ان کو ملتا ہی اِس طرح
کہ عورات سے مرد کو دوگنا۔ تیسری قسم کے وارث دور کے رشتہ دار یعنی
ذوی الارحام ہین یہ چار طرح کے ہین اول بیٹیون۔ پوتیون کی اولاد دوسرے نانا
نانیان تیسرے بہن کی اولاد اور بھتیجیان۔ چوتھی۔ پھوپھیان۔ ماموں۔ خالہ۔ ان کا
قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جو زیادہ قریب کا رشتہ دار ہوتا ہی وہ ہی اخذ میراث
مین مستحق ہوتا ہے اور جو دو دعویدار رشتہ دار ایک سے درجہ کے ہون تو مرد

Marfat.com

واسطہ دار کو عورت کے واسطہ دار پر ترجیح ہوتی ہے۔ اور باپ کے واسطہ دار کو دو ثلث ماں کے واسطہ دار کو ایک ثلث ملتا ہے۔

فائدہ بارہ ذوی الفروض مین باپ کا چھٹا حصہ ہے جبکہ میت کے بیٹا پوتا بھی ہو مگر جب کہ میت کے بیٹی یا پوتی ہو گی تو باپ علاوہ اپنے حصہ مقررہ کے باقی مال عصبہ ہو کر پاتا ہی اور جب میت کے اولاد نہو تو عصبہ ہو کر کل مال کا مستحق ہوتا ہی۔ پس باپ ایک حالت مین خالص ذوی الفروض مین سے ہی ایک حالت مین خالص عصبہ ایک حالت مین دونو قسم مین داخل۔

۲ دادا کا بھی چھٹا حصہ ہی اور بالکل باپ کا سا حال ہی مگر باپ کے ہوتے دادا محروم رہتا ہی۔

۳ زوجہ (ایک ہو یا چند) سب کے اولاد نہ ہو تو چہارم حصہ متروکہ کا پاتی ہے ورنہ آٹھوان حصہ۔

۴ شوہر اگر اولاد نہ ہو تو نصف کا مستحق ہے ورنہ چہارم پاے گا۔

۵ اخیافی بھائی۔ اخیافی بہن۔ اگر تنہا ہون چھٹا حصہ پاتے ہین اور ایک سے زاید ہون گے تو سب ایک ثلث مین شریک ہون گے۔ اور میت کے بیٹا۔ پوتا۔ (اور نیچے تک)، باپ۔ دادا۔ (اور اوپر تک)، ہونگے تو یہ محروم رہتے ہین۔

۹ بیٹی۔ پوتی۔ حقیقی بہن۔ علاتی بہن۔ اگر اکیلی ہون تو نصف حصہ پانے کی مستحق ہین اور ایک سے زاید ہون تو دو ثلث مین سب شریک ہون گی ہاں ایک بیٹی ہو گی تو پوتی کو چھٹا ہی حصہ ملیگا اور دو مین بیٹیان ہون گی تو پوتی محروم رہیگی۔ ہاں اگر پوتا بھی ہوا تو دونو بہن بھائی یعنی پوتا۔ پوتی عصبہ ہو جاینگے اور میت کے لڑکا ہو گا

Marfat.com

تو پوتی بالکل ہی محروم رہیگی۔ اور حقیقی بہن۔ لڑکی۔ پوتی کے ہوتے عصبہ ہوجاتی ہی۔ اور علاتی بہن حقیقی بہن کے ہوتے صرف چھٹے حصہ کی مستحق رہجاتی ہی۔ اور ایک سے زاید حقیقی بھنیں ہوں تو علاتی بہن محروم رہیگی ہاں اگر علاتی بھائی بھی ہوا تو دو نو بہن بھائی عصبہ ہوجاینگے اور بیٹی۔ پوتی کے ہوتے بھی عصبہ رہینگے اور بیٹا۔ پوتا۔ (اور نیچے تک) یا باپ۔ دادا۔ (اور اوپر تک) یا حقیقی بھائی ہوگا تو علاتی بہن محروم رہیگی۔

۱۱ ماں کا تیسرا حصہ ہی اگر میت کے بیٹا۔ پوتا۔ (اور نیچے تک) اور دو بھائی یا دو بھنیں بھی نہ ہوں ورنہ چھٹا حصہ ملیگا اور اگر میت کے زوج یا زوجہ بھی ہی تو اُسکے حصہ کے نکلنے کے بعد باقی مال کا ثلث ملیگا۔

۱۲ دادی (ایک ہو یا چند باپ کی ماں ہو یا ماں کی ماں یعنی نانی) چھٹا حصہ پاتی ہے مگر دادی نانی باپ کے ہوتے ہوئے محجوب ہونگی اور نانی ماں کے ہوتے محجوب ہوگی اور قریب رشتہ کی دادی بعید رشتہ کی دادی کو محجوب کرتی ہی مثلاً دادی کے ہوتے پردادی محجوب ہوگی۔

فائدہ جس عورت کے ساتھ اُسکا بھائی ہوگا اگر وہ ذوی الفروض میں ہوگی تو عصبہ ہوجائیگی۔

فائدہ دادا کی موجودگی میں سوا خاص دادی کے پردادی وغیرہ اور دادیوں کا کچھ حق نہیں ہی۔

فائدہ ہر قسم جایداد منقولہ غیر منقولہ موروثی و مکسوبہ وارثان میت پر تقسیم ہوسکتی ہی۔

فائدہ عورت کو ہر قسم جایداد منقولہ غیر منقولہ موروثی ہو یا مکسوبہ حق مالکانہ حاصل ہی

Marfat.com

اور اُسکے انتقال کا اختیار رکھتی ہی۔

فائدہ اولاد حرام صرف اپنی مان کی وارث ہوسکتی ہی نہ اُس شخص کی جسکی نطفہ سی ہو۔

فائدہ ورثاے حقیقی کو علاتی پر اور ورثاے علاتی کو اخیافی پر ترجیح حاصل ہی۔

فائدہ بڑا بیٹا ہونے سے زیادہ حصہ نہین ملتا۔

فائدہ ۔ بھائی بہ نسبت بہن کے دوچند حصہ پاتا ہے مگر برادران و ہمشیرگان اخیافی مین یہ قاعدہ نہین ہی انکو برابر برابر ملتا ہی۔

فائدہ ترکہ میت کی تقسیم مین اس امر کی رعایت ضروری ہی کہ اول ذوی الفروض کے حصہ مقررہ دے جاوین اُنسے بچے تو عصبات نسبی کو دیا جاے پھر عصبہ سببی کو وہ نہ ہو تو اُسکے عصبہ مذکر کو دیا جاے اور عصبات نہ ہون تو باقیماندہ بھی (سواے زوجہ اور شوہر کے) ذوی الفروض پر بقدر اُنکے حقوق کے پھر تقسیم کیا جاے۔ اِس کو رد کہتے ہین۔ اور اگر کوئی وارث ذوی الفروض و عصبات مین سے نہ ہو تو ذوی الارحام پر تقسیم کیا جاے اِس طرح کہ مردون کو دوگنا عورتون سے۔ اور اگر ذوی الارحام مین سے بھی کوئی نہ ہو تو مولی موالات کو یعنی اُس شخص کو ترکہ پہونچےگا جس سے میت نے اقرار کر لیا ہو کہ مین مرجاؤن تو میرا وارث تو ہی۔ اور وہ بھی نہ ہو تو جس کو میت نے اپنا قرابت دار دوسرے کی اولاد قرار دے لیا ہو مثلاً کسیکو بھائی یا چچا کہہ لیا ہو اُسکو ملیگا بشرطیکہ اُسکے باپ دادا نے یہ نہ کہا ہو کہ یہ واقعی ہمارا لڑکا ہی کیونکہ اس صورت مین اصلی بھائی۔ یا اصلی چچا کے حکم مین ہوجاےگا جن کا ذکر ذوی الفروض و عصبات مین ہوچکا ہی۔ اگر یہ بھی کوئی نہ ہون تو مال متروکہ اُسکو دیا جاےگا جسکو دینے کی وصیت کی ہوگی اور اگر وصیت بھی نہ کی ہو تو سب مال خزانہ مین جمع ہوگا۔

Marfat.com

فائدہ شریعت مین تبنیت کوئی چیز نہین ہی نہ متبنّٰی کا کوئی حق لپس میت کے پسر متبنّٰی کا بجز خاص شئ موہوبہ کے اور کوئی حق ترکہ میت مین نہ پہونچے گا نہ وہ اپنے اصلی خاندان کے ترکہ سے محروم رہ سکتا ہی۔

فائدہ اگر کسی شخص نے اپنی زندگی مین کسی دوسرے شخص کو اپنا بیٹا تسلیم کر لیا ہو تو وہ اُسی کا بیٹا سمجھا جائیگا۔

فائدہ نومسلم کو قواعد شرعی ماننا ہونگے۔

فائدہ چار سبب مانع ارث ہین جن سے استحقاق وراثت نہین رہتا۔ ایک وہ قتل مورث جس سے شریعت مین قصاص یا کفارہ لازم آتا ہے اور یہ بھی شرط ہی کہ مورث کو قصاص یا حد شرعی مین نمارا ہو۔ دوسرا سبب مانع ارث اختلاف دین ہے یعنی مسلمان غیر مسلمان سے اور غیر مسلم مسلم سے میراث نہین پانا۔ تیسرا سبب غلامی یعنی غلام کسی کا ترکہ نہین پا سکتا۔ چوتھا سبب اختلاف متابعت حاکم یہ سبب متعلق اشخاص غیر مسلم ہے۔ ہندوستان مین صرف دو سبب اول پائے جاتے ہین۔

فائدہ۔ ہر ایک شخص جو اپنے مورث کی زندگی مین مرگیا اُسکے ورثا بموجودگی اُن لوگون کے جو اُس متوفی کی برابر حقدار ہوتے اپنے مورث اعلے کی میراث نہین پا سکتے مثلاً ایک شخص کا لڑکا بمقابلہ اپنے چچاون کے میراث نہین پا سکتا جبکہ اُس کا باپ اُسکے دادا کی زندگی مین فوت ہوگیا ہو۔

فائدہ۔ اگر ایک خاندان کے چند لوگ ایک سانحہ دریا مین ڈوب گئے یا آگ مین جلکر مرگئے یا کسی معرکہ مین ایک ساتھ قتل ہوگئے یا اور کسی طرح یہ نہ معلوم ہوا کہ پہلے کون مرا تو ایسی حالت مین باہم گر کوئی کسی کا وارث نہین قرار دیا جائیگا

Marfat.com

اور اُنکے زندہ وارث اُنکا ترکہ پائینگے۔

فائدہ بعض موقع پر ایک وارث کے ہوتے دوسرا شخص کچھ نہین پاتا اُس کو حجب کلی یا حجب حرمان کہتے ہین یا اس کے حصہ مقررہ مین اُسکی وجہ سے کمی ہوجاتی ہے اسکو حجب نقصان کہتے ہین مثلاً باپ کے ہوتے دادا کو کچھ نہین ملتا یہ حجب حرمان ہی یا پوتی کا نصف حصہ ہی مگر جب ایک بیٹی بھی ہو گی تو پوتی کو چھٹا حصہ ملیگا یہ حجب نقصان ہی۔

فائدہ۔ مان۔ باپ۔ بیٹا بیٹی۔ زوجہ۔ شوہر۔ ہر حال مین ورثہ پائینگے کسی طرح محروم نہین ہوتے۔ اور جزوی کمی یعنی دوسرے وارث کے سبب سے حصہ کی مقدار گھٹ جانا صرف۔ مان۔ پوتی۔ علاتی بہن۔ شوہر۔ زوجہ۔ انھین پانچ آدمیون سے مخصوص ہی۔

فائدہ جو لوگ کسی شخص کی وساطت سے قرابت رکھتے ہین وہ اُسکے ہوتے محجوب ہو جاتے ہین جیسے بھائی کے ہوتے بھتیجا۔ اور جو لوگ کسی ذاتی قصور سے محروم الارث ہوتے ہین وہ دوسرے کو محروم نہین کرتے اور قریب تر وارث بعید تر وارث کو حصہ لینے سے باز رکھتا ہی۔

ہم اس مطلب کے آسانی سے سمجھ مین آجانے کی غرض سے دو نقشے درج کرتے ہین جن سے بخوبی واضح ہوگا کہ کس کس شخص کا کیا کیا حصہ ہی اور وہ کس حالت مین بالکل محجوب ہو جائے گا اور کس حالت مین اُس کا حصہ کم رہ جائیگا۔

Marfat.com

Marfat.com

عصبات												ذوی الفروض									
عصبات نسبی												وہ ذوی الفروض جو عصبہ ہو سکتے ہیں					وہ ذوی الفروض جو عصبہ نہیں ہو سکتے				
عصبات بنفسہ												عصبہ مع غیرہ		عصبہ بغیرہ							
جزو جد میت				جزو پدر میت				جزو میت		اصل میت											
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	[illegible]	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نصف	[illegible]	سدس	[illegible]	ح	[illegible]	پوتا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سدس	[illegible]	ح	[illegible]	بیٹا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	نصف	[illegible]	سدس	[illegible]	ح	نصف	دادا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	ن	نصف	[illegible]	سدس	ثلث	ح	نصف	باپ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	ن	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نصف	سدس	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نصف	[illegible]	سدس	[illegible]	ح	ح	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سدس	[illegible]	[illegible]	ح	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نصف	[illegible]	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	[illegible]	سدس	ثلث	ح	نصف	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	[illegible]	سدس	[illegible]	ح	نصف	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	ن	ن	نصف	[illegible]	سدس	[illegible]	[illegible]	نصف	[illegible]

Marfat.com

Marfat.com

ضمیمہ متعلق صفحہ ۶ سطر ۱۳

فائدہ جدہ مین دادی نانی دونو شامل ہین اور جدہ دو قسم ہوتی ہین صحیحہ و فاسدہ جدۂ صحیحہ وہ جنکے رشتہ مین نانا کا واسطہ نہو مثلاً باپ کی ماں (دادی) - ماں کی ماں (نانی) - دادا کی ماں - دادی کی ماں - پردادا کی ماں - پردادی کی ماں - جدہ فاسدہ وہ جنمین نانا کا توسط ہو جیسے نانا کی ماں - پرنانا کی ماں - نانی کی دادی (نانی کا باپ بیچمین واقع ہی -) دادی کی دادی (دادی کا باپ بیچمین واقع ہی -) اسی طرح جد کی بھی دو قسمین ہین جد صحیح - جد فاسد - جد صحیح وہ جسمین (باپ کا نانا) ماں کا واسطہ نہو جیسے دادا پردادا وغیرہ اوپر تک جد فاسد اسکے برعکس جیسے ماں کا باپ - دادی کا باپ - (باپ کی ماں کا باپ ہی -) پردادی کا باپ (دادا کی ماں بیچمین واقع ہی -) جد صحیح اور جدہ صحیحہ ذوی الفروض مین ہین اور جد فاسد اور جدہ فاسدہ ذوی الارحام مین ہین - چونکہ قریب کی دادی دور کے رشتہ کی دادی کو محروم کرتی ہی اسلیے ایک ساتھہ حقدار جدات اول نمبر صرف دو جمع ہوسکتی ہین باپ کی ماں - ماں کی ماں - کہ دونو مستحق ذوی الفروض مین سے ہین ایک کو دوسری محروم نہین کرتی - اور جیسے جس قدر اوپر کو دور کے رشتہ کی دادیاں ہونگی زیادہ جمع ہوسکتی ہین مثلاً (۱) پرنانی کی پرنانی یعنی ماں کی ماں کی ماں کی ماں کی ماں اور (۲) باپ کی ماں کی ماں کی ماں کی ماں یعنی دادی کی نانی کی نانی - اور (۳) باپ کے باپ کی ماں کی ماں کی ماں یعنی دادا کی نانی کی نانی - اور (۴) باپ کے باپ کی ماں کی ماں یعنی پردادا کی نانی - اور (۵) باپ کے باپ کے باپ کی ماں کی ماں یعنی پردادا کی دادی کی ماں - اور (۶) باپ کے باپ کے باپکے باپ کی ماں یعنی پردادا کی

پردادی۔ پس یہ چھہ دادیان ایک مرتبہ کی ہین کہ کوئی کسی کو محروم نہین کرتی سب ساتھ حصہ پاینگی۔ یہی وجہ ہے کہ امثلہ مسائل تصحیح مین ۶۔ ۹۔ ۱۵ تک جدا جدا قایم کی گئی ہین۔

متعلقہ صفحہ ۷ سطر ۱۹

اگرچہ رد زوجین پر نہین ہوتا اسوجہ سے کہ انمین قرابت ثابت نہین مگر فقہاے متاخرین کا اس امر پر فتوے ہے کہ اب بیت المال شرعی نہین رہا نہ مصارف اُسکے ٹھیک ہین اسلیے جب کوئی مستحق نہ رہے تو آخر کو متروکہ زوج اور زوجہ پر بھی رد کرنا چاہیے متروکہ سرکاری خزانہ مین نہ جائے گا۔ اور سرکاری عدالتون مین بھی اسی طریق پر عملدرآمد ہی۔ (انڈین لارپورٹ کلکتہ جلد ۳ صفحہ ۷۰۲)

متعلقہ صفحہ ۸ سطر ۱۰

اختلاف دین شرعًا مانع ارث ہے مگر از روے ایکٹ ۲۱ ۱۸۵۰ء سرکاری عدالتون مین یہ سبب مانع ارث نہین رہا۔

Marfat.com

دوسری فصل بعض اصطلاحون کا بیان اور مخارج کا ذکر

قبل اس سے کہ ترکہ کی تقسیم کا قاعدہ بیان کیا جاوے چند الفاظ کے معنی بیان کئے جاتے ہین ان کا خیال مین رکھنا ضرور ہے تاکہ آیندہ مطلب بخوبی سمجھ مین آجاوے حصے جو وارثون کو ملتے ہین اُن کو سہام کہتے ہین اور جس عدد سے ترکہ کی تقسیم کیجاوے وہ مخرج کہلاتا ہے اُسی کو اصل مسئلہ بھی کہتے ہین مثلاً میت نے ایک زوج ایک لڑکا۔ ایک لڑکی ایک مان چھوڑی تو ترکہ ۱۲ عدد پر تقسیم ہوگا یہی عدد مخرج ہے اور کہین گے اصل مسئلہ ۱۲ سے ہوا زوج کو ربع ۳ اور مان کو سدس ۲ اور باقی ۷ لڑکا۔ لڑکی کو ملین گے۔ کہا جاوے گا کہ زوج کے ۳ سہام ہین اور مان کے دو سہام۔

ورثا یعنی حصہ دارون کی تعداد کو روس کہتے ہین شکل مندرجہ بالا مین کہا جاوے گا کہ لڑکا۔ لڑکی کے ۷ سہام دو روس پر پورے تقسیم نہین ہوتے۔

جو اعداد آپس مین مساوی ہون وہ متماثل کہلاتے ہین جیسے چھ ۶ اور چھ ۶ اور ان عددون مین نسبت تماثل کی ہی۔

ایک عدد دوسرے پر پورا تقسیم ہوجاوے تو اُن عددون کو متداخل کہتے ہین جیسے آٹھ ۸ اور چار ۴۔ چھ ۶ اور تین ۳ وغیرہ آٹھ چار پر دو بار اور چھ تین پر دو بار پورا تقسیم ہوسکتا ہی۔

جو دو عدد کسی تیسرے عدد پر پورے تقسیم ہوسکیں وہ باہم متوافق کہلاتے ہین اور اُنمین نسبت توافق ہوتی ہی جیسے چھ ۶ اور نو ۹۔ کہ دونو تین پر پورے

تقسیم ہو سکتے ہین اس تیسرے عدد کو وفق کہتے ہین اگر عدد وفق ۲ ہو تو اُن دو نو عددون مین توافق بالنصف ہوا اگر ۳ ہو تو توافق بالثلث ہوا اگر ۴ ہو جیسے ۱۲-۱۶ مین کہ دو نو چار پر تقسیم ہو سکتے ہین تو توافق بالربع ہوا۔ وفق

جو دو عدد کسی تیسرے عدد پر تقسیم نہو سکین جیسے ۸-۳-اور ۴-۵-وغیرہ تو اُن کو متباین کہتے ہین انکے باہم نسبت تباین ہی۔ متباین

خلاصہ یہ ہے کہ دو قسم کے عددون مین اگر دو نو مساوی ہین تو وہ عدد متماثل کہلاتے ہین جیسے چار اور چار۔ پانچ اور پانچ - ۶- اور ۶- وغیرہ اور اگر دو نو عدد کم و بیش ہین تو اگر چھوٹا عدد بڑے کو فنا کر دے اور مٹا دے انمین نسبت تداخل کی ہے اور وہ دو نو متداخل کہلاتے ہین جیسے ۲ اور ۴- تین اور چھ اور نو اور اٹھارہ وغیرہ اور اگر دو نو کو تیسرا فنا کر دے اور مٹا دے انمین نسبت توافق کہتے ہین وہ دو نو متوافق کہلاتے ہین اور عدد ثالث اُن کا وفق ہے جیسے ۹ اور ۲۱ - ۱۰ اور ۱۵ - وغیرہ تین ترک نو اور تین ستے اکیس ۳ عدد وفق ہے اور پانچ دونے دس ۵ ترک پندرہ - پانچ عدد وفق ہے اور اگر دو نو عددون کو تیسرا عدد نہ کہو سکے تو انمین نسبت تباین ہے اور وہ باہم متباین کہلاتے ہین جیسے تین اور پانچ۔

پس جو لوگ حسب صراحت مندرجہ بالا مستحق ترکہ قرار پائین اول انکے حصہ کا مخرج دریافت کرلینا چاہیے تاکہ تقسیم ترکہ باسانی ہو سکے اور اسکی یہ صورت ہے کہ حصہ ہاے معین ذوی الفروض کے چھ ہین تین ایک قسم کے ہین - نصف (آدھا) - ربع (چہارم) - ثمن (آٹھوان حصہ) - اور تین ایک قسم کے - دو ثلث (دو تہائی) - ایک ثلث (ایک تہائی) - سدس (چھٹا حصہ)

Marfat.com

اگر معین حصہ دار ایک ہی باقی عصبات تو نصف حصہ والے کے واسطے دو عدد
کے مخرج سے اور باقی صورتون مین اُس حصہ کے ہمنام مخرج سے تقسیم کیجائیگی
مثلاً میت نے ذوی الفروض مین سے ایک لڑکی چھوڑی اُس کا حصہ متروکہ کا آدہا
ہے تو دو عدد مخرج سے تقسیم ترکہ ہوکر نصف لڑکی کو دیا جائے گا باقی عصبات کو
یا مثلاً میت نے ذوی الفروض مین سے صرف زوجہ چھوڑی اُس کا حصہ بصورت
نہ ہونے اولاد کے چہارم ہے پس ۴ کے عدد سے تقسیم ترکہ ہوگی ایک زوجہ
کا باقی عصبات کا۔ یا میت نے زوجہ یا لڑکا چھوڑا زوجہ کا آٹھوان حصہ ہی ۸ کا
عدد مخرج قرار دیکر اُسی سے تقسیم ہوگی۔ ایک عدد زوجہ کا باقی لڑکے کو۔
یا میت نے ذوی الفروض مین سے چند لڑکیان چھوڑین جن کا دو تہائی حصہ
ہے ۳ عدد کا مخرج قرار پاکر اُسی سے تقسیم ہوگی ۲ سب لڑکیون کو باقی عصبات
کو ملیگا۔ باقی صورتون کو اُسی پر قیاس کرنا چاہیے۔ اور اگر ایک ہی قسم کے چند
حصہ دار ہین جنکے حصہ مختلف ہین تو سب مین چھوٹے حصہ دار کے حصہ کا عدد مخرج
قرار دیکر تقسیم کیجائیگی۔ مثلاً میت کے ذوی الفروض مین سے ایک زوجہ۔ ایک
لڑکی ہے زوجہ کا آٹھوان حصہ ہی اور لڑکی کا نصف تو چھوٹے حصہ کا عدد یعنی
۸ مخرج قرار پاے گا ایک حصہ ثمن یعنی (۱) زوجہ کو ۴ نصف لڑکی کو باقی عصبات کو
دینا چاہیے۔ یا مثلاً میت کے ورثا سے ذوی الفروض مین سے ایک دادی
اور دو بہنین حقیقی ہین۔ دادی کا چھٹا حصہ ہے اور حقیقی بہنون کے دو ثلث
پس ۶ جو سب سے چھوٹا حصہ ہے اُسکے ہمنام ۶ کے عدد سے تقسیم کیجائیگی ایک
دادی کو دیا جائے گا ۴ بہنون کو باقی عصبات کو۔ اور اگر دو نو قسم کے حصہ دار

Marfat.com

چھوڑے ہین تو یہ دیکھنا چاہیے کہ پہلی قسم یعنی نصف و ربع و ثمن مین سے کونسا حصہ دار ہے اگر حصہ دار نصف دوسری قسم کے حصہ دارون مین کسی حصہ دار سے یا سب سے ملا ہے تو مخرج کا عدد ۶ قرار پائے گا۔ مثلاً میت کے وارث ایک لڑکی نصف پانے والی اور ایک دادی چھٹا حصہ پانے والی ہے پس ۶ کے عدد سے تقسیم ہوکر ایک (چھٹا حصہ) دادی کو ملیگا اور ۳ (نصف) لڑکی کو دینا چاہئے باقی عصبات پائین گے۔ اور اگر پہلی قسم کے حصہ دارون مین سے ربع کا حصہ دار شامل ایک یا چند حصہ داران قسم دوم ہے تو ۱۲ کا عدد مخرج قرار پاکر تقسیم ہوگی مثلاً میت نے ایک شوہر چھوڑا ہے دو لڑکیان۔ شوہر کا چہارم حصہ ہی لڑکیون کا دو ثلث تقسیم ترکہ ۱۲ سے ہونا چاہیے ۳ چہارم شوہر کو اور ۸ نصف لڑکیون کو باقی ایک عصبات کو دیا جائیگا۔ اور اگر حصہ وار ثمن کا حصہ داران قسم ثانی مین سے ایک سے یا سب سے ملا ہی تو ۲۴ مخرج قرار دیکر تقسیم ہوگی مثلاً زوجہ چھوڑی جسکا آٹھوان حصہ ہی بصورت موجود ہونے اولاد کے اور دو لڑکیان چھوڑین جنکے دو ثلث ہین ایک ماں جس کا سدس ہی ۲۴ سے تقسیم کرکر (۳) آٹھوان حصہ زوجہ کو دینا چاہیے دو لڑکیون کو ۱۶ دو ثلث۔ ۴ ماں کو سدس باقی عصبات کو۔

فائدہ۔ ایک مسئلہ مین چار فرض حصہ معینہ سے زیادہ جمع نہین ہوتے۔ اور ربع۔ اور آٹھوان حصہ یہ دونون فرض ایک مسئلہ مین جمع نہین ہوتے نصف۔ و ربع و ہشتم۔ حصہ۔ تینون بھی ایک مسئلہ مین جمع نہین ہوتے۔

Marfat.com

تیسری فصل تقسیم ترکہ کا طریقہ

یہ بھی جاننا چاہیے کہ تقسیم ترکہ کی تین حالتین ہین ایک پورا بانٹ جسے فریضہ عادلہ کہتے ہین یعنی جتنے حصہ مال کے ہوئے وہ وارثون پر پورے بٹ گئے۔ جیسے میت نے دو سگی بہنین اور دو سوتیلی بھنین چھوڑین۔ سگی بہنون کے دو ثلث ہین سوتیلی بہنون کا ایک ثلث اور حسب قاعدہ متذکرہ بالا ایسی صورت مین تقسیم (۳) سے ہوگی پس دو حصہ سگی بہنون کو چلے گئے اور ایک حصہ سوتیلی بہنون کا نکلگیا اور کچھ نہ بچا۔ یا کچھ بچا ہوا اور عصبہ بھی ہو اُسکو ملجاے جیسے میت نے مان اور حقیقی ایک بہن اور بیٹا چھوڑا۔ مان کا سُدس ہے بہن کا نصف حصہ ہے ہ سے تقسیم ہوگی سُدس مان کو جاے گا۔ نصف بہن کو ملیگا دو باقی لڑکا لیگا یہ بھی پورا بانٹ ہی۔

دوسرا بانٹ زیادتی کا جس کو فریضہ عائلہ کہتے ہین یعنی مال کے حصون سے لینے والے زیادہ ہون ایسی شکل مین مخرج کا عدد بقدر سہام حصہ والون کے بڑہا لیتے ہین جیسے میت نے شوہر۔ اور دو سگی بہنین چھوڑین۔ شوہر کا نصف ہی بہنون کے دو ثلث تقسیم (۶) سے ہوگی نصف شوہر کو چاہیے دو ثلث بہنون کو جملہ سات حصہ ہوئے اور عدد (۶) تھے ایک عدد مخرج مین بڑہا کر سات کر لیے تاکہ بانٹ پورا ہو جاے اس بڑہانے کو عول کہتے ہین۔

تیسرا بانٹ کمی کا جس کو فریضہ قاصرہ کہتے ہین یعنی حصہ زیادہ ہین اور لینے والے کم ایسی شکل مین بچا ہوا مال پھر انھین وارثون کو اُنکے حصہ کے موافق تقسیم

Marfat.com

ہوگا اس کارروائی کو رد کہتے ہین - جیسے میت نے دو حقیقی بھنین اور مان چھوڑی
تقسیم (۶) سے ہوگی ۲/۳ بہنون کو۔ ۱/۶ مان کو ملا پانچ حصہ صرف ہوئے ایک باقی ہے
اور کوئی عصبہ باقی لینے والا نہین پس بچا ہوا مال بھی انھین کو ملیگا -
ہم عول - اور رد کی تفصیل علحدہ علحدہ ذیل مین کرتے ہین -

چوتھی فصل عول کا بیان

اگر حصہ زیادہ ہون اور مخرج کا عدد کافی نہوتا ہو تو مخرج کے عدد مین حسب ذیل زیادتی کر سکتے ہین اس کارروائی کو عول کہتے ہین عول کے معنی ہین زیادتی کرنا - پس اگر مخرج (۶) تھا اور حصہ زیادہ ہوئے تو ۶ کو ۷ یا ۸ یا ۹ یا ۱۰ تک ٹرہانے سے درستی ہو سکتی ہے اور اگر مخرج (۱۲) تھا اور حصہ زیادہ ہوئے تو ۱۳ یا ۱۵ یا ۱۷ کر سکتے ہین طاق ہی عدد ٹرہائے جائین گے - اور اگر ۲۴ مخرج ہے اور حصہ زیادہ ہوئے تو ۳ ٹرہا کر ۲۷ سے عول کر سکتے ہین - ذیل مین تینون مخرجون کی ایک ایک مثال درج کیجاتی ہے (۶ کے مسئلہ کی مثال جس مین عول ہوا ہی) میت نے دادی - اور مان اور دو حقیقی بھنین چھوڑین اک اخیافی بھائی - دادی کا سدس ہی مان کا سدس بھنون کے دو ثلث بھائی کا سدس ۶ سے تقسیم کی سدس ۱/۶ دادی کو سدس ۱/۶ مان کو ثلثان ۲/۳ بہنون کو سدس ۱/۶ بھائی کو دینا چاہیے یہ سب سات سہام ہوئے اور مخرج سے ٹرھ گئے اس لیے مخرج کو بطریقہ عول ۷ کرلیا (دوسری مثال ۱۲ کی) میت نے شوہر اور مان اور دو لڑکیان چھوڑین شوہر کا ربع ہی مان کا سدس لڑکیون کے دو ثلث تقسیم (۱۲) سے ہونا چاہیے -

Marfat.com

۳ شوہر کو ۲ ربع ماں کو ۸ سدس لڑکیوں کو ملنا چاہیے مگر یہ سب سہام ۱۳ ہوتے ہیں پس بطریقہ عول مخرج ۱۲ کو ۱۳ کر لیا (تیسری مثال ۲۴ کے مسئلہ کی جسمین عول ہوا ہی) میت نے زوجہ اور لڑکی چھوڑی زوجہ کا آٹھواں حصہ ہی لڑکی کا نصف اور ایک پوتی چھوڑی جس کا سدس ہے دادا چھوڑا ماں چھوڑی انکا بھی سدس سدس ہی تقسیم ۲۴ سے ہوگی ثمن ۳ زوجہ کو نصف ۱۲ لڑکی کو سدس ۴ پوتی کو سدس ۴ دادا کو سدس ۴ ماں کو ملنا چاہیے مگر سب سہام ۲۷ ہوتے ہیں جو مخرج کے عدد سے زائد ہیں پس مخرج کو بطریقہ عول ۲۷ قرار دیا جائیگا فائدہ مخارج کل سات ہیں ۲-۳-۴-۸-۶-۱۲-۲۴- پہلے چار ۲-۳-۴-۸ ہیں عول نہیں واقع ہوتا صرف پچھلے تین ۶-۱۲-۲۴ ہیں عول ہو سکتا ہی۔

پانچویں فصل تصحیح کا طریقہ

قبل اس سے کہ مسایل رد کے بیان کیے جاویں مسائل کی تصحیح کرنے کا طریقہ معلوم کر لینا ضروری ہے وہ یہ کہ تقسیم ترکہ میں اس امر کا خیال رہے کہ جہاں تک ہو سکے کم سے کم مخرج سے اس طرح پر حصہ کیے جاویں کہ کسی وارث پر کسر نہ واقع ہو اور اگر کسر پڑے جیسے دو آدمیوں کے حصہ میں ۳ یا ۵ یا ۷ وغیرہ سہام آویں تو تصحیح کر لیجاوے اور پورا عدد بنا لیا جاوے اور تصحیح کا یہ قاعدہ ہے کہ اگر کسی گروہ کے حصہ میں کسر پڑی ہو تو دیکھنا چاہیے کہ انکے عدد سہام اور عدد روس میں کیا نسبت ہی اگر نسبت توافق ہو تو عدد روس کے وفق کو اصل

Marfat.com

مسئلہ مین ضرب دین گے اور اگر عول ہوچکا ہے تو عول مین ضرب دینگے مثلاً میت نے ماں۔ باپ۔ دس بیٹیاں چھوڑین مسئلہ ۶ سے ہوگا ۴ دو ثلث دس بیٹیون کو اور ایک ایک یعنی سدس ماں باپ کو ملنا چاہیے۔ بیٹیون کے حصہ مین کسر پڑتی ہے اسواسطے کہ دس کو چار کس طرح دیے جاوین۔ دیکھا تو دس عدد رؤس اور ۴ عدد سہام مین توافق بالنصف ہی یعنے پانچ دونے دس دو دونے چار پس دس کا عدد وفق جو (۵) ہے اُسکو اصل مخرج (۶) مین ضرب دی ۳۰ حاصل ہوئے اسکے دو ثلث ۲۰ دس لڑکیون کو دینا چاہیے ہر ایک لڑکی کو دو دو پہونچ جائینگے صورت مسئلہ کی حاشیہ پر تحریر ہے۔ اسی مثال پر قیاس عول شدہ مسئلہ کا کرنا چاہیے اور اگر باہم نسبت تداخل نظر آوے تو متداخلین کے وفق کو کل مسئلہ یا عول مین ضرب دینا چاہیے مثلاً میت نے دو مائین اور آٹھ بیٹیاں۔ چھوڑین مسئلہ ۶ سے ہوگا ایک سدس ایک ماں کا۔ ایک سدس ایک ماں کا ۴ دو ثلث آٹھوں بیٹیون کے۔ چار اور آٹھ مین نسبت تداخل کی ہے دو عدد وفق متداخلین ہے یعنی چار دونے آٹھ ہوتے ہین پس (۲) کو اصل مسئلہ مین ضرب دی بارہ ہوئے اون مین سے ہر ایک ماں کو دو دو اور آٹھ بیٹیون کو چار دونے آٹھ ملگئے اسی طرح پر عول شدہ مسئلہ کو قیاس کرنا چاہیے۔

اور اگر باہم عدد رؤس وعدد سہام نسبت تباین ہو تو تمام عدد رؤس کو اصل مسئلہ مین یعنی مخرج مین ضرب دینگے مثلاً میت نے زوج اور جدہ اور ماں اور تین اخیافی بھنین چھوڑین مسئلہ ۶ سے

Marfat.com

ہوگا نصف زوج کو اور سدس جدہ کو اور سدس ماں کو سدس اخیافی تین بہنون کو ملنا چاہئے ایک تین
اور تین مین نسبت تباین ہے - ۳ عدد رؤس کو اصل مسئلہ ۶ مین ضرب دی (۱۸) ہوئے
تین ترک نو زوج کے - تین جدہ کے - تین ماں کے - تین تینون بہنون کے ہوگئے - کسر
جاتی رہی - اسی طریق پر عول مین کرنا چاہئے یہہ تینون قاعدہ اُس حالت کے ہین جبکہ ایک
گروہ کے حصہ مین کسر پڑتی ہے اور اگر دو یا چند گروہ کے حصون کی تقسیم مین کسر پڑتی ہو تو
یہہ دیکھنا چاہئے کہ ہر ہر فرقہ کے عدد رؤس وعدد سہام مین باہم کیا نسبت ہے اگر باہم
نسبت تداخل ہو تو اُنکے متداخلین کا وفق اور اگر رؤس وسہام مین نسبت توافق ہو تو عدد
رؤس کا وفق اور اگر باہم رؤس وسہام کے نسبت تباین پائی جائے تو اُنکے کل عدد رؤس
کو خیال مین رکھنا چاہئے اور پھر یہہ دیکھنا چاہئے کہ باہم ان عددون کے جو ہمنے خیال کئی
ہین ایک کو دوسرے سے کیا نسبت ہے اگر ان اعداد ملحوظہ کے باہم نسبت تماثل معلوم
ہو تو جس فریق کے عدد کو چاہو مخرج مین اور عول ہوا ہے تو عول مین ضرب دو سب پر بے
کسر حصہ تقسیم ہوجائینگے مثلاً میت نے ۳ دادیان ۶ حقیقی بہنین ۳ چچا چھوڑے مسئلہ ۶ سے
ہوا (۱) سہام یعنی سدس تین دادیونکا - اور منجملہ چھہ سہام دو ثلث (۴) چھہ بہنون کے باقی
ایک تینون چچا کا ہوا اول فرقہ یعنی دادیون کے رؤس وسہام - ۱ اور ۳ مین نسبت تباین
ہے اسلئے کل عدد رؤس یعنی (۳) کو خیال مین رکھا - دوسرے فرقہ یعنی بہنونکے رؤس
وسہام ۶ اور ۴ مین نسبت توافق بالنصف ہے یعنی ۲ کا عدد چار کو دو بار اور ۶ کو
۳ بار تقسیم کرتا ہے پس رؤس کے عدد کا وفق (۳) خیال مین رکھا اور تیسرے فرقہ یعنی
چچاؤن کے عدد رؤس وسہام یعنی ۱ و ۳ مین بہی نسبت تباین ہے پس کل عدد رؤس
یعنی (۳) کو خیال مین رکھا اور تینون فرقون کے جو اعداد خیال مین ہین اون مین نسبت تماثل ہی

Marfat.com

یعنی سب مساوی ہین اس لیے ایک کسی فرقہ کے ۳ عدد کو اصل مسئلہ مین ضرب دی ۶ نزک ۱۸ ہوئے اور پھر ہر فریق کے سہام کو ۳ مین ضرب دی بلا کسر تقسیم ہوجاینگے تین دادیون کو ایک ایک مل گیا اور چھ بہنون کو چار ملے تھے چار تیان بارہ ہوئے چھون بہنون کو دو دو پہونچ گئے ۳ چچا کو ایک ملا تھا اب تین ہوکر ایک ایک تینون کو ملگیا۔ یہ شکل اصل مسئلہ مین ضرب دینے کی تھی اسی پر عول کی ضرب کو قیاس کرلینا چاہیے۔

اور اگر ان اعداد مین جو ہر ایک فرقہ کے بطریقہ مقررہ نکالے ہین نسبت تداخل ہو تو جو سب مین بڑا عدد ہو اُس کو مخرج خواہ عول مین (اگر ہوا ہی) ضرب دینا چاہیے تصحیح ہوجائیگی جیسے میت نے ۳ دادیان اور ۹ بہنین ۱۸ چچا چھوڑے (۶) سے تقسیم ہوگی پس دادیون کو ۱ بہنون کو ۴ ثلثان باقیماندہ چچاؤن کو دینے سے سب کے حصون مین کسر پڑی ہے اور دیکھا گیا تو فرقہ اول یعنی دادیون کے عدد رؤس و سہام ایک اور تین مین نسبت تباین ہے اس لیے اُس فرقہ کے کل رؤس کے عدد (۳) خیال مین رکھے اور فرقہ دوم یعنی بہنون کے رؤس و سہام ۴ و ۹ مین بھی نسبت تباین ہے اُس کا عدد رؤس (۹) خیال مین رکھا اور فرقہ ثالث چچاؤن کے رؤس و سہام مین بھی نسبت تباین ہی اُسکے عدد رؤس (۱۸) خیال مین رکھے پس ۳ اور ۹ اور ۱۸ مین باہم نسبت تداخل معلوم ہوئی بڑا عدد ۱۸ ہے اُسکو اصل مخرج (۶) مین ضرب دی ۱۰۸ ہوئے اور دادیون کے سہام مین ۱۸ کو ضرب دی تو ۱۸ ہوئے تینون کو چھ چھ بلا کسر پہونچ گئے نو بہنون کو چار ملے تھے اب ۱۸ مین ضرب دے کر ۷۲ ہوئے اور ہر ایک کو آٹھ آٹھ

Marfat.com

بلاکسر پہونچ گئے۔ ۱۰ چچاؤن کو ۱۰ ملے ایک ایک بلاکسر پہونچ گیا۔ اسی طرح عول کا قیاس کرنا چاہیے۔

اور اگر اعداد ملحوظہ کے باہم بعض سے بعض کو نسبت توافق ہو تو ایک فریق کے عدد کے وفق کو دوسرے فرقہ کے عدد حاصلہ مین ضرب دیجاے اور حاصل ضرب اور تیسرے فرقہ کے عدد حاصلہ کو دیکھا جاے اگر اُن مین بھی وفق ہے تو ایک کا وفق دوسرے فرقہ کے عدد حاصلہ مین ضرب دیا جاے اور اسی طرح ضرب دیتے دیتے آخر حاصل ضرب کو اصل مسئلہ مین یا عول مین (اگر ہوا ہی) ضرب دینے سے تصحیح ہو جائیگی۔

مثلاً میت نے زوجہ۔ چچا۔ بیٹیان۔ دادیان چھوڑین۔ (۲۴) سے تقسیم ترکہ کی ہوئی آٹھوان حصہ چار زوجہ کو اور دو ثلث ۱۶ ۱۰ بیٹیون کو اور سدس ۴ ۱۵ دادیون کو اور ایک بچا ہوا ۶ چچون کو۔ دیا جاے گا مگر سب کے حصہ مین کسر پڑتی ہے۔ اور دیکھا گیا تو فرقہ اول کے عدد رؤس و سہام (۳ و ۴) مین نسبت تباین ہی۔ دوسرے فرقہ کے رؤس و سہام (۴ و ۱۵) مین نسبت تباین اور تیسرے فرقہ کے رؤس و سہام ۱۶ و ۱۰ مین توافق بالنصف ہی۔ اور چوتھے فرقہ کے عدد رؤس و سہام ۱ و ۶ مین نسبت تباین ہے۔ پس تیسرے فرقہ کے رؤس کا عدد وفق ۹۔ اور باقی فرقون کے عدد رؤس ۴۔ ۱۵۔ ۶ جمع ہوئے اور غور کیا تو دوسرے اعداد حاصلہ مین بھی ۴۔ اور ۶ مین توافق بالنصف ہی اس لیے ایک کے آدھے کو دوسرے مین ضرب دی بارہ ۱۲ حاصل ہوئے یعنی خواہ ۴ کے آدھے کو ۶ مین ضرب دین خواہ ۶ کے آدھے کو چار مین ضرب دین ۱۲ ہوتے ہین۔ ۱۲ کو ۹ کے ساتھ توافق بالثلث ہی

Marfat.com

ایک کی تہائی کو دوسرے مین ضرب دی ۳۶ ہوئے (۱۲/۳۶ ۹/۳۶) ۳۶ کو ۱۵ اسے نسبت توافق بالثلث ہے پھر ایک کی تہائی دوسرے مین ضرب دی (۳۶/۱۸۰ ۱۵/۱۸۰) ۱۸۰ حاصل ہوئے ۱۸۰ کو اصل مسئلہ ۲۴ مین ضرب دی ۴۳۲۰ ہوئے اس سے کسر رفع ہوگئی اور مسئلہ صحیح ہوگیا یعنی زوجات کے ۳ سہام کو ۱۸۰ مین ضرب دی ۵۴۰ ہوکر ہر زوجہ کو ۱۳۵ پہونچے اور دادیون کے ۴ سہام کو ۱۸۰ مین ضرب دی ۷۲۰ ہوکر ہر ایک دادی کو ۴ سہام ملے بیٹیون کے ۱۶ سہام کو ۱۸۰ مین ضرب دینے سے ۲۸۸۰ ہوکر ہر ایک بیٹی کو ۱۶۰ سہام پہونچ گئے چچا کے ۱۸۰ سہام ہوکر چچون کو ۳۰ ۳۰ بلا کسر مل گئے۔

اور اگر اعداد حاصلہ ملحوظہ کے باہم ایک دوسرے مین نسبت تباین پائی جاوے تو ایک عدد کو دوسرے مین ضرب دیکر حاصل ضرب کی اور تیسرے فرقہ کے عدد حاصلہ کی نسبت دیکھنا چاہیے اگر انکے باہم بھی نسبت تباین ہو تو حاصل ضرب کو تیسرے فرقہ کے عدد حاصلہ سے ضرب دیجاوے اسی طرح ضرب دینے دیتے آخر حاصل ضرب کو مسئلہ یا عول مین ضرب دیکر تصحیح کرلی جاوے مثلاً میت نے دو زوجہ ۔ چھہ دادیان ۔ ۱۰ بیٹیان ۔ ۷ چچا چھوڑے مسئلہ ۲۴ سے ہوگا ثمن ۳ ہر دو زوجہ کا (انمین باہم نسبت تباین ہے انکا عدد (۲) ملحوظ رہے۔) سدس ۴ چھون دادیون کا (انمین توافق بالنصف ہی اس لیے عدد وفق (۳) خیال مین رہے) ثلثان ۱۶ دسون بیٹیون کے (انمین نسبت توافق بالنصف ہے عدد وفق (۵) خیال مین رہے) ایک مابقی ۷ چچاؤن کو ۔ اس مین نسبت تباین ہی عدد (۷) ملحوظ رہے پس کل اعداد ۲ ۔ ۳ ۔ ۵ ۔ ۷ ہوئے ان

مسئلہ ۱۲ عول ۱۱
زوجہ ۔ حقیقی بہنیں ۔ جدہ

مسئلہ ۲۴ ۔ ۵۰۴۰
زوجہ ۔ دادیان ۔ بیٹیاں ۔ چچا

Marfat.com

سب مین نسبت تباین ہے لہذا دو کو ۳ مین ضرب دی ۶ ہوئے ۶ کو ۵ مین ضرب دی ۳۰ ہوئے ۳۰ کو ۷ مین ۲۱۰ ہوئے اس عدد اخیر حاصل ضرب کو اصل مسئلہ ۲۴ مین ضرب دی ۵۰۴۰ ہوئے اب ہر دو زوجات کے سہام ۳ کو ۲۱۰ مین ضرب دی ۶۳۰ ہوئے ۳۱۵ ہر ایک کا حصہ ہوگیا۔ دادیون کے ۴ سہام تھے ۴ کو ۲۱۰ مین ضرب دی ۸۴۰ ہوئے ہر ایک دادی کو ۱۴۰ سہام پہونچ گئے۔ ۱۶ سہام ۱۰ بیٹیون کے تھے ۱۶ کو ۲۱۰ مین ضرب دی ۳۳۶۰ ہوئے ہر ایک لڑکی کو ۳۳۶ پہونچے اور ۲۱۰ سات چچون کو ملے (۳۰) سہام ہر ایک چچا کو ملے۔ اسی پر مسئلہ عول شدہ کو قیاس کرلیا جائے۔

فصل ششم رد کا بیان

اگر حصہ دار تھوڑے ہون اور مال زیادہ یعنی حصہ پانے ذوی الفروض کو دیکر کسی قدر مال بچا ہے اور کوئی وارث عصبہ نہین ہے جس کو مال باقیماندہ دیا جاوے تو وہ مال پھر انھین ذوی الفروض پر رد کرنا چاہیے اور اس امر کا لحاظ کرلینا چاہیے کہ جن حصہ دارون کو مال کا دینا ہے وہ ایک ہی طرح کے حصہ والے ہین مثلاً سب ثلث ہی کے پانے والے یا سب سدس ہی کے پانے والے یا سب ثلثان ہی پانے والے ہین یا دو تین طرح کے حصہ پانے والے ہن کوئی ثلث کا کوئی نصف کا کوئی ثلثان وغیرہ کا۔ اور ان حصہ دارون کے ساتھ کوئی ایسا حصہ دار جس کو دوبارہ پھیر کر مال نہین دیا جاتا (یعنی زوجہ یا شوہر) ہے یا نہین۔ پہلی شکل مین مرے ہی سے کل مال اُن وارثون پر پورا بانٹ دیا جائیگا دوبارہ تقسیم کی

Marfat.com

ضرورت نہین جو حصہ اُن کو پہونچے گا سمجھ لیا جاوے گا کہ اِس مین اُنکا فرض معین اور مال ردشدہ سب ہی مثلاً وارث دو لڑکیان یا دو بہنین حقیقی ہین یہ دونو ایک ہی (حصہ مقررہ) سے حصہ دار ہین یعنی جو حصہ اُس کا ہے وہی اِسکا ہے دو ثلث مین دونو شریک ہین پس کل مال برابر دونو مین تقسیم کر دیا جاوے گا اور سمجھ لیا جاوے گا کہ اِس مین دو ثلث حصہ مقررہ کا اِن دونو کو ملا ہے اور ایک ثلث رد ہو کر پہونچا ہے یون آدھا آدھا مال ملگیا ہے۔

یا مثلاً میت نے دادی اور اخیافی بہن چھوڑی دونو کا سدس سدس ہی کل مال آدھا آدھا دیدیا گیا ایک ایک سدس حصہ مقررہ کا باقی بوجہ ہونے اور کسی وارث کے رد ہو کر ورنہ (۶) سے تقسیم ترکہ ہو کر ایک ایک عدد سدس کا ملتا پھر دوبارہ رد ہو کر پہونچتا یہ جھگڑا نہ رہا۔

[۲] اور اگر دو تین طرح کے حصہ دار ہین مثلاً ایک ثلث دوسرا سدس کا تو کم عدد سے یعنی تین سے تقسیم کیجائیگی جیسے دو اخیافی بھائی اور ماں وارث ہین اگر تقسیم ۶ سے کر کر ایک ثلث (۲ سہام) ماں کو اور ایک سدس (ایک سہام) اخیافی بھائیون کو دیتے ہین تو تین سہام بچتے ہین وہ رد کرنے کے لیے پھر دوبارہ تقسیم کرنا ہونگے اِس لیے اول ہی کل مال تین حصون پر تقسیم کر کر دو حصہ ماں کو ایک حصہ بھائیون کو دیدیا۔

اور اگر آدھا اور سدس پانے والے وارث ہین تو چار پر تقسیم ہو کر مال بانٹا جائیگا مثلاً ایک بیٹی اور ایک پوتی وارث ہے تقسیم (۶) سے کرنے مین ۳ سہام لڑکی کو نصف حصہ کے اور ایک سہام پوتی کو سدس کا دینے سے (۲)

Marfat.com

بچتے ہین اور دوبارہ تقسیم کرنا پڑتا ہے اول چار جگہ کرکر ۳ بیٹی کو اور ایک حصہ مال پوتی کو دیدیا۔

اور اگر دو ثلث اور ایک سدس پانے والے وارث ہین جیسے دو بیٹیاں اور ماں تو تقسیم (۶) سے کرنے مین طوالت ہے پہلے ہی سے پانچ حصے پر فرض بانٹ دیا ۴ حصہ مال دونو بیٹیون کو ایک حصہ ماں کو دیدیا۔

۳ اور اگر ان ورثا کے ساتھ جو ایک جنس کے ہین کوئی ایسا بھی وارث ہو (یعنی احد الزوجین) ہے جس کو دوبارہ رد کر کر مال نہین دیا جاتا تو کم سے کم مخرج سے زوج یا زوجہ کا مقررہ حصہ دیکر باقی مال باقی وارثون کو رد کیا جاوے گا مثلاً میت نے زوج اور تین لڑکیان چھوڑین پس زوج کا حصہ چہارم کم سے کم مخرج (۴) سے نکال کر اسکو (۱) سہام تجویز کیا باقی تینون سہام تینون لڑکیون کو دیدیے اس مین دو ثلث معین حصہ اور رد شدہ مال سب آگیا اور ایک ایک تینون نے پالیا۔

اور اگر باقی ماندہ سہام باقی رؤس پر پورے نہ بٹھین تو یہ دیکھا جاوے گا کہ باہین عدد رؤس و عدد سہام کیا نسبت ہے اگر نسبت موافقت کی ہے تو اس عدد کو جسپر تعداد وارثون کی او سہام کی پوری بٹتی ہے اصل مسئلہ مین ضرب دیکر بقدر حصہ پاے معین سب کو بانٹ دینگے مثلاً زوج کے ساتھ چھ بیٹیاں ہون تو چار سے تقسیم کرکر ایک سہام زوج کو دینے سے (۶) بیٹیون کے لیے ۳ سہام بچتے ہین اور وہ پورے نہین بٹ سکتے مگر عدد رؤس ۶ اور عدد سہام ۳ مین موافقت ہے پس عدد وفق یعنی ۲ مین اصل مخرج کو ضرب دی (۸) حاصل ہوئے اسکو بقدر حصہ

Marfat.com

معینہ سب پر بانٹ دیا زوج کو چہارم - لڑکیون کو باقی دو ثلث - اور اگر باقیماندہ عدد باقی وارثون پر پورا نہ بٹ سکے اور باہم دونو عدد روٗس و سہام مین نسبت تباین ہو تو عدد روٗس کو مخرج مین ضرب دیجائیگی مثلاً زوج اور پانچ لڑکیان ہین چار پر تقسیم کر کر ایک زوج کو دیا - باقی ۳ سہام ۵ لڑکیون پر بٹ نہین سکتے اور ۵ عدد روٗس و ۳ عدد سہام مین باہم نسبت تباین ہے لہذا اصل مسئلہ ۴ کو ۵ مین ضرب دی ۲۰ ہوئے زوج کے ایک سہام کو بھی ۵ مین ضرب دیکر ۵ کر لیا اور لڑکیون کے ۳ سہام کو ۵ مین ضرب دیکر ۱۵ کر لیا پانچون لڑکیون کو تین تین سہام بلاکسر تقسیم ہو گئے -

اور اگر ان ورثا کے ساتھ جو مختلف طرح کے حصہ دار ہین کوئی وارث ایسا ہی جسکو مال دوبارہ رد سے نہین ملتا (یعنی زوجہ یا شوہر) تو کم سے کم مخرج مین سے اُس وارث کا حصہ نکال کر باقی اور وارثون کو دینا چاہیے اگر باقی سہام باقی وارثون پر ٹھیک بٹ جائین تو بہتر ہے جیسے میت نے زوجہ اور چار دادیان اور چھ اخیافی بہنین چھوڑین زوجہ کا حصہ چہارم ہے چار سے کل ترکہ کی تقسیم کر کر ایک زوجہ کو دیا باقی ۳ سہام بچے اور باقی وارث ایک ثلث اور سدس کے مستحق ہین انکی تقسیم (۳) سے ہوگی ۲ ثلث بہنون کو ۱ سدس دادیون کو دیدینا چاہیے - اور اگر پورا بانٹ نہین ہو سکتا ہو - تو باقیماندہ وارثون کا جو مخرج تقسیم ہو اُسکو اصل مخرج مین ضرب دینا چاہیے جو حاصل ضرب ہو اُس سے میت کے ترکہ کی ٹھیک ٹھیک تقسیم ہوجائیگی مثلاً میت نے چار زوجین ۹ لڑکیان - چھ دادیان چھوڑین اول ۸ سے تقسیم کر کر ۱/۸ چارون زوجہ کو دیدیا باقی رہے (۷) عدد اور باقی وارث ثلثان

زوج ۵ لڑکیان

زوجہ ۴ دادیان ۶ اخیافی بہنین

۴ زوجہ ۹ لڑکیان ۶ دادیان

Marfat.com

اور سدس کے مستحق ہین اُنکے حصون کی تعداد (۵) ہوتی ہے یعنی ۴ کے دو ثلث (۴) اور سدس (۱) اور ۵ و ۷ مین نسبت تباین ہی پس ۵ عدد روس کو ۸ اصل مسئلہ مین ضرب دینے سے ۴۰ حاصل ہوے زوجات کے سہام کو ضرب دینے سے ۱۰ ہو گئے اور باقی سات کو بھی جو منجملہ ۸ موجود ہین ۵ مین ضرب دی ۳۵ ہوے اسمین ۲۸ لڑکیون کے ہین اور سات دادیونکے **فایدہ** زوجات اور لڑکیون اور دادیون کے سہام سب کے کسر کے ساتھ ملے ہین اسلیے بقاعدہ تصحیح درستی ممکن ہی۔

ساتوین فصل مناسخہ کا بیان

اگر کوئی شخص چند وارث چھوڑ کر مرجاے اور اُن ورثا مین سے بعض وارث قبل تقسیم ترکہ وفات پاجاوین تو اب ترکہ کو تقسیم کرکر حق باقی ورثا کا جو دینا ہوتا ہے اسکو مناسخہ کہتے ہین۔ مناسخہ کے معنی نقل و تحویل کے ہین اس مین بعض وارثون کے سہام اُنکے ورثا کی طرف نقل و تحویل کیے جاتے ہین اس کا قاعدہ یہ ہے کہ اولا میت اول کے ورثا قایم کیے جاوینگے اور یہ تصور کرنا پڑے گا کہ جو ورثا وقت وفات میت اول کے زندہ تھے اب بھی زندہ ہین اور اپنا حصہ پاوینگے۔

پس اول پہلی میت کا ترکہ اُسکے وارثون پر جو اُسنے زندہ چھوڑے کم سے کم عدد سے جہان تک کہ کسر واقع نہو حسب طریقہ مقررہ تقسیم کیا جاے گا پھر جو شخص وارثون مین سے اول مرا ہے اُسکا حصہ (جسکو ما فی الید کہتے ہین) اُسکے وارثون میں تقسیم کیا جاے گا۔

اور اگر دونو تقسیمین ایک ہی سی ہون اور وارث میت ثانی وہی وارث

میت اول ہین تو پہلے ہی سے میت ثانی کو وقت تقسیم ترکہ میت اول نکال ڈالا جاویگا گویا یہ تھا ہی نہین مثلاً ایک شخص تین لڑکے چھوڑکر مرا تین حصہ پر ترکہ تقسیم ہونا چاہیے مگر قبل تقسیم ترکہ ایک لڑکا مرگیا اُس نے وہی وارث دو بھائی چھوڑے ہر طرح انھین کو ترکہ ملتا اس لیے اول ہی میت اول کی جایداد دو جگہ تقسیم ہوجائیگی۔

اگر ایسا نہین ہے تو میت ثانی کے ترکہ کی تقسیم علحدہ کیجائیگی اگر اُسکا ترکہ اُسکے ورثا پر ٹھیک ٹھیک تقسیم ہوگیا تو بہتر ہی جیسے اس صورت مین (کہ زید نے وفات پائی اور دو بیٹیان۔ زوجہ۔ دادی۔ وارث چھوڑے ۲۴ سے مسئلہ ہوا مخرج سے سہام زائد ۱۶، ۳، ۴، ۴ مین اس لیے عول ۲۷ سے ہوا اب ایک بیٹی مری اُس نے ایک بہن۔ ایک ماں۔ ایک دادی ۳ ۱ ایک بیٹا وارث چھوڑے ۶ سے مسئلہ ہوا پوری تقسیم ہوگئی) ورنہ دیکھا جائے گا کہ اس میت ثانی کے حصہ یعنی ما فی الید اور اُسکے وارثون کے سہام مین کیا نسبت ہے اگر نسبت توافق ہی تو وفق مخرج میت ثانی کو اصل مخرج میت اول یعنی اصل مسئلہ مین ضرب دینا چاہیے اور اُسی عدد وفق سے میت اول کے سب سہامون مین ضرب دیجاے اور میت ثانی کے سہامون کو میت ثانی کے ما فی الید کے عدد وفق سے ضرب دیدیا جاے جیسے اول زید نے وفات پائی اور ایک دادی کریمہ۔ ماں فہیمہ۔ دو بیٹیان ایک نعیمہ ایک عظیمہ۔ ایک زوجہ سلمی ۴ ۴ ۱۶ ۳ وارث چھوڑے چوبیس ۲۴ سے مسئلہ ہوکر بوجہ زیادتی سہام کے ۲۷ سے عول ہوا ۴ ماں کو ۴ دادی کو ۸ نعیمہ اور عظیمہ کو ۳ سلمی کو ملے۔ پھر میت کی بیٹی نعیمہ نے وفات پائی اور دادی فہیمہ یعنی والدہ زید اور بہن یعنی عظیمہ بنت ثانی زید اور ماں سلمی یعنی زوجہ زید اور اپنی دو لڑکیاں نعیمہ ۱۱ و تحمیدہ ۵ وارث چھوڑے

مسئلہ ۸ سے ہوگا ایک ایک دادی اور ماں کو چاہیے اور ثلثان چار یعنی دو دو لڑکیوں کو چاہیے بن عصبہ ہی مگر اُس کو کچھ نہ بچا ما فی الید اس میت ثانی کے ترکہ پدری سے ۸ سہام ہیں اور آٹھ اور چھ میں توافق بالنصف ہے (یعنی دو ۲ و بیان چھ ۶ ۔ اور دو ۲ چوک آٹھ ۔) پس مخرج میت ثانی یعنی چھ کا وفق ۳ ہے اُس سے اصل مسئلہ میت اول یعنی ۲۰ کو ضرب دیکر ۶۰ کیا اور میت اول کے کل ورثا کے حصوں کو ۳ میں ضرب دیدی دادی کے ۔ ماں کے ۔ بہن کے زوجہ کے ۔ اور اس میت ثانی نعیمہ کے ورثا کے سہاموں کو اسکے ما فی الید (یعنی آٹھ کے) جزو وفق ۴ سے ضرب دی دادی کے ۔ ماں کے ۔ دو نواسیوں اور اگر ما بین ما فی الید میت ثانی اور مخرج کے نسبت تباین ہوگی تو کل مخرج میت ثانی کو اصل مخرج میت اول میں ضرب دیجائیگی جیسے صورت مذکورہ میں سلمی زوجہ میت اول کا انتقال ہوا اور اُس نے عظیمہ بیٹی عمر و حقیقی بھائی وارث چھوڑے تقسیم ترکہ کی (۲) سے ہوگی ایک سہام بیٹی کا ۔ ایک بھائی کا ۔ اور ما فی الید سلمی کا (۱۳) سہام ہیں اور تیرہ ۱۳ اور دو ۲ میں نسبت تباین ہی پس اصل میت اول کے مسئلہ میں (۲) سے ضرب دیکر میت اول کے وارثوں کے سہام بلکہ اس میت سے پہلے جتنے اور وارث مرے ہیں سب کے ورثا کے سہام کو دو ہی میں ضرب دی جائیگی اور خود اس میت کے وارثوں کے سہام کو اسکے ما فی الید میں ضرب دینگے پس سب میتوں کے ورثا کے سہام تو دو میں ضرب دینے سے دوگنے ہو گئے اور اس میت کے ورثا کے سہام تیرہ میں ضرب دینے سے ۱۳ ۔ ۱۳ ۔ ہو گئے ۔

Marfat.com

الغرض میت ثالث کے ترکہ کی تقسیم کے وقت میت ثانی و اول کو ایک ہی سمجھینگے مسئلہ اول ہی مین عمل کیا جاوے گا صرف میت ثانی کے سہام کو ضرب دیدیجا ئیگی ۔

اور میت رابع کے ترکہ کی تقسیم کے وقت میت اول و ثانی و ثالث کو ایک تصور کرینگے تصحیح مسئلہ اول ہی مین ہوتی رہیگی ۔ اسی طرح جس قدر وارث مرے ہونگے سب ترکہ کی تقسیم کرتے کرتے آخر کو جو اشخاص زندہ ہون اُنکے نام کو احیا کی مد میں لکھکر اُسکے نیچے درج کرنا چاہیے اور جس کو جو ملا چکا ہے (ایک میت کے ترکہ سے یا چند میت کے ترکہ سے) وہ سب جمع ہو کر اُسکے نام کے نیچے لکھدینا چاہیے مثلاً صورت مذکورہ بالا مین زید کی دادی کریمہ زندہ ہی زید کی مان فہیمہ زندہ ہی ۔ زید کی بیٹی عظیمہ زندہ ہی اور زید کی دو نواسیان حمیدہ اور مجیدہ موجود ہین اُنکے ۱۶ ۱۶ ہین ۔ زید کی زوجہ کا بھائی عمر زندہ ہی ۔

ہم ذیل مین اسی مسئلہ مناسخہ کو تحریر کرتے ہین اُس سے معلوم ہو گا کہ فرایض کے لکھنے کا کیا طریقہ ہی ۔

مسئلہ ۲۴ تصحیح ۔۔۔ مسئلہ کی تصحیح
عول ۲۷ میت ثالث ۸۱ ۱۶۲

اول

میت زید

یک زوجہ سلمیٰ	دادی کریمہ	مان فہیمہ	نعیمہ بیٹی	عظیمہ بیٹی
۳	۴	۴	۸	۸
	۱۲	۱۲		۲۴
	۲۴	۲۴		۴۸

Marfat.com

مسئلہ ۶ جز وفق ۳ — توافق بالنصف — نعیمہ مف جز وفق ثانی

بہن عظیمہ	بیٹی مجیدہ	بیٹی حمیدہ	ماں سلمی	دادی فہیمہ
یک	دو یک	یک	۱/۴	یک ۱/۴
+	۲/۸/۱۶	۲/۸/۱۶		۸

مسئلہ ۲ — تباین — سلمی مف ۱۳ ثالث

بھائی حقیقی عمرو	بنت عظیمہ
یک	یک
۱/۱۳	۱/۱۳

الاحیاء — المبلغ ۱۶۲

کریمہ	فہیمہ	عظیمہ	حمیدہ	مجیدہ	عمرو
۲۴	۳۲	۶۱	۱۶	۱۶	۱۳

شکل مندرجہ بالا مین آڑا خط لفظ میت کے لئے ہی اور مسئلہ مین ۲۴ و ۲۷ کے درمیان عول کا لفظ ہی اور ۲۷-۸۱ کے درمیان (ت) علامت "تا" سے تصحیح کی ہی یعنی تصحیح مسئلہ کی ۸۱ سے ہوئی پھر عدد ۱۶۲ سے کی گئی (اور ۸۱-۱۶۲) کبھی بجاے ت کے لفظ تصحیح بھی لکھدیتے ہین۔ نعیمہ اور سلمی کے نام پر کنڈلی یعنی یہ شکل ⁝ علامت وفات کی ہی بعد اس خط کے کھینچدینے کے پھر اُس کو کسی میت کے ترکہ سے حصہ نہین ملتا۔ المبلغ سے یہ مطلب ہی کہ کل ترکہ میت کے اسقدر سہام ہوئے اور الاحیاء سے یہ مراد ہی کہ یہ اشخاص زندہ موجود ہین اور اُنکے اسقدر حصہ ہین۔

Marfat.com

آٹھوین فصل حمل کا بیان

اگر میت نے کسی ایسی عورت کو جسکی اولاد میت کے ترکہ کی وارث ہوتی ہی حاملہ چھوڑا تو تقسیم ترکہ کے وقت اُس حمل کا حصہ ایک لڑکا یا ایک لڑکی کا (جو لسان زیادہ ہوتا ہو) امانت رکھہ لیا جاے گا مثلاً ایک شخص نے ماں باپ بیٹی حمل زوجہ چار وارث چھوڑے اگر حمل لڑکا تصور کیا جاے گا تو مسئلہ ۲۴ سے ہوگا ایک ایک سدس ماں باپ کا آٹھواں حصہ زوجہ کا باقی ۱۳ سہام بیٹی اور حمل (یعنی لڑکے) کے مرد کو دوگنا عورت سے۔ اس طرح بٹ جاوینگے اس حالت مین حمل کے ۸⅔ سہام ہوے۔

اور اگر حمل کو لڑکی مانا جاوے تو مسئلہ ۲۴ سے ہوکر عول ۲۷ سے ہوگا۔ چار چار ماں باپ کے تین زوجہ کے دو ثلث ۱۶ دونون لڑکیون کے (ایک موجودہ لڑکی ایک حمل کی لڑکی) اس حالت مین حمل کے ۸ سہام ہوے۔ پھر اگر حمل کا بچہ پیدا ہوا اور وہ مستحق اُس حصہ کا نہین ہی جو اُسکے لیے رکھا تھا بلکہ کم کا مستحق ہی تو وہ زیادتی یعنی بچت جس کا حق ہی اُسکو دیدیجائیگی۔

طریقہ اُس کا یہ ہے کہ حمل کو لڑکا سمجھکر مسئلہ کیا جاوے اور جو مخرج ہو اُسکو خیال مین رکھا جاے اور لڑکی سمجھکر مسئلہ کیا جاے اُسکو بھی خیال مین رکھا جاے ان دونو مخرجون کے عددون کے باہم دیکھا جاے کیا نسبت ہی اگر نسبت توافق ہی تو ایک کے جزء وفق کو دوسرے مخرج مین ضرب دیا جاے حاصل ضرب کو مسئلہ کی تصحیح سمجھا جاے اور اگر باہم دونو مخرجون کے نسبت تباین ہے

Marfat.com

تو ایک مخرج کو دوسرے مخرج مین ضرب دیجاے حاصل ضرب تصحیح ہے پھر لڑکی والے مسئلہ مین جو حصہ ہر ہر شخص کا ہی اُس مین بصورت توافق اُسی جزو وفق کو ضرب دینا چاہیے اور بصورت تباین کل مخرج کو ضرب دینا چاہیے اِس طرح سے ایک ایک شخص کا حصہ نکل آوے گا پس جو حصہ کی مقدار کہ حمل کو لڑکی سمجھنے کے حالت مین نکلی ہی ہر ایک شخص کو بانٹ دے جائے اور جو زیادہ بچے وہ امانت رکھی جاے اگر حمل لڑکا پیدا ہوا وہ سب باقی اُس کا حصہ ہے اگر لڑکی ہوئی تو سب حصہ والون کی فاضلات جو بچائی تھی سب کو واپس کرکر باقی حصہ اس لڑکی کا بچے گا وہ اسکو دینا چاہیے - مثلاً صورت مذکورہ بالا مین بصورت لڑکی تصور کرنیکے مسئلہ کا مخرج ۲۷ ہی اور بحالت لڑکا سمجھنے کے ۲۴ دیکھا گیا تو ۲۴ و ۲۷ مین توافق بالثلث ہے ۸ تباین ۲۴ - ۹ تباین ۲۷ - جزو وفق مخرج کو دوسرے مخرج مین ضرب دینا چاہیے خواہ اِس کو اُس مین یا اُسکو اِسمین یعنی ۲۴/۲۱۶ اور ۲۷/۲۱۶ پس ۲۱۶ عدد جو حاصل ہوے یہ مسئلہ کی تصحیح ہی اور لڑکی ماننے کی حالت مین جو مسئلہ کیا تھا اُسمین ماں باپ کو چار - چار ملتے تھے اور زوجہ کو ۳ بیٹی کو ۱۳ - اِن سب کے سہامون کو اُسی جزو وفق یعنی ۸ مین ضرب دی ماں کے ۴/۳۲ اور باپ کے ۴/۳۲ زوجہ کے ۳/۲۴ بیٹی اور حمل کے ۱۳/۱۰۴ ہوے اور حمل کو لڑکا ماننے کی حالت مین ماں باپ کے چار چار زوجہ کے ۳ بیٹی اور حمل کے ۱۳ ہوتے تھے اِن سب کے سہامون کو دوسرے مسئلہ کے جزو وفق ۹ مین ضرب دی ماں کے ۴/۳۶ زوجہ کے ۳/۲۷ بیٹی اور حمل کے ۱۳/۱۱۷ ہوے پس حاصل ضرب یعنی ۲۱۶ سہام مین سے لڑکی والے مسئلہ کے سہام یعنی ۳۲ ماں کو ۳۲ باپ کو ۲۴ زوجہ کو ۱۳ بیٹی کو جملہ ۱۰ اسہام دیدے باقی فاضلات ۴ ان کے ۴ باپ کے ۳ زوجہ کے

Marfat.com

۴۔ احمل کے جملہ (۱۱۵) امانت رکھے اگر لڑکا ہوا تو باپ ماں کے چار چار اور زوجہ کے ۳۔ واپس دیگر باقیماندہ ۴۰۔ ۱اور لڑکی کو دیے ہوئے ۱۳ جملہ ۱۱۷ ملاکر بھائی بہن کو دے جائینگے اس طرح کہ مرد کو عورت سے دوگنا۔

اور اگر لڑکی ہوئی تو باپ ماں زوجہ کو کچھ نہ دیکر کل ۱۱۵۔ اور لڑکی کو دیے ہوئے ۱۳ جملہ ۱۲۸ برابر برابر بانٹ دیے جائینگے۔

نوین فصل مفقود کا بیان

جو شخص گھر سے باہر چلا گیا ہو اور اسکے مرنے جینے کا کچھ حال نہ معلوم ہو اُسکو مفقود کہتے ہین اُسکی پیدائش کے دن سے نوّے برس تک اُسکی جایداد تقسیم نہوگی۔ اور جو دیگر اشخاص کے ترکہ سے اُسکو اس عرصہ مین حصہ پہونچے وہ بھی امانت رکھا جائیگا جب نوّے برس گزر جائین تو جو وارث اُسکے اب زندہ ہون اُنپر اُسکی جایداد تقسیم ہوگی اور جو مال اُسکے اور مورثون سے اس عرصہ مین اگر امانت رکھا گیا تھا وہ اب اُن لوگون کے وارثون کو حصہ رسدی واپس دیا جائیگا۔

اگر کسی مسلمان کو دار الحرب باہر قید کرلیجائین اور اُسکا حال نہ معلوم ہو تو وہ بھی مفقود سمجھا جائیگا۔

دسوین فصل تخارج کا بیان

اگر کوئی وارث صلح و رضامندی سے اپنے حصہ کے بدلے کوئی چیز لیکر حصہ سے دست برداری کرے تو درست ہے اُسکو کچھ نہ دیا جائیگا لیکن مسئلہ کی تصحیح اُسکے

Marfat.com

سہام سمیت کرکر اُسکے سہام علحدہ کردیے جاینگے اور باقی سہام پر ترکہ کی تقسیم ہوجائیگی مثلاً میت نے زوج اور ماں اور چچا وارث چھوڑے مسئلہ ۶ سے ہوگا زوج کو نصف ماں کو ثلث باقیماندہ چچا کو۔ پس اگر زوج نے مہر کی معافی کے عوض اپنا حصہ چھوڑ دیا اُسکا حصہ شمار سے علحدہ کرکر کل مال تین سہام پر تقسیم کردیا جائیگا دو سہام ماں کے ایک چچا کا۔ یا مثلاً چچا اپنے حصہ سے دستبردار ہوگیا تو کل مال پانچ حصہ پر تقسیم ہوگا ۳ حصہ زوج کو اور دو ماں کو ملین گے۔

گیارہوین فصل وراثت متعلق مذاہب امامیہ

سنی وشیعہ مین تقسیم حصص کے قاعدہ تو یکسان ہین (بجز اسکے کہ عول نہین ہوتا ہی یعنی اگر ترکہ کل ورثا مین بے کسر تقسیم نہو سکے تو حصہ رسدی سہامی کیجائیگی۔ اور زوجین مین سے شوہر مستحق رد ہی۔) مگر اقسام حصص وارثان مین فرق ہی۔ وارث تین قسم کے ہین وارثان نسبی وارثان سببی وارثان ولا۔ وارثان نسبی کے چار درجہ ہین (۱) اصول محدود یعنی صرف باپ ماں اور فروع غیر محدود یعنی۔ بیٹا۔ بیٹی۔ پوتا۔ پوتی۔ پروتا۔ پروتی۔ (نیچے تک) انہین بمقابلہ وارث قریب وارث بعید مستحق ترکہ نہین ہوتا اور بموجودگی اولاد سواے والدین وزوجہ وشوہر کوئی وارث حصہ نہین پاتا اور اولاد پسر کو پسر کا اولاد دختر کو دختر کا حصہ ملتا ہی۔

(۲) دادا۔ دادی۔ بھائی۔ بہن۔ اور انکی اولاد۔ انہین بھی بمقابلہ وارث قریب وارث بعید غیر مستحق ہی مثلاً بھتیجا بموجودگی بھائی۔ بہن۔ اور بھائی کا پوتا بمقابلہ بھتیجے بھانجے کے مستحق ترکہ نہین۔ (۳) چچا۔ پھوپھی۔ خالہ۔ ماموں۔ اور انکی اولاد۔ انکے باہم بھی لحاظ قریب وبعید کا کیاجاتا ہی (۴) ماں۔ باپ کے چچا۔ پھوپھی۔ ماموں۔ خالہ۔ ان چارون درجہ کے باہم بھی اول درجہ دوسرے پر دوسرا تیسرے پر تیسرا چوتھے پر مقدم ہی اگر درجہ دل

Marfat.com

کوئی وارث از قسم اناث بھی موجود ہو تو درجہ دوم کا وارث خواہ از قسم ذکور ہی کیون نہو مستحق نہین ہی
اور حقیقی چچا پھوپھی۔ ماموں۔ خالہ کے ہوتے۔ اخیافی چچا پھوپھی۔ ماموں۔ خالہ
کو ترکہ نہین پہونچتا۔ مگر وہ اخیافی رشتہ دار بمقابلہ حقیقی محروم نہین ہوتا جس کا شمار ذوی الفروض مین ہو
مثلاً ایک اخیافی بہن باوجود حقیقی بہن کے ایک سدس اور چند اخیافی بھنین حقیقی بہن کے ہوتے ایک ثلث
پائینگی۔ واسطہ دار مرد کو واسطہ دار عورت سے دوگنا ملیگا مثلاً چچا کو بمقابلہ خالہ دوگنا ملیگا حقیقی بھائی کا
بیٹا اخیافی بھائی کو محروم نہین کرتا اگر کوئی شخص دو جہت سے وارث ہو تو بمقابلہ دوسرے وارث کے
اپنی دو جہتون کے اعتبار سے زیادہ پائیگا۔

ورثائے سببی وہ قرابت دار ہین جنکو نکاح کے سبب سے ترکہ پہونچتا ہی یعنی شوہر اور زوجہ۔ اگر سوا
خاوند کے کوئی وارث نہو تو خاوند سب متروکہ کا مالک ہوتا ہی۔ اور خاوند مرجاے اور سوا اُسکی
عورت کے کوئی اور وارث نہو تو زوجہ کو صرف چہارم ملتا ہی۔ باقی خزانہ مین جمع ہوگا۔ اگر کوئی شخص
بحالت بیماری نکاح کرکر قبل از خلوت اُس مرض مین مرجاے تو اُسکی عورت کو اُسکا ترکہ نہ پہونچیگا
اور وہ عورت اُس سے پیشتر مرجاے تو یہ عورت کا ترکہ نہ پاے گا اور اگر عورت کی بیماری مین
نکاح ہوا ہو اور قبل از خلوت شوہر مرجاے تو عورت حصہ پاے گی۔

ورثاے ولا مین ایک وہ شخص ہی جس نے غلام کو آزاد کیا اور غلام کا کوئی وارث نہین تو یہ
وارث ہوگا (یہ قسم ہندوستان مین نہین ہی۔) دوسرا وہ جس نے کسی شخص غیر سے معاہدہ
کرلیا ہو کہ ہم مرجائین تو تو وارث ہی تو وہ اسکے مرنے کے بعد اسکا وارث ہوگا۔

فائدہ وقت تقسیم ترکہ خاص بڑے لڑکے کو باپ کی تلوار اور پوشاک اور قرآن شریف
اور انگوٹھی دیجاے گی۔

Marfat.com

دوسرا باب وصیت مین

وصیت سے مراد ہی کسی شئے کا کسی شخص کو بعد موت مالک کر دینا جو شخص وصیت کرے وہ مُوصِی ہی اور جس سے وصیت کیجائے وہ وصی ہی اور جو چیز بعد موت موصی کے دوسرے شخص کی ملکیت مین آنیوالی ہی وہ موصیٰ بہ ہے اور وہ دوسرا شخص مُوصیٰ لہ مثلاً زید نی بکر سے وصیت کی کہ ہمارا مکان بعد ہمارے خالد کو دیدینا پس زید مُوصِی ہی بکر وصی مکان مُوصیٰ بہ ہے خالد مُوصیٰ لہ وصیت کرنے والا عاقل بالغ ہونا چاہیے وقت وصیت موصیٰ لہ کا زندہ ہونا یا حمل مین ہونا ضروری ہے اور یہہ بھی ضروری ہی کہ جس چیز کی وصیت کیجاتی ہے وہ مُوصِی کی ملکیت سی ہو بالفعل موجود ہو یا معدوم ہو جیسے باغ کے درختون کے پھل اور جس چیز کی وصیت کیجاتی ہی وہ پہلے سے مُوصیٰ لہ کی ملکیت مین نہو مثلاً پہلے ہی مُوصیٰ لہ کو ہبہ کر دی ہے تو اوس شئے کی وصیت ناجائز ہے وصیت جایداد منقولہ کی ہو یا غیر منقولہ کی تحریری ہو یا زبانی ایک سی وقعت رکھتی ہی لیکن نظر بعمل درآمد قانونی وصیت تحریری جہانتک کہ قانوناً باعتبار اسٹام و رجسٹری زیادہ مضبوط کیگئی ہو قوی تر وقعت ہی متصور ہوتی ہے وصیت وارث کے حق مین جاری نہین ہوتی مگر بعد موت موصیٰ لہ کا وارث ہونا دیکھا جاتا ہی پس اگر کسی وارث کے حق مین وصیت کی اور بعد موت مُوصِی وہ وارث محجوب الارث ہو جاسے تو وصیت جاری ہو سکتی ہی اور اگر ایک شخص غیر کے حق مین وصیت کیگئی اور وہ بعد موت مُوصِی وارث ہو جاسے تو وصیت جاری

Marfat.com

نہین ہوسکتی مثلاً بھائی کے حق مین وصیت کی گئی حال آنکہ وارث ہے
پھر بیٹا پیدا ہوا بھائی محروم ہوگیا وصیت جاری ہوگی۔
وصیت وارث کے حق مین بھی ثلث مال تک ہوسکتی ہے اگرچہ ورثا
روا نہ رکھتی ہون۔
اور اگر بعد موت مورث ورثا اجازت دین
تو ثلث سے زیادہ کی بھی وصیت جاری ہوسکتی ہے ورثا کی
اجازت بحالت حیات مورث جائز نہین ہوسکتی اسواسطے کہ اونکو ابھی
حق وراثت حاصل نہین ہے اگر کوئی وارث نہو تو کل مال کی وصیت
ہوسکتی ہے وصیت قاتل نابالغ دیوانون کے حق مین بھی جائز ہے وصیت کرکر
انکار کردینا یعنی اپنے قول سے پھر جانا جائز ہے خواہ صراحتہً کہدے
یا کوئی کام ایسا کرے جس سے قطع وصیت ہوجائے مثلاً ایک کپڑے
کی کسی شخص کو وصیت کی پھر اوسکا انگرکھہ بنوالیا تو وصیت قطع
ہوگئی یا اوس کپڑے کو بیچڈالا یا اور کوئی تصرف کرلیا تو وصیت باطل ہوگئی
وصیت مرض الموت مین کیجاتی ہے اگر اوس بیماری سے اچھا ہوگیا
تو وصیت برقرار رہی (مرض موت وہ مرض ہے جسمین مریض آدمی کو
احتمال موت کا ہو اور اپنے حوائج ضروری چلنے پھرنے سے باز رہے)
اگر ایک شخص کے لیئے ایک ثلث مال کی وصیت کی اور ایک ثلث
مال کی دوسرے شخص کے لیئے اور وارثون نے اجازت نہدی تو
ایک ہی تہائی مین دونو موصی لہ کو شریک کیا جائے گا اگر وصیت کی

Marfat.com

کہ ہمارے مال مین سے فلان شخص کو دیا جاوے اور مقدار مال کی صراحت نہ کی تو وارثون کو اختیار ہے کہ جسقدر چاہین دین اگر موصے لہ بحالت حیات موصی مرجائے تو وصیت باطل ہو جاتی ہے ۔ اگر وصیت مین کچھ امور ناجائز درج ہون کچھ جائز تو امور جائز کا نفاذ ہوگا وصیت باطل نہین ہو سکتی ایک وصیت کے بعد دوسری وصیت کیجاوے تو پہلی وصیت باطل ہو جاتی ہے اگر وصیت ثلث مال سے زائد چند اشخاص کے واسطے کی اور ورثا نے اجازت نہ دی تو سب کو حصہ رسدی ایک ہی ثلث مین سے دیا جاویگا۔ اگر وصیت بلاتعین حصص دو شخصون کے واسطے ہو اور ایک مرجائے تو کل مال ایک ہی موصی لہ کو دیا جائیگا ورنہ قایم مقام موصی لہ متوفی اوس حصہ پر قابض ہوگا کوئی وارث بعد اجازت ورضامندی کے پھر انکار نہین کرسکتا چونکہ وصیت بعد وفات موثر ہوتی ہے اسلئے حیات موصی مین بموجب وصیت کے کسی استقرار حق یا اوس کے منسوخی کی نالش نہین ہو سکتی ۔ وہ وثیقہ جو حالت قریب المرگ مین لکھا جائے بمنزلہ وصیت متصور ہوگا اور ثلث سے زیادہ کے لئے موثر نہ ہوگا اور اگر وہ عوض حق مہر زوجہ کے لئے ہے تو بصورت کمی مہر و زیادتی شے موصی بہ کے مقدار مہر تک جائز ہوگا۔

سوا نابالغ اور فاترالعقل کے مرد عورت عزیز غیر ہر شخص وصی ہو سکتا ہے مگر غیر مذہب وصی نہین ہوسکتا لیکن محض اسوجہ سے کہ وصی غیر مذہب مقرر کیا گیا ہے وصیت ناجائز نہ ہوگی وصی کو قبول عہد وصیت کا اختیار ہے مگر ایک بار انکار کرکے سامنے اقرار کرے گا تو وصی ہوگیا۔ بعد وفات موصی

Marfat.com

وصی انکار نہین کرسکتا۔ اگر کوئی وصی مقرر نہین ہوا ہے تو باپ یا دادا اور اونکی عدم موجودگی ہین اونکے وصی متوفی کے وصی مقرر ہوسکتے ہین اگر کسی شخص نے دو وصی مقرر کئے ہون تو ایک وصی بغیر منظوری و اتفاق دوسرے وصی کے کوئی فعل نہین کرسکتا البتہ بعض امور خاص متعلق نفع و نقصان جائداد مین ایک وصی کا فعل بھی روا ہے۔ اوصیا کو کوئی صلہ یا مزد خدمت پانیکا حق نہین ہے۔

تیسرا باب ہبہ کا بیان

اپنی کوئی چیز مفت بہ نیت خیر کسی شخص کو دے کر اوسکو مالک کردینا اسکو ہبہ کہتے ہین ہبہ کرنے والے کو واہب اور جو چیز ہبہ کیجائے اوس کو موہوب اور جس کو دیجائے اوسکو موہوب لہ کہتے ہین۔ واہب کا عاقل بالغ اور اوس چیز کا مالک ہونا ضرور ہے اور وقت ہبہ ضرور ہے کہ شے موہوب موجود ہو مثلاً درختون کے پھل جو اب موجود نہین ہین فصل مین لگین گے اسوقت اونکا ہبہ ناجایز ہے اور ضرور ہے کہ وہ مال قیمت دار ہو یعنی ایسی چیز نہ ہو شرعاً جس کی قیمت نہین کیجاتی پس شراب اور سور کا ہبہ جائز نہین ہے ہبہ ایجاب و قبول جانبین سے منعقد ہوتا ہے اور ضرور ہے کہ شے موہوب پر قبضہ کرنیکا موقع حاصل ہو ورنہ ہبہ صحیح نہوگا۔ اگر شے موہوب واہب کے استعمال مین رکی ہوئی ہے تو ہبہ صحیح نہین مثلاً گھر ہبہ کیا مگر اوس مین اسباب واہب کا رکھا ہوا ہے تو ہبہ صحیح نہین البتہ اگر عورت خاوند کو یا باپ طفل نابالغ کو اس طرح مکان ہبہ کرے تو جائز ہے یہہ بھی ضرور ہے کہ شے موہوب ملک دیگرے

Marfat.com

علحدہ مشخص اور مقسوم ہو اگر غیر مقسوم و شامل ہو تو ایسی ہو جسکی تقسیم سے نقصان لازم آتا ہو ورنہ قبض کامل نہ ہونے سے ہبہ صحیح نہوگا پس تھنون مین دودھ کا اور درخت پر پھلونکا بھیڑ کے بدن پر اون کا ہبہ جائز نہین ہے ہبہ از جانب مالک شئے موہوب صحیح ہوتا ہے اور ولی نابالغ کی طرف سے اور اوسکے قبض سے بھی ہبہ ہوجاتا ہے اور طفل نابالغ کی مان اور صغیرہ کے خاوند کا قبضہ بھی کافی ہے بشرطیکہ صغیرہ سے زفاف ہوچکا ہو۔ دو شخص جو ایک چیز کے بالاشتراک مالک ہون وہ چیز ایک شخص کو ہبہ کرسکتے ہین ایک شخص ایک شئے کا دو کو ہبہ نہین کرسکتا ہر شخص اپنی کل جائداد ہبہ کرسکتا ہے ہبہ قریب المرگ بطور وصیت سمجھا جاویگا۔ اور ثلث سے زیادہ جائداد پر موثر نہوگا۔ دستاویز جو عبارت سے وصیت معلوم ہوتی تھی از روے اقرار نامہ فریقین دستاویز ہبہ ثابت ہوئی۔ (ویکلی رپورٹ جلد ۳ صفحہ ۲۰۰) ہبہ کرکے پھیر لینا جائز ہے بکراہت تحریمی مگر مندرجہ ذیل اشکال مین ہبہ سے رجوع جایز نہین (۱) اگر شئے موہوب پہلے سے زیادہ قیمتی ہوگئی ہو (۲) واہب خواہ موہوب لہ مین سے کوئی مرگیا ہو (۳) شئے موہوب کے بدلے کوئی چیز واہب نے لے لی ہو اور یہ ذکر آگیا ہو کہ یہ چیز شئے موہوب کا بدلہ ہے (۴) شئے موہوب موہوب لہ کی ملکیت سے نکل گئی ہو (۵) واہب نے موہوب لہا سے نکاح کرلیا ہو (۶) موہوب لہ قرابت دار محرم نسبی ہو (۷) شئے موہوب ہلاک ہوگئی ہو۔ اور ہبہ کے رجوع مین واہب و موہوب لہ کی رضامندی ضرور ہے ورنہ کسی طرح جایز نہین۔ جب کوئی شئے ہبہ کیجائے اس طریق پر کہ موہوب لہ فلان چیز اوس کے بدلے مین واہب کو

Marfat.com

عوض دے تو شے موہوب کو موہوب لہ دیکھہ بھال کر بصورت ناپسندیدگی پھیر بھی سکتا ہے اور اوسمین شفعہ بھی جاری ہو سکتا ہے۔

چوتھا باب وقف کا بیان

کسی چیز کو اپنی ملکیت سے نکال کر راہ خدا مین لگا دینا اور اوسکی منفعت کو کسی کار خیر مین صرف کرنا یا جس شخص کو مناسب سمجھے دینا اگرچہ وہ شخص مالدار ہو اسکو وقف کہتے ہین وقف کرنے والا واقف کہلاتا ہے اور جو شے وقف کیجاتی ہے اوسکو موقوف کہتے ہین جو مال وقف کیا ہے اوسکا مال متقوم ہونا ضرور ہے یعنی شرعًا وہ مال قیمت دار ہو اور مال جو وقف کیا جاتا ہے ملکیت واقف سے ہو اور وقف بالصراحت ہونا چاہئے کہ ہم نے یہہ شے خدا کے واسطے وقف کی ہے واقف عاقل بالغ ہو حقیقت وقف جانتا ہو اور شے موقوف معلوم مشخص ہونا چاہئے جب وقف صحیح ہو جائے تو شے وقف شدہ نہ کسیکی ملکیت ہو سکتی ہے نہ عاریت جاسکتی ہے نہ رہن ہو سکتی ہے نہ ہبہ ہو سکتی ہے واقف خود اپنے آپکو متولی وقف قرار دیسکتا ہے اور وہ اور کسیکو متولی نکرے تو اوسکے بعد واقف کا وصی وقف کا متولی ہوگا اور اگر اوسکا کوئی وصی و قایم مقام نہین ہے تو حاکم متولی ہے۔ متولی وقف کا امانت دار اوس کام کا سنبھال لینے والا چاہئے اگر خیانت یا فسق فجور ثابت ہو تو متولی اپنے عہدے سے علحدہ کردیا جاویگا خود واقف ہی متولی کیون نہو اور اوسنے شرط ہی کیون نہ کردی ہو کہ فلان شخص سے تولیت علحدہ نکیجائے کیونکہ یہ شرط ایسی حالت مین قابل تعمیل نہین ہے واقف آمدنی وقف کل یا کسیقدر بحالت حیات اپنے صرف کے واسطے

متعلق کرسکتا ہے اور یہہ شرط لگادیتا بھی جائز ہے کہ جائداد وقف شدہ دوسری جائداد سے بدل لیجاسکتی ہے۔ وقف کی شرطون کی تعمیل کرنا نہایت ضروری ہے مگر صورت ہاے مندرجہ ذیل مین ضرورۃً حاکم کو اختیار دیاگیا ہے اگر مناسب سمجھے تو اون شرائط کی تعمیل کرے۔ (۱) ناظر متولی معزول نہ کیاجاے (۲) جائداد وقف کو ایک سال سے زائد اجارہ نہ دیاجاے (۳) فاضل آمدنی فلان مسجدون کی ہی سائلون پر تصدق کیجاے (۴) اسقدر کہانا یا فلان کہانا روز مستحقین کو دیاجاے (۵) امام مسجد کی اسقدر تنخواہ مقرر کیجاے (۶) جائداد وقف کسی دوسری جائداد سے نہ تبدیل کیجاے (۷) قاضی اور سلطان وقف مین دخل نہ دین۔ پس بحالت ضرورت ناظر متولی معزول ہوسکتا ہے۔ جائداد وقف کا اجارہ اگر کوئی کم مدت کے لئے نہ لیتا ہو تو زائد مدت تک کو دیا جاسکتا ہے۔ آمدنی مین سے جو بچت ہو اوسکو علاوہ کسی خاص مسجد کے دوسرے ساکین پر بہی خیرات کرسکتے ہین۔ مستحقین کو بعوض کہانے کے متولی نقد بہی دیسکتا ہے۔ بصورت ضرورت امام کی تنخواہ کم وبیش ہوسکتی ہے۔ اگر احتمال مضرت ہو تو جائداد تبدیل ہوسکتی ہے۔ حکام بحالت ضرورت ضرور دخل دینگے۔

وقف بحالت مرض موت مثل ہبہ مرض موت کے ہے یعنی ثلث مال سے زائد وقف نہوگا اگر متولی مرجاے اور کسی دوسرے شخص کے لئے اوسنے وصیت نہین کی تو متولی مقرر کرنا وصی کا کام ہے اور جہانتک ہوسکے متولی قرابت داران واقف سے مقرر کیاجاےگا۔ اگر متولی کو واقف کیطرف سے اختیار ہو کہ جسے چاہے متولی کرے اور معزول کرے تو یہہ شخص اپنی جگہ دوسرا متولی مقرر کرسکتا ہے اور اوسکو معزول بھی کرسکتا ہے

Marfat.com

مسجد کا بنانے والا موذن اور امام مقرر کرنے مین اہل محلہ سے مقدم ہے مگر جبکہ اہل محلہ نے اوس سے اچھا موذن یا امام مقرر کر لیا ہو تو وہ ہی بہتر ہے۔ وقف واسطے شخص غیر موجود اور حمل کے جائز ہے۔ اور جب تک کہ وہ شخص حاضر آوے یا بچہ پیدا ہو آمدنی فقرا و مساکین کو دیجاوے۔

جب وقف بطور وصیت ہو تو واقف قبل موت اوسکو فسخ کر سکتا ہے۔

اگر دو شخص متولی وقف ہون تو ایک تنہا کوئی کارروائی نہین کر سکتا۔

البتہ اگر واقف نے خود اپنے آپ کو اور ایک دوسرے شخص کو متولی مقرر کیا ہو تو واقف تنہا باختیار خود کوئی کام کر سکتا ہے۔ عورت کسی درگاہ کی خدمت کی متولی نہین ہو سکتی۔

پانچوان باب نابالغی و ولایت کا بیان

مدت نابالغی ۱۶ سال ہے اور صغیر سے مراد اوس شخص سے ہے کہ سن بلوغ کو نہ پہونچا ہو۔ صبی اوسکو کہتے ہین جو بچہ ہو۔ مراہق وہ جو قریب بلوغ ہو۔

مسلمان جو مالگزار ہے از روے قانون ۱۸ سال تک نابالغ ہے۔ ولایت سے یہ مراد ہے کہ اوسکا قول دوسرے پر نافذ ہو۔ ولایت دو قسم ہے اصلی اور وصیت کی ولی دو قسم کا ہوتا ہے۔ ولی قریب جیسے باپ دادا اور اونکے وصی اور قایم مقام۔ ولی بعید واسطہ واران پدری انکی ولایت بابت تعلیم و نکاح ہوتی ہے۔ ولی قریب جائداد نابالغ کا نگران ہو سکتا ہے اور اوسکی عدم موجودگی مین ولی بعید نگرانی نہین کر سکتا۔ مان سات برس کی عمر تک لڑکون کی اور جوان ہونے تک لڑکیون کی مربی و نگران ہے۔ مان اگر دوسرا نکاح کر لے تو اختیار نگرانی جاتا رہتا ہے اور پھر جو وہ

Marfat.com

ہوجانیکی حالت مین وہی اختیار ہوجاتا ہے اور واسطہ داران پدری نہ ہون اور ماں بھی نہ ہو تو واسطہ داران مادری بھی صرف تعلیم و نکاح مین ولی سمجھے جاتے ہین۔

جو قرضہ ولی نے بحالت نابالغی بضرورت پرورش و تعلیم لیا ہو اوسکا نابالغ ذمہ دار ہے۔ مگر ولی کوئی ایسا کام نہین کرسکتا جس سے نابالغ کو کوئی فائدہ نہ ہو نہ جائداد غیر منقولہ فروخت کرسکتا ہے البتہ اگر دو چند قیمت ملتی ہو [1] یا پرورش نابالغ جائداد فروخت کرنے پر منحصر ہو [2] یا قرضہ متوفی بجز بیع ادا نہ ہوسکتا ہو۔ [3] یا تعمیل وصیت بجز بیع نہ ہوسکتی ہو۔ [4] یا مال جائداد اوسکے خرچ کو کافی نہ ہو یا کسی وجہ سے جائداد کے تلف ہونیکا اندیشہ ہو۔ تو اختیار ہے کہ جائداد فروخت کرے۔

چھٹا باب نکاح و مہر و طلاق وغیرہ کا بیان

پہلی فصل نکاح کا ذکر

نکاح ایسے معاہدہ کا نام ہے جو توالد و تناسل کی غرض سے عمل مین آئے اوس سے عورت زیر حکومت شوہر ہوجاتی ہے اور شوہر ذمہ دار مہر و نان نفقہ و مکان سکونت کا ہوجاتا ہے اور جانبین سے استحقاق وراثت قایم ہوتا ہے۔ نکاح کے واسطے گواہون کا ہونا بھی ضرور ہے مگر آزاد و عاقل بالغ اور مسلمان ہون۔ اور ایجاب و قبول سے نکاح منعقد ہوتا ہے۔ ایجاب و قبول ایک ہی جلسہ مین ہونا چاہیے اور خاوند و زوجہ کی پوری صراحت کیجاے کہ شبہ نہ رہے مرد و عورت دونو عاقل بالغ آزاد ہین تو خود اونکا ایجاب و قبول اور ذاتی واقفیت ایکدوسرے کے حال سے ضرور ہے ورنہ دونو کے ولیون کی رضامندی اور اونکا ایجاب و قبول شرط ہے

Marfat.com

اگر صرف عورت صغیرہ ہے تو اوسکے ولی کی رضامندی مرد کو حاصل کرنا چاہیئے۔ باندی غلام کا نکاح مالک کی رضامندی پر موقوف ہے۔ عورت بالغ اپنے کفو مین باختیار خود نکاح کر سکتی ہے۔ اگر بعد نکاح معلوم ہو کہ خاوند غیر کفو ہے تو عورت کے ولی عصبہ کو اختیار ہے کہ نکاح کو فسخ کر دے۔ اگر صغیر و صغیرہ کا نکاح سوا ماں باپ کے کسی اور ولی نے کر دیا تو اونکو بالغ ہونے کے وقت یا نکاح کا حال معلوم ہونے کے وقت اختیار فسخ حاصل ہے۔ بشرطیکہ اسقدر توقف نہ ہوا ہو کہ اونکی رضامندی سمجھی جاوے۔ واسطہ داران پدری نہ ہون تو واسطہ داران مادری کو اختیار عقد نابالغ حاصل ہے اگر وہ بھی نہ ہون تو حاکم ولی ہے۔ اگر مرد و عورت کا مدت تک بطور زن و شوہر رہنا ثابت ہو تو بغیر شہادت گواہان نکاح ہو جانا گمان کیا جاوے گا۔ موانع نکاح حسب ذیل ہین۔

(۱) قرابت محرمی یعنی جو رشتے خون اور نسب کے ہین وہ مانع نکاح ہین مثلاً یہ عورتین مرد پر حرام ہین۔ ماں۔ دادی۔ نانی (اوپر تک) بیٹی پوتی (نیچے تک) بہن بھانجی۔ (سگی سوتیلی) پھوپھی (سگی سوتیلی) باپ دادا کی منکوحہ۔ بیٹے پوتے کی منکوحہ خالہ۔ بھتیجی۔ (سگی سوتیلی) نکاح سے ہون یا زنا سے (۲) مصاہرت یعنی سسرالی رشتے مثلاً زوجہ کی ماں۔ نانی۔ دادی وغیرہ۔ مدخولہ کی لڑکیاں۔ اور بہو۔ زوجہ کی ماں مین اوس عورت کی ماں دادی نانی وغیرہ بھی داخل ہین جس عورت سے زنا کیا یا جس عورت کو (خواہ عورت نے) بہ نیت بد چھوا (۳) رضاعت یعنی دودھ پینے کی وجہ سے دودھ پلانے والی اور اوس کی لڑکیاں اور اوس کے رشتہ دار جو نسب کے مذکور ہوئے وہ سب مرد پر حرام ہین۔ مگر دودھ پلانے والی پر صرف یہ لڑکا اور اوسکی اولاد

Marfat.com

حرام ہے۔ (۴) اجتماع یعنی ایک عورت کے ہوتے مرد کو دوسری ایسی عورت حرام ہے کہ اگر ایک کو مرد فرض کیا جاے تو ایک دوسری پر حرام ہو مثلاً پہلی عورت کی بہن پہوپہی خالہ پس اگر ایک مرد ہو تو آپس مین بہن بہائی پہوپہی بہتیجے ماموں بہانجی ہون اور انکے باہم نکاح درست نہین۔ (۵) اختلاف دین یعنی عورت اگر مسلمان نہین ہے تو نکاح ناجائز ہے۔ البتہ نصرانیہ یہودیہ سے نکاح بکراہت تحریمی درست ہے۔ (۶) طلاق یعنی تین بار طلاق دیدی ہے تو نکاح نہین ہو سکتا۔ (۷) حق غیر کا تعلق ہونا یعنی غیر کی منکوحہ حرام ہے۔ (۸) عدت جو عورت عدت مین ہے اوس سے نکاح ناجائز ہے۔

نکاح موقت منع ہے اور متعہ بہی ناجائز ہے۔ نکاح موقت یعنی مدت معین کے واسطے نکاح کرنا اور متعہ یعنی یہہ کہکر عورت پر تصرف حاصل کرنا کہ مینے اسقدر مدت کے واسطے تجہسے متعہ کیا۔ فرق دونون مین یہہ ہے کہ متعہ مین لفظ متعہ کا کہا جاتا ہے اور مہر کی تعداد بہی کہول دیجاتی ہے اور گواہون کا ہونا شرط نہین۔ نکاح موقت اسکے خلاف ہے۔ نکاح کرنا اور یہہ کہنا کہ ایک مہینے بعد تجہے طلاق دونگا نکاح موقت نہین ہے کیونکہ اس شکل مین تعین مدت طلاق مین ہوئی نکاح مین نہین ہوئی۔

جسنے دودہ پلایا اوس کے سب قرابت دار لڑکے پر حرام ہوتے ہین مگر دودہ پلانے والی پر صرف وہ لڑکا اور اوسکی اولاد حرام ہے۔ بہائی بہن کی دودہ پلانے والی سے نکاح جائز ہے۔ دودہ شریک بہائی کی ماں سے جسکا دودہ اسنے نہین پیا نکاح جائز ہے۔ باپ کو لڑکا کی لڑکی کی رضاعی بہن سے نکاح جائز ہے۔ مرد کو ایک عورت کے ہوتے دوسری سے نکاح کرنا چار تک جائز ہے۔ شوہر کی جانب سے کل

Marfat.com

ازواج سے رعایت مساوی کا برتاؤ اور عورت کی جانب سے اطاعت شوہر لازم ہے
جو عورت زنا سے حاملہ ہو اوس سے نکاح درست ہے مگر تا وضع حمل پاس جانا نادرست ہے۔

دوسری فصل مہر کا ذکر

مہر نکاح کا ایک لازمہ ضروری ہے اور یہ وہ مال ہے جو بوجہ معاہدہ نکاح مرد پر واجب الادا ہوتا ہے۔ کم سے کم مقدار مہر کی دس درم ہیں جو برابر ہیں ڈیڑہ ماشہ کم تین روپیہ کے اگر روپیہ گیارہ ماشہ کا ہو۔ اگر اس مقدار سے کم مہر مقرر کیا جاتے تب بھی دس ہی درم لازم آئینگے۔ اور زیادتی کی حالت مین جو تعداد مقرر ہوئی ہو وہ واجب الادا ہے۔

مہر عموماً مشروط بتاخیر ہوتا ہے لیکن وہ بعد خلوت صحیحہ یا وفات احد الزوجین یا طلاق کے واجب الادا ہو جاتا ہے۔ اگر فوراً ادا کرنا مہر کا قرار پایا ہے تو اوسکو مہر معجل کہتے ہین اگر تشریح فوراً ادا کرنیکی نہین ہوئی تو مہر موجل ہے یہ عند الطلب ادا ہونا چاہیے۔

مہر کی اگر تعداد مقرر ہوگئی ہے تو مہر معین ہے اور اگر وقت نکاح کچھ تعداد مقرر نہین ہوئی ہے تو غیر معین ہے اس حالت مین مہر مثل دینا پڑیگا۔ مہر مثل اوس مہر کو کہتے ہین جو عورت کے باپ کے رشتہ کی برابر والی عورتون کا ہو۔ برابری عمر صورت مال عقل پرہیزگاری علم ادب خلق مین نکاح کے وقت کی دیکھی جائیگی مگر سب ہی باتون مین برابری ضرور نہین ہے۔ اور باپ کے کنبہ مین نہ ہو تو ماں کے کنبہ کی عورتون پر خیال کیا جائے گا۔

مہر مثل مندرجہ ذیل حالتون مین لازم آتا ہے (۱) وقت نکاح مہر مثل ٹھرا ہو (۲) وقت

Marfat.com

نکاح مہر کی کچھ تشریح نہ ہوئی ہو (۳) وقت نکاح یہہ قرار پایا ہو کہ مہر نہ دینگے۔ (۴) یہہ قرار پایا ہو کہ یہہ شخص اپنی بہن زوجہ کے بہائی کے عقد مین دیگا۔ یہہ شرط ناجایز ہے اور مہر مثل لازم ہوگا (۵) یہہ قرار پایا ہو کہ خاوند عورت کی ایک مدت معین تک خدمت کردے یہہ ناجائز ہے (۶) یہہ ٹہرا ہو کہ مرد عورت کو قران شریف پڑہادے (۷) مہر کے بدلے شراب خواہ سور کا دینا قرار پایا ہو یا اور کسی جانور کا دینا ٹہرا ہو (۸) نکاح فاسد ہوا ہو یعنی کوئی شرط نہ ادا ہوئی ہو (۹) باوجود مہر معین ہونیکے عورت مہر مثل پر راضی ہوگئی ہو۔ مہر معجل کی تعداد نہ مقرر ہوئی ہو تو ایک ثلث مہر معجل قرار پائے گا۔ عورت یا اوسکے وارث مہر کا دعوی بطور قرضہ کے کرسکتے ہین۔

اگر وقت نکاح یہہ تشریح نہ ہوئی ہو کہ مہر موجل ہے یا معجل تو کل موجل قرار پائیگا خاوند اگر بعوض مہر کوئی جائداد عورت کو دے تو اوسپر قبضہ کامل زوجہ کا ضرور نہین ہے۔

اگر مہر معجل مقرر ہوا ہے تو عورت کو اختیار ہے کہ جب تک خاوند ادا نہ کرلے اور جبتک ایک درم بہی باقی رہے وہ خاوند کے پاس نہ آے۔

داگر مہر زیادہ مقرر کیا گیا ہو تو عدالتون کو ضرور نہین کہ پوری رقم اوسکی دلاوین بلکہ بلحاظ حیثیت خاوند و قرضہ دیگر اشخاص دلایا جاوے۔ فیصلہ پریوی کونسل مندرجہ جلد ۲ صفحہ ۵۵ ویکلی رپورٹر مقدمہ ملکہ دو عالم نواب تاجدار بنام مرزا جہان قادر ۲۹ مارچ ۱۸۶۵ء

جس عورت کا مہر معین ہوا مگر نوبت خلوت صحیح یعنی تخلیہ اور ہم بستری کی نہ پہونچی تہی کہ طلاق یا موت سے جدائی واقع ہوئی تو جو مہر ٹہرا تہا اوسکا نصف دینا پڑیگا۔ اگر مہر معین تہا اور خلوت صحیح کا بہی اتفاق ہوا پہر جدائی ہوئی تو پورا مہر واجب ہوگا۔ اور اگر مہر معین نہوا تہا اور بعد خلوت صحیحہ کے مفارقت ہوئی مہر مثل لازم ہوگا۔ اور مہر معین نہ ہوا تہا اور

Marfat.com

ہمبستری یعنی خلوت صحیحہ بھی نہ ہوئی اور جدائی ہوگئی تو متعہ واجب ہے۔
متعہ مراد پوشاک سے ہے جسمین ایک کرتی ایک اوڑھنی ایک چادر سر سے پیر تک بس تین کپڑے ہوتے ہین۔

فصل سوم طلاق کا ذکر

شریعت مین الفاظ مخصوص سے عورت کی قید نکاح رفع کرنے کو طلاق کہتے ہین۔
مرد کو اختیار ہے کہ جب چاہے طلاق دیدے مگر طلاق بغیر ضرورت شدید نہ دینا چاہئے
طلاق ہر شخص عاقل بالغ کی اوسکی زوجہ پر واقع ہوسکتی ہے خواہ کسی کی زبردستی سے دی ہو یا ہنسی مین یا حماقت سے یا نشہ مین دی ہو۔ ہان نشہ کسی نے جبراً پلا یا ہو یا دردسر وغیرہ کی وجہ سے بیعقل ہوگیا ہو اور طلاق دی تو نہ واقع ہوگی۔ علی ہذالقیاس مجنون کی۔ لڑکے کی۔ پریشان عقل یعنی بدحواس آدمی کی مرض سرسام والے کی غشی والے کی طلاق واقع نہین ہوتی۔ گونگے کی طلاق اشارہ سے ہوجاتی ہے۔ جو مریض شدت مرض سے عاجز آگیا ہو قریب بہ ہلاکت ہو یا اور کسی وجہ سے اپنی زندگی سے مایوس ہو تو اوسکو طلاق دینا جائز نہین۔ طلاق کی تین قسمین ہین۔ ایک احسن یعنی اگر دے تو اسطرح پر دینا چاہیے کہ جب نہاکر پاک ہو مرد اوسکے پاس نہ جاوے اور اوسکو طلاق دیکر چھوڑ دے یہانتک کہ اوسکی عدت گزر جاوے۔ دوسری قسم حسن یعنی اسطرح بھی دینا جائز ہے کہ اگر عورت جوان ہے حیض آتا ہے اور ہمبستری ہنوز نہین ہوئی ہے اوسکو ایک طلاق دیجاوے خواہ بحالت حیض ہی کیون نہ ہو۔ اور اگر ہمبستری ہوچکی ہے اوسکو تین طہر مین جدا جدا طلاق دیجاوے اور اون طہر و نمین بلکہ اون طہرونسے پہلے حیض مین عورت کے پاس گیا ہو۔ اگر حیض نہین آتا یعنی زیادہ عمر والی یا صغیرہ ہے یا حاملہ اُس کو تین طلاقین ہر مہینے مین

Marfat.com

ایک طلاق دید یا کرے۔

تیسری قسم بدعی ہی یعنی ناجائز جس سے گنہگار ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ جدا جدا یا ایک ساتھ بحالت حیض یا نفاس یا ایک ہی طہر مین تین طلاقین دیجائین۔ اور اس طہر مین اُسکے پاس بہی گیا ہو۔

خلاصہ یہ کہ احسن اور حسن کے سوا جو طلاق ہو وہ قسم بدعی ہے۔ طلاق احسن ہو۔ یا حسن یا بدعی رجعی ہوتی ہے (یعنی اُس مین خاوند بغیر نکاح جدید عدت گزرنے سے پہلے رجوع کرسکتا ہی خواہ عورت یا اُسکے ولی راضی ہون یا نہون۔) یا بائن ہوتی ہی جسمین عورت خاوند سے بالکل چھوٹ جاتی ہے۔ مگر ایک یا دو طلاق دی ہین تو بغیر نکاح جدید خاوند پھر اُس عورت کے پاس نہین جاسکتا اور اگر تین طہر مین تین طلاقین دی ہین تو جب تک یہ عورت دوسرا خاوند نہ کرے اور وہ خاوند اُس کو اپنی مرضی سے نچھوڑدے یا مرنہ جاے تب تک یہ عورت اُسکو جائز نہین۔ اور طلاق تینون قسمون سے کسی قسم کی ہو۔ یا صریح ہوتی ہی یعنی ایسے لفظون مین طلاق دیجاے جنسے صراحتًہ طلاق سمجھی جاے اور وہ لفظ سوا طلاق کے اور معنی کے واسطے مستعمل نہین ہوتے جیسے کہے مینے تجھکو طلاق دی (اس حالت مین ایک طلاق رجعی واقع ہوتی ہی۔) اگرچہ طلاق دینے والے کی کچھ ہی نیت ہو اگر اِن الفاظ سے دو طلاقون کی نیت ہو تب بہی ایک رجعی ہوگی اور اگر تین طلاق کی نیت ہوگی تو تین طلاق واقع ہونگی۔ یا کنایہ کی ہوتی ہے یعنی اُس مین طلاق کے صریح لفظ نہون بلکہ ایسے ہون جنسے طلاق کا بھی احتمال ہوتا ہو اور دوسری معنی بھی نکلتے ہون مثلًا عورت سے کہا کہ تو اکیلی ہی یا تو اپنے گھر جا۔ اِسکے معنی یہ بہی ہوسنے ہین کہ تو اس وقت یہان

Marfat.com

اکیلی ہے اور اُسکو اپنے والدین کے گھر جانے کی اجازت دی ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ طلاق ہو ایسے موقع پر نیت مرد کی دیکھی جاتی ہے۔ کنایات کی طلاق رجعی بھی ہوتی ہین اور بائن بھی۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مرد طلاق کو کسی شرط پر معلق کردیتا ہو اور یہ جائز ہے مثلاً یون کہے کہ اگر تو اس گھر سے باہر گئی تو طلاق ہو پس اگر وہ باہر چلی جائیگی تو طلاق واقع ہو جائیگی۔ اور اگر باہم عورت مرد کے نا اتفاقی ہو اور عورت مہر معاف کرکر یا اور مال دیکر خاوند کو راضی کرے کہ وہ اس سے دست بردار ہو جائے اور طلاق دیدے تو ہو سکتا ہو۔ اسکو خلع کہتے ہین خاوند کے الفاظ مین خلع کا ذکر ضرور ہو یعنی وہ کہے مین نے تجھسے خلع کیا اس کہنے سے ملکیت نکاح زایل ہو جائیگی اگر مرد نے طلاق باین نہین دی ہے تو عدت کے اندر خاوند رجعت بھی کرسکتا ہو عورت راضی ہو یا نہو مگر صاف کہدینا چاہیے کہ مین نے رجعت کی۔

چوتھی فصل عدت کا بیان

عدت شرع مین اُس انتظار کو کہتے ہین جو بعد ازالہ نکاح کے عورت کو لازم ہو یعنی جو مانع ہو دوسرے مرد کے پاس جانے سے اُسکے دور ہونے کا انتظار کرنا۔
پس جو عورت آزاد ہے اور اُس کو حیض آتا ہے اور اُسکو طلاق واقع ہوئی یا اور کسی وجہ سے اُس کا نکاح فسخ ہوا اُسکی عدت تین حیض ہین بعد طہارت کے اس مدت کے گزر جانے کے بعد اُس کو نکاح کرنیکا اختیار ہو۔
اور جس عورت کو حیض نہین آتا صغیرہ ہو یا زاید عمر کی (جس کو آنا بند ہو گیا ہو) یا جوان ہے مگر حیض ابھی آیا ہی نہین اُسکو تین مہینے ہین تیس تیس دن کے (اور عدت

اُس عورت پر واجب ہوگی جسکے ساتھہ خلوت صحیحہ ہوئی ہوگی) اور جس عورت کا خاوند مرگیا ہے اُسکی عدت چار مہینے وس دن ہین۔ خواہ خلوت صحیحہ ہوئی ہو یا نہوئی ہو۔ اور جس عورت کو حمل ہو اُسکی عدت وضع حمل تک ہی۔ اگر صغیرہ یا آئسہ نے تین مہینے عدت کے پورے کیے اور اب حیض آگیا تو عدت کا پھر سے شروع کرنا ضرور نہین ہے ہان اگر اندر تین ماہ کے حیض آے گا تو دوبارہ عدت بحساب حیض شروع ہوگی اگر مریض نے طلاق دی اور قبل انقضاے عدت مرگیا تو عورت ترکہ پائیگی۔ اور اگر اُس مرض سے اچھا ہوگیا اور ہنوز عدت باقی تھی کہ پھر بیمار ہوا اور اندر ہی عدت کے مرگیا تو عورت ترکہ کی مستحق نہین ہی۔

پانچوین فصل ایلاؤ ظہار و لعان کا ذکر

اگر مرد و عورت مین نااتفاقی ہو جاے یا اور کسی وجہ سے مرد قسم کہاے کہ مین تیرے پاس چار مہینے تک نہ جاؤنگا تو اسکو ایلاء کہتے ہین۔ پس چار مہینے کے اندر عورت سے ہم بستری کی تو کفارہ قسم کا لازم آویگا۔ (یعنی غلام آزاد کرنا۔ یا دس مسکین کہلانا یا تین روزہ رکھنا۔) اور اگر قسم پوری کی تو عورت کو ایک طلاق بائن واقع ہوگی آزاد عورت کا ایلاؤ چار مہینے سے کم کا نہین ہوتا۔ اور ایلا بھی صریح اور بالکنایہ دونو طرح سے ہوتا ہی۔

جو عورتین ہمیشہ کو حرام ہین اُنسے اپنی عورت کو تشبیہ دینا یا اُسکے کسی عضو کو اُنکی پیٹھ وغیرہ سے تشبیہ دینا اسکو ظہار کہتے ہین مثلاً یہ کہے کہ تو میرے نزدیک ایسی ہی جیسے مان کی پیٹھ یا تیری پیٹھ مثل میری بہن کی پیٹھ کے ہی یا تیرا آدہا بدن ایسا ہی

Marfat.com

جیسے میری پھوپھی کی بیٹی تو اگرچہ وہ عورت اس کہنے سے مرد کی ماں ۔ بہن ۔ پھوپھی نہین ہوگی لیکن اُس کو بغیر کفارہ دیے عورت کے پاس جانا منع ہی۔ کفارہ ظہار کا یہ ہے کہ یا متواتر دو ماہ روزہ رکھے یا ساٹھ مسکینون کو کھلاے یا غلام آزاد کرے اگر مرد نے عورت سے یہ کہا کہ تو میرے نزدیک مثل میری ماں کے ہی تو یہ الفاظ کنایہ ہین اگر ان سے طلاق مراد ہے تو طلاق واقع ہوگی اور ظہار مراد ہی تو ظہار ہوگا۔

اگر مرد عورت کو تہمت زنا لگاے تو چار گواہیاں قسم کے ساتھ اس بات کی کہ مین سچا ہون اور پانچوین اس طرح کی کہ خدا کی لعنت مجھپر اگر مین جھوٹا ہون گزرانے اور عورت صفائی مین چار گواہیان قسم کے ساتھ اس بات کی کہ مین سچی ہون اور پانچوین اس طرح کی کہ مجھ پر خدا کا غضب اگر مین جھوٹی ہون گزرانے اس قسمین کھانے سے مرد حد قذف سے بچتا ہی اور عورت کے ذمہ سے حد زنا ساقط ہوتی ہی اس کو لعان کہتے ہین ۔ لعان کے بعد مرد عورت مین جدائی ہو جاتی ہے یعنی طلاق بائن واقع ہوتی ہے مرد عورت کے پاس نہین جا سکتا اور عورت عدت گزرنے تک دوسرا نکاح نہین کر سکتی۔

فصل ششم عنین کا حکم

اگر خاوند نامرد ہو یعنی مجبوب ہو (مقطوع الذکر و الخصیتین) تو عورت سے فوراً جدائی کرا دی جاویگی اور اگر عنین ہو جو عورت کی ہم بستری پر قادر نہین ہو سکتا (بوجہ مرض یا بڑھاپے وغیرہ کے یا خصی (مقطوع الخصیتین) ہو) تو حاکم ایک برس قمری کی مہلت دے گا بعد ایک سال کے تفریق کرا دیجاویگی ہان اگر زوجہ پھر راضی ہوگئی تو بعد تفریق کے پھر نکاح کر دیا جایگا۔

Marfat.com

ساتوان باب نسب اور نفقہ کا بیان

فصل اول نسب کا ذکر

اقل مدت حمل چھ ماہ ہے اور اکثرت مدت حمل دو سال - جو شخص نکاح سے بعد چھ ماہ کے پیدا ہو وہ صحیح النسب ہی - جو شخص طلاق یا وفات شوہر کے دو برس کے اندر پیدا ہو وہ بھی صحیح النسب ہی -

طلاق رجعی کی مطلقہ کا لڑکا خواہ کتنے ہی برس بعد پیدا ہو صلب شوہر سے قرار دیا جاسکتا ہے مثلاً مرد نے طلاق رجعی دی اور عورت چند سال پاک رہی اور مرد نے اس عدت کے اندر رجوع کیا اور حمل رہا تو یہ لڑکا صحیح النسب ہی - مگر یہ اس شکل مین ہی کہ عورت نے اس عرصہ مین کسی وقت عدت گزر جانے کا اقرار نہ کیا ہو ورنہ بعد انقضاے عدت پھر دو سال کے اندر ہی پیدا ہونے سے نسب ثابت ہوگا -

اگر کوئی شخص کسیکو اپنا لڑکا اقرار دے اور کوئی قرینہ ایسا نہو جس سے یہ امر محال متصور ہو تو وہ بیٹا ہی سمجھا جاے گا بشرطیکہ وہ لڑکا معروف النسب نہو اور وہ اس شخص کے بیٹا ہونے سے انکار نہ کرتا ہو - زید ہندو عورت مسلمان سے ہم بستر ہوا اور لڑکا تولد ہوا پھر زید مسلمان ہوکر ہمیشہ اس کو اپنا لڑکا ظاہر کرتا رہا وہ لڑکا مستحق وراثت تھا (فیصلہ چیف کورٹ پنجاب نمبر ۱۲ سنہ ۱۸۸۲ء)

فصل دوم نفقہ کا ذکر

شرع مین نفقہ کھانے - کپڑے اور رہنے کی جگہ کو کہتے ہین اور عرف عام مین

Marfat.com

نفقہ فقط کھانے کپڑے کو بولتے ہین - نفقہ واجب ہونے کے تین سبب ہین زوجیت
قرابت - ملکیت - پس زوجہ نکاحی کا نفقہ مرد پر واجب ہے بشرطیکہ نکاح صحیح ہو -
اگر وہ دوسرے کی معتدہ تھی اور نکاح ہوگیا تو نفقہ مرد پھیر سکتا ہے اسپر واجب نہ تھا -
اگر عورت (چھوٹی ہو یا بوڑھی) لایق گھر مین رہنے اور خدمت کرنے کے ہے اُس کا نفقہ
واجب ہے گو کسی سبب سے قابل معاشرت نہو - اگر عورت باجازت مرد اپنے باپ کے
گھر رہتی ہو اور مرد کو وہان اُسکے پاس اُٹھنا بیٹھنا تخلیہ ممکن ہو - یا وہ بسبب بیماری شدید
کے وہان سے اسکے گھر نہ آسکتی ہو تب بھی نفقہ واجب ہے - بحالت عدت زوجہ
مطلقہ وجدا شدہ کا بھی نفقہ (اگر اُس کا قصور نہو) مرد پر واجب ہے - البتہ موت کی عدت
مین عورت کا نفقہ مرد والوں یعنی اُسکے مال پر واجب نہین ہے صرف رہنے کو جگہ دینا
واجب ہے - اولاد صغیر کا نفقہ بھی تابلوغ باپ پر واجب ہے - اگر لڑکا لڑکی مالدار ہو تو
باپ پر اُس کا نفقہ واجب ہے - جوان لڑکا اگر مرض یا کسی وجہ سے اپنی پرورش سے عاجز
ہو اُس کا نفقہ بھی باپ پر واجب ہے - لڑکیون کا نفقہ نکاح ہونے تک باپ پر واجب
ہے - ماں باپ کا نفقہ بھی بیٹے پر واجب ہے - اگر دونو کا نفقہ نہ دیسکے تو ماں کا نہایت
ضرور ہے - اگر کسی کے باپ بھی ہو اور لڑکا بھی تو لڑکے کا نفقہ بحالت عدم استطاعت
مقدم ہے - محتاج نانا نانی کا بھی نفقہ واجب ہے اگر ماں مرگئی ہو - اور محتاج دادا دادی
کا نفقہ بھی واجب ہے اگر باپ مرگیا ہو - اگر محتاج ہون تو محرم لڑکی اور بچہ کا نفقہ
اور خالہ پھوپھی بہن - بھانجی بھتیجی کا نفقہ (اگرچہ جوان ہون مگر شادی نہوئی ہو)
واجب ہے - اُس قریب محرم کا نفقہ بھی واجب ہے جو جوان ہو مگر کسب معاش سے
عاجز ہو - جب شخص محتاج کے چند قسم کے سگے اور سوتیلے مالدار بھائی ہون اوسپر

Marfat.com

نفقہ دینا اور اُسکے گزر کے لیے اس قدر حصہ رسدی خرچ دینا ضرور ہے کہ جتنا وہ
اسکے مالدار ہونے کی حالت میں اس کے ترکہ سے پاتے مثلاً سگا بھائی کل کا مالک
ہوتا اور سوتیلا بھائی سدس پاتا تو سوتیلے بھائی پر اسکا نفقہ بقدر چھٹے حصہ کے واجب
اور باپ، دادا، بیٹا، پوتا۔ زوجہ کا نفقہ اگر وہ غیر مسلم ہوں تب بھی واجب ہے۔ اور
ماں، باپ اولاد صغیر زوجہ شخص غایب کا مال ناج کپڑے یعنی نان نفقہ کی جنس سے
ہو بلا اجازت لے سکتے ہیں بیچ سکتے ہیں اور تاوان نہیں آسکتا۔
اور باندی غلام کا نفقہ بھی آقا پر واجب ہے۔ (یہ قسم ہندوستان میں نہیں ہے۔)

باب شفعہ کا بیان

مشتری نے جس قیمت پر کوئی جایداد غیر منقولہ بایع سے خریدی ہو اوسی قیمت اصلی پر
شفیع کا اُس جایداد کو خریدکرنا۔ اسکو شفعہ کہتے ہیں اور لغت میں شفعہ کے معنی ملانے
کے ہیں گویا اس جایداد کو وہ شخص اپنی جایداد میں ملاتا ہے جو شخص اس جایداد کو
مشتری سے لیتا ہے اُسکو شفیع کہتے ہیں جسکے لغوی معنی ہیں ملانے والا۔
استحقاق شفعہ کوئی دوبارہ خریداری کا حق نہیں ہے صرف تبادلہ کا حق ہے جس سے
شفیع ایک امر قانونی کی وجہ سے جسکا بایع بھی پابند ہے بیع کی کل حقوق اور ذمہ داریوں
میں مشتری کا قایم مقام ہوتا ہے۔ (انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۷ صفحہ ۷۷۵)
شفعہ بجز جایداد غیر منقولہ اور کسی شی میں نہیں ہو سکتا۔ بصورت پابندی شرایط
مندرجہ ذیل حق شفعہ پیدا ہوتا ہے۔
(۱) کوئی معاہدہ تبادلہ کا ہو یعنی بیع ہو یا مثل اُسکی کوئی اور معاملہ (۲) تبادلہ مال

کا مال سے ہو (۳) شے مبیعہ غیر منقولہ ہو (۴) بائع کی ملکیت منقطع ہو جاوے (اگر بائع یا مشتری کو کوئی اختیار دیا گیا ہو تو اُنکا اختیار زایل ہونے پر حق شفعہ پیدا ہوگا) ایک سُنی مسلمان نے جایداد غیر منقولہ جسکی مالیت سو سے زائد تھی فروخت کی اور مشتری کا قبضہ جایداد پر ہو گیا مگر بیعنامہ تحریر نہین ہوا ایسی صورت مین اگرچہ بیع قانونی طور پر واقع نہین ہوئی مگر چونکہ شرعاً بیع مکمل ہو گئی حق شفعہ پیدا ہو گیا۔ (انڈین لار پورٹ الہ آباد جلد ۱۶ صفحہ ۳۴۴)
جب بایع بیع کو تسلیم کرے تو گو مشتری خرید سے انکار کرے حق شفعہ پیدا ہو جاتا ہے (کتاب ہدایہ مولفہ ہملٹن صاحب مطبوعہ ۱۷۹۱ء صفحہ ۵۶۸ ومطبوعہ ۱۸۷۰ء صفحہ ۵۵۰)
استحقاق شفعہ کا مابین اہل ہنود ایک معاہدہ یا رواج ہے جسکی نسبت کسی گروہ نے اقرار کیا ہو اور اگر کسی ہندو نے ایسے شخص ہندو کے ہاتھ جایداد غیر منقولہ فروخت کی جو اُس رواج کا پابند نہین ہے تو اُس جایداد کی بابت حق شفعہ قایم نہین ہو سکتا (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۹۱۶)-
چونکہ شفعہ کے واسطے بیع کا ہونا ضرور ہے اسلیے ہبہ وغیرہ مین شفیع نہین ہو سکتا (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۹۱۷)-
جایداد جو بعوض مہر غیر معین دی ہے اُسپر شفیع نہین ہو سکتا۔ البتہ اگر تعداد مہر معین ہوگی اور انتقال جایداد بعوض کل مہر یا کسیقدر جزو معینہ کے ہوگا تو حق شفعہ پیدا ہو سکتا ہے (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۶ صفحہ ۶۵ و ۶۸ و ۶۹)-
بیع ناجائز مین شفعہ پیدا نہین ہوتا۔ ہبہ اور وصیت اور وراثت مین حق شفعہ نہین پہونچتا البتہ اگر ہبہ بالعوض ہو اور معاوضہ کی صراحت ہو گئی ہو تو حق شفعہ پیدا ہوتا ہے۔

Marfat.com

- بیع مشروط یا رہن پر حق شفعہ پیدا نہین ہوتا - (ویکلی رپوٹ جلد ۲ صفحہ ۲۱۵ صیغہ نظائر دیوانی) جب تک کہ بیع نہ ہو کسی زمین کا محض پٹہ دینے پر اگرچہ پٹہ موروثی ہو حق شفعہ نہین پیدا ہوتا - (انڈین لار پورٹ کلکتہ جلد ۱۵ صفحہ ۱۸۴) ضرور ہے کہ جس جائداد کی روسے شفعہ کیا جاتا ہے اوسپر شفیع کی پوری ملکیت ہو پس مرتہن کو حق شفعہ کا نہین پہونچتا - یہہ بھی ضرور ہے کہ وقت نالش شفعہ شفیع اوس اپنی جائداد پر مالک و قابض ہو اگر بعد دائری اپیل وہ جائداد کسی مطالبہ مین نیلام ہوگئی تو کچھہ ہرج نہین (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۱۰ صفحہ ۲۷۲) اگر نسبت جائداد مملوکہ شفیع بعد ڈگری شفعہ بدوران اپیل کسی عدالت سے حکم ہوا کہ اوسپر شفیع کا کوئی حق ملکیت نہین ہے تو ڈگری شفعہ بیکار و کالعدم ہو جائیگی - (ویکلی نوٹس صفحہ ۱۶۹ بابت ۱۸۸۴ء)

عمارت اور نخلستان مین اگر وہ بغیر زمین کے فروخت کئے جائین تو شفعہ کا حق نہین قایم ہوتا غرض حق شفعہ کی یہہ ہے کہ غیر شخص کو بطور حصہ جائداد مذکور کے مداخلت حاصل نہو - اشخاص مفصلہ ذیل شفعہ کا دعوی کرسکتے ہین - خلیط فی نفس المبیع خاص اوس جائداد کا شریک یعنی جو جائداد فروخت ہوئی ہے اوسمین پہلے سے جو شخص شریک اور حصہ دار ہے وہ شفعہ کا دعوی کرسکتا ہے - مگر مشتری بھی شریک اور حصہ دار ہوگا تو دوسرا شریک شرعاً شفعہ کا دعوی نہین کرسکتا (انڈین لارپورٹ کلکتہ جلد ۴ صفحہ ۸۳) مذہب امامیہ مین حق شفعہ اوس صورت مین حاصل نہین ہوسکتا جبکہ جائداد دو سے زائد شرکا کی ہو (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۱۲ صفحہ ۲۲۹)

خلیط فی حق المبیع یعنی حق جائداد مبیعہ مین جو شخص شریک ہو وہ دعوی شفعہ کرسکتا ہے

Marfat.com

جیسے پانی کے حق یا راہ کے حق کا شریک یعنی نہر یا کنوان یا گلی کوچہ مین تو شریک نہین ہے لیکن پانی لینے کا رستہ چلنے کا حق ہے وہ دعوی شفعہ کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ کنوان وغیرہ جس سے پانی لیا جاتا ہے (جو فروخت کیا گیا ہے) اور وہ گلی کوچہ خاص ہو شارع عام اور بڑی نہر مین حق شفعہ نہین پہونچتا۔ خلیط جار ملاصق یعنی شریک ہمسایہ جسکی دیوار سے دیوار ملی ہو اور اسکے مکان کا دروازہ دوسری طرف ہو وہ دعوی شفعہ کا کر سکتا ہے۔ اگر ایک شخص کی چھت کی کڑیان پٹیان دوسرے کی دیوار پر رکھی ہون تو وہ بھی شریک ہمسایہ تصور ہوگا نہ شریک حق بیع۔ جو ہمسایہ دیوار مین شریک ہو وہ اور ہمسایوں پر مقدم نہ ہوگا۔ شریک مقدم ہے ہمسایہ پر۔ مذہب امامیہ مین خلیط جار شفیع نہین ہوتا۔ جسوقت بیع کا حال معلوم ہو فوراً شفعہ طلب کرنا چاہیے۔ اگر بیع کا حال معلوم ہونے کے بعد مشتری کو سلام کیا تو شفعہ باطل ہو جائیگا کیونکہ اسکو سلام پر بھی مقدم کرنا چاہیے۔ اگر شروع خط یا نصف خط مین حال بیع لکھا ہے اور یہہ شخص سارا خط پڑھتا رہا فوراً شفعہ طلب نہ کیا شفعہ باطل ہوگیا۔ طلب شفعہ کے واسطے ضرور ہے کہ یہہ کہے کہ مین شفعہ کا طالب ہون یا اور ایسے الفاظ جنسے طلب شفعہ سمجھی جائے علم بیع کے بعد شفعہ طلب کرنے کو طلب مُواثبت کہتے ہین۔ مُواثبت کے لغوی معنی ہین کودنا اور اصطلاح فقہ مین مراد ہے جلدی اوٹھ بولنا کہ مین شفعہ کا طالب ہون ایک شخص نے خبر بیع سننے کے بعد ۲۴ گھنٹہ تک طلب شفعہ نہ کیا لہذا شفعہ باطل ہوگیا (انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ا صفحہ ۲۸۳)۔ طلب شفعہ وقت رجسٹری دستاویز روبرو رجسٹرار کافی تعمیل شرع کی ہے (رپورٹ ہائیکورٹ الہ آباد ۱۸۶۶ء صفحہ ۱۸۴) خبر بیع سنکر قبل شفعہ طلب کرنے کے موقع متنازعہ پر گیا۔ یا روپیہ لینے گھر گیا شفعہ

Marfat.com

باطل ہوا (ویکلی رپورٹ جلد ۱۳ صفحہ ۵۹) وصی یا طفل صغیر کا باپ طلب شفعہ سے سکوت کرے تو شفعہ باطل ہوگا۔ شفعہ کے عوض کچہ مال لینا شفعہ کو باطل کرتا ہے اور مال لازم نہین آتا۔ اگر خبر بیع سنکر اسوجہ سے توقف ہوا کہ یہہ خبر صحیح ہے یا غلط تو حق شفعہ زائل نہین ہوا اور قانون کی روسے تھوڑا سا توقف واسطے غور کے عطا ہوا ہے (بنگال لارپورٹ جلد ۴ صفحہ ۳۴۴ ویکلی رپورٹ جلد ۱۳ صفحہ ۲۹۹) اگر جائداد بائع کے قبضہ مین ہو تو بائع پر ورنہ مشتری پر استشہاد کرے لغت مین استشہاد کے معنی ہین گواہی چاہنا اور اصطلاح شرع مین مراد ہے جلسہ عام مین یہہ بات کہے کہ (فلان شخص نے فلان مکان خرید کیا اور مین اوسکا شفیع ہون اور شفعہ طلب کرچکا ہون اور اب طلب کرتا ہون تم میرے گواہ رہو) اسکو طلب تقریر بھی کہتے ہین اور طلب استحقاق بھی بولتے ہین۔ اگر شفیع قادر ہو اور باوجود قدرت استشہاد بذریعہ تحریر یا بارسال قاصد کرے اور گواہ نکرے تو شفعہ باطل ہوگا۔ اور اگر شفیع قادر نہ ہو تو شفعہ باطل نہوگا۔ شفیع کو اختیار ہے کہ رسم استشہاد صرف بموجودگی مشتری بجالائے گو اوسکا قبضہ نہو (انڈین لارپورٹ کلکتہ جلد ۱۰ صفحہ ۹۰)

اگر دعویدار شفعہ نے گواہون کے روبرو طلب مواثبت کی لیکن اوس وقت نہ تو وہ جائداد مبیعہ پر موجود تھا نہ بائع یا مشتری کے پاس۔ تو حق شفعہ نہین ہے (انڈین لارپورٹ کلکتہ جلد ۱۰ صفحہ ۱۰۸)۔

طلب شفعہ سے پہلے شفیع کے مرجانے سے شفعہ باطل ہوجاتا ہے۔ جس زمین یا گھر کی وجہ سے شفعہ طلب کیا تھا اوسکو قبل حکم عدالت بیچڈالنے یا مسجد یا قبرستان یا وقف کردینے سے شفعہ باطل ہوتا ہے۔ اگر جائداد مبیعہ کو مشتری سے بطور

Marfat.com

خود خرید کیا یا کرایہ پر لیا شفعہ باطل ہوگیا - جسکو حق شفعہ پہونچتا ہے وہ خود مشتری کا متولی ہو جائے تو حق شفعہ زائل ہو جاتا ہے - اگر یہ بتا یا کہ مشتری زید ہے اور اوسکی خریداری تسلیم کی پھر ظاہر ہوا کہ مشتری بکر ہے تو اب شفعہ طلب کر سکتا ہے - اگر بتایا کہ نصف مکان فروخت ہوا ہے اور تسلیم کیا پھر معلوم ہوا کہ کل مکان فروخت ہوا ہے تو اب شفعہ طلب کر سکتا ہے - چاہیئے کہ اول دعوی شفعہ یا طلب مواثبت کرے پھر اثبات بذریعہ گواہان بائع یا مشتری کے پاس یا جایداد مبیعہ پر کرے جسکو استشہاد کہتے ہین (انڈین لارپورٹ کلکتہ جلد ۷ صفحہ ۳۴۵) عدالت مین دعوی رجوع کرنے کو طلب خصومت یا طلب تملیک کہتے ہین اور شفعہ کا دعوی عدالت مین پیش کرنے کی میعاد امام محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے قول کے موافق ایک ماہ تک ہے - اور حضرت امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک کچھ میعاد نہین اور قانوناً شفعہ کے دعوی کی میعاد ایک سال ہے - دعوی شفعہ بابت ایک جزو جائداد مبیعہ نہین ہو سکتا (ویکلی رپورٹ جلد ۲ صفحہ ۲۸۵ و جلد ۱۱ صفحہ ۱۱۱) شفعہ کا دعوی شرعاً اوس وقت پیش ہو سکتا ہے جب کہ جملہ مراتب شرعی کی تعمیل عمل مین آئی ہو - (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۲۸۳) اگر کوئی خاص رواج متعلقہ شفعہ مخالف شرع نہ ہو تو مقدمہ لیے شرع محمدی متعلق ہوگی (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۹ صفحہ ۵۱۳) ہندو بائع کے مقابل مین نالش بربنائے شرع نہین ہو سکتی (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۵۶۴) شفیع اور بائع مسلمان مشتری ہندو وغیرہ اور قوم ہو تو شرع محمدی متعلق کیجائیگی (انڈین لارپورٹ جلد ۲ صفحہ ۷۷۹) ایک شفیع کا دوسرے شفیع کو اپنا حق دینا ناجائز ہی مگر اوس سے حق اس شفیع کا زائل ہو جاسے گا - بلا لحاظ دیگر اشخاص وحصہ داروں کے کل

Marfat.com

جائداد مبیعہ کے شفعہ کی نالش دائر کیجائے عدالت کا کام یہہ تجویز کرنے کا ہے کہ
کونسی نالش سبز ہونی چاہیے یا کس کی کسقدر ڈگری ہونا چاہیے (انڈین لارپورٹ
الہ آباد جلد ۶ صفحہ ۲۰۷ و ۳۷۵) اگر کسی حقیت کے حصہ دار نے ایک شریک اور ایک
شخص غیر کو اپنا حصہ فروخت کردیا تو مشتری حصہ دار حق شفعہ سے محروم ہوگیا اسوجہ
سے کہ ایک شخص غیر کو اوسنے اپنا شریک گردان لیا (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۴
صفحہ ۲۵۲ و انڈین لارپورٹ کلکتہ جلد ۱۵ صفحہ ۲۲۴) جب چند اشخاص مالک اوس
جائداد کے ہوں جسکے ذریعہ سے حق شفعہ پیدا ہوا ہے اور وہ نالش شفعہ کی کریں
تو یہہ سمجھنا چاہیئے کہ ہر شخص مساوی حق رکھتا ہے یہہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ بلحاظ اپنے
اپنے حصص کے دعویدار ہیں (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۷ صفحہ ۲۰۷) ایک حصہ دار
بغیر شمول دیگر حصہ داروں کے دعوی شفعہ کرسکتا ہے (ہیلن دای جسٹ باب ۶ صفحہ ۱۹۴
مطبوعہ ۱۸۶۵ء) اگر شفیع قبل از بیع اپنا دعوی چھوڑدے پھر بھی بعد بیع دعوی کرسکتا
ہے - اگر شفیع اپنے استحقاق کی بنا پر بغیر کرنے نالش کے اس خیال سے کہ نزاع
نہ ہو مشتری سے باداے زرثمن خرید کرنے کا اقرار کرے تو یہہ نہیں کہا جاسکتا
کہ وہ بیع پر راضی ہوا اور اوس نے حق شفعہ سے دست برداری کی (انڈین لارپورٹ
الہ آباد جلد ۱۶ صفحہ ۳۰۰) شفیع اگر نیک نیتی سے یہہ سمجھکر کہ قیمت مبیعہ زیادہ ظاہر کیگئی
ہے اوس قیمت پر جو بائع مشتری سے لینا ظاہر کرتا ہے لینے سے انکار کرے تو
حق شفعہ زائل نہیں ہوتا (انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۳ صفحہ ۲۳۶) شفیع قایم مقام
مشتری کے ہوتا ہے حیثیت خریدار نیلام اجراے ڈگری کی نہیں رکھتا لہذا مرتہن
کا حق ڈگری حق شفعہ ثابت ہوجانے سے جاتا نہیں رہتا اور وہ شفیع کو بیدخل کرسکتا ہے

Marfat.com

(انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۵ صفحہ ۸۶۔)
شفیع کو اختیار ہے کہ شفعہ کا دعوی نکرے۔ اگر مشتری نے بعد خریداری مکان مین کوئی عمارت زیادہ کی یا درخت لگاے اور پھر وہ مکان شفیع کو ملا تو شفیع اُس زیادہ عمارت اور درختون کی قیمت علاوہ اصل قیمت مکان کے مشتری کو ادا کرے یا زیادہ عمارت اوتارنے اور درختون کے کاٹ لینے کے واسطے کہے۔ اگر مشتری نے مکان لیکر وقف کردیا۔ یا ہبہ کردیا پھر وہ مکان شفیع کو ملا تو وہ ان تصرفات کو دور کرسکتا ہی مگر مسجد یا قبرستان کردینے کی حالت مین شفیع تصرف نہین کرسکتا۔ اور اگر مشتری نے زمین پر کھیت بویا ہی تو وہ نہ اوکھیڑا جاے گا اسوا سطیکہ وہ چند روز کے لیے ہی بلکہ مشتری اُس کھیت کے رکھائی وغیرہ کی اُجرت دیگا۔ اور اگر مکان بعد خرید کرنے مشتری کے خود بخود خراب ہو گیا ہو یا درخت اوکھڑ گئے ہون تو شفیع کو پوری قیمت ادا کرنا پڑیگی۔ اور اگر مشتری نے مکان مین زیادہ عمارت بنائی یا کچھہ تعمیر کی اور پھر وہ مکان سوا بائع کے اور کسی شخص کی ملک نکلا تو مشتری کو صرف اصلی قیمت واپس دلاے جائیگی۔ اور اگر کچھہ عمارت قصداً مشتری نے ڈہادی ہے تو مشتری کو اُسکی قیمت مجرا دینا پڑیگی۔ اگر مکان مین یا زمین پر درخت ہین اور اُنین پھل لگے ہوے ہین تو شرعاً مشتری پھلون کی قیمت علاوہ قیمت اُس مکان یا زمین کے نہین طلب کرسکتا۔ اگر مکان یا زمین وغیرہ کو فروخت کیا اور کسی قدر جانب مکان شفیع نہ بیچا تو شفعہ نہ قایم ہوگا۔ (بوجہ عدم اتصال) اگر کل مکان فروخت کیا اور تھوڑا سا حصہ اُس مکان کا جو متصل مکان شفیع کے ہی مشتری کو ہبہ کردیا اور اُس نے قبضہ کیا تو شفعہ نہ قایم ہوگا۔ اگر اول کسی قدر حصہ مکان کا فروخت کیا اور بعد کو باقی سب مکان جو متصل مکان شفیع تھا وہ فروخت کیا تو اب اِس حصہ مین شفعہ قایم نہو گا اسوا سطیکہ یہ دوبارہ خریداری بحیثیت خلیط فی المبیع کے کی ہی اور شریک

Marfat.com

کا حق ہمسایہ پر مقدم ہی۔ اگر کسیقدر حصہ مکان کا کل مکان کی قیمت دیکر فروخت کیا صرف روپیہ دو روپیہ قیمت مین سے کم کر دئیے پھر باقی مکان روپیہ دو روپیہ مین فروخت کیا تو شفیع کو اُس پہلے حصہ مین شفعہ طلب کرنے کا اور اُسی قدر قیمت ادا کرنے کا اختیار ہی۔ اگر مکان مشتری نے بقیمت کثیر خرید کیا اور پھر اُس قیمت کے عوض ایک تہان کپڑے کا دیدیا تو شفیع کو نقد قیمت دینا پڑیگی۔ قیمت کا نہ معلوم ہونا شفعہ کا مانع ہی مثلاً مشتری نے مکان بعوض زمین اور ایک مٹھی پیسون کے مول لیا اور بایع نے وہ قیمت لیکر اُسی جلسہ مین پیسے کہین گما دئے یہ نہ معلوم ہوا کہ وہ پیسے کس قدر تھے تو اب شفعہ نہین ہوسکتا اگر بایع ایک ہے اور مشتری چند تو شفیع کو ایک مشتری کا شفعہ لینا جایز ہے۔ اور اگر مشتری ایک ہی اور بایع چند تو شفیع یا سب مبیع لے یا سب چھوڑے۔ اگر منجملہ تین ہمسایون کے دو نے شفعہ کا دعوی کیا اور مکان اُنکو مساوی تقسیم کر دیا گیا پھر تیسرے ہمسایہ نے دعوی کیا تو بصورت ثبوت از سر نو تقسیم تین جگہ ہو کر تینون کو ملیگا —
باپ اگر طفل صغیر کے واسطے کوئی مکان وغیرہ خرید کرے تو اُسکا شفعہ باطل نہین ہوتا۔ اگر مکان فروخت ہوا اور شفیع اُس مکان کی مالکیت کا بھی دعویدار ہی تو یون کہے کہ یہ گھر میرا ہی اگر مجکو ملا تو بہتر ہے ورنہ مین شفعہ کا دعویدار ہون پس اگر اُسکی ملکیت ثابت ہوئی تو ٹھیک ہی ورنہ شفعہ کا دعوی کر سکتا ہی۔ اگر مشتری نے باغ خرید کیا اور اُسمین پھل آئے اور اُس نے کھائے پھر شفیع غایب حاضر آیا اور وہ باغ اسکو ملا تو دیکھا جائیگا کہ اگر مشتری کے قبضہ کے وقت پھل لگے ہوئے تھے تو شفیع قیمت پھلون کی کم کر کر دیگا ورنہ پوری قیمت مشتری کو دیگا۔

Marfat.com

حضرات

کیا عجب کہ اور بھی غلطیان رہگئی ہون میری کم استعدادی اور عجلت طبع سے جو کچھ نہ ہو تھوڑا ہے۔ درست کرلین اور معاف فرمائین۔

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵	۱۴	بیٹا پوتا	بیٹا پوتا۔ بیٹی پوتی
۶	۷	بیٹا پوتا (اور نیچے تک)	اولاد
۲۲	۱۱	دو ماہین	ایک مان ایک دادی
"	۱۲	ایک ایک مان کا ایک ایک مان کا	ایک مان کا ایک دادی کا
"	۱۵	ہر ایک مان کو	مان اور دادی کو
"	حاشیہ مسئلہ نمبر ۳	مان ۱/۶ مان ۱/۶	مان ۱/۶ دادی ۱/۶
"	حاشیہ مسئلہ نمبر ۴	مسئلہ ۶ عول ۱۴ مان ۱/۶ مان ۱/۶ دادی ۱/۶۔ ہ بیٹیان ۲/۳	مسئلہ ۶ عول ۱۴ مان ۱/۶ دادی ۱/۶ اخیافی بہن ۱/۶ ہ حقیقی بہنین ۲/۳

Marfat.com

حضرات

کیا عجب کہ اور بھی غلطیاں رہ گئی ہوں میری کم استعدادی اور عجلت طبع سے جو کچھ نہ ہو تھوڑا ہے۔ درست کر لیں اور معاف فرمائیں۔

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵	۱۴	بیٹا پوتا	بیٹا پوتا۔ بیٹی پوتی
۶	۷	بیٹا پوتا (اور نیچے تک)	اولاد
۲۲	۱۱	دو بہن	ایک ماں ایک دادی
〃	۱۲	ایک ایک ماں کا ایک ایک ماں کا	ایک ماں کا ایک دادی کا
〃	۱۵	ہر ایک ماں کو	ماں اور دادی کو
〃	حاشیہ مسئلہ نمبر ۳	ماں ١/٢ ماں ١/٢	ماں ١/٢ دادی ١/٢
〃	حاشیہ مسئلہ نمبر ۴	مسئلہ ٦ عول ۱۴ ماں ١/٢ ماں ١/٢ دادی ١/٢ ۔ ۴ بیٹیاں ٢/٣	مسئلہ ٦ عول ۱۴ ماں ١/٢ دادی ١/٢ اخیافی بہن ١/٢ ۲ حقیقی بہنیں ٢/٣

Marfat.com

اقرؤا القرآن بلحون العرب واصواتها

هزاران هزار شکر بدرگاه کارساز که دریں ایام میمنت فرجام

در سنه ۱۲[illegible] هجری ماه جمادی الثانی مطابق سنه [illegible] عیسوی

این رساله فیض عجاله عذیب المنابع کثیر المنافع مسمی

بمیزان حروف الهجا فی مشابهة الضاد والظاء

حسب فرمایش جناب مستطاب معلی القاب فخر الدوله

نواب مرزا علاؤالدین احمد خان صاحب بهادر رئیس لوهارو

از تصنیفات جامع کمالات قامع بدعات مولوی محمد امام الدین شرح الله صدره بنور الیقین

در مطبع بدر الدجی دهلی باهتمام خواجه قمر الدین خان طبع شد

Marfat.com